


# ٱلۡحَدِيد Al-Hadid

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

The Surah takes its title from the sentence, *Wa anzalnal-hadida*, of verse 25.

## Period of Revelation

This is unanimously a Madani Surah, and a study of its subject matter shows that it was probably revealed some time during the interval between the battle of Uhud and the truce of Hudaibiyah. This was the time when the tiny Islamic State of Al-Madinah had been hemmed in by the disbelievers and the handful of the ill equipped Muslims were entrenched against the combined power of entire

**Arabia. In this state Islam not only stood in need of the sacrifice of life from its followers, but it also needed monetary help and assistance. In this Surah a forceful appeal has been made for the same. This view is further strengthened by verse 10 in which Allah has addressed the believers to the effect: Those of you who would spend and fight after the victory can never be equal to those who have spent and fought before the victory. And the same is supported by the traditions that Ibn Marduyah has related on the authority of Anas. In respect of the verse: *Alam yani lilladhina aamanu an takhshaa qulubu-hum li-dhikrillahi*, he says that 17 years after the commencement of the revelation of the Quran this verse was sent down to arouse the believers to action. Reckoned thus the period of the revelation of this Surah falls between the 4th and the 5th year after the hijrah.**

## Theme and Subject Matter

**The theme of this Surah is to exhort the Muslims to spend in the cause of Allah. At the most critical juncture of the history of Islam when it was engaged in a life and death struggle against Arab paganism, this Surah was revealed to persuade the Muslims to make monetary sacrifices in particular and to make them realize that Islam did not merely consist in verbal affirmation and some outward practices but its essence and spirit is sincerity towards Allah and His religion. The faith of the one who was devoid of this spirit and who regarded his own self and wealth as dearer to himself than Allah and His religion was hollow and therefore of little worth in the sight of Allah.**

**For this object, first the attributes of Allah Almighty have been mentioned so that the listeners may fully realize as to who is addressing them. Then, the following themes have been expressed in sequence:**

**1. The inevitable demand of the faith is that one should not shirk spending his wealth for the sake of Allah. This would not only be contrary to the faith but also wrong realistically. For the wealth indeed belongs to Allah, on which man has been given proprietary rights only as His vicegerent. Yesterday this wealth was in other people's possession, today it is with one particular man, and tomorrow it will pass into some one else's hand. Ultimately, it will go back to Allah, Who is the inheritor of everything in the universe. Only that much of this wealth will be of any use to a man, which he spends in the cause of Allah during the period it is in his possession.**

**2. Although making sacrifices for the sake of Allah is commendable in any case, the true worth of these sacrifices is determined by the nature of the occasion. There is an occasion when the power of paganism is overwhelming and there is a danger that it might subdue and overcome Islam completely; there is another occasion when Islam is in a stronger position in its struggle against un-Islam and the believers are attaining victories. Both these states are not equal as regards to their respective importance. Therefore, the sacrifices that are made in these different states would also not be equal. Those who sacrifice their lives and expend their wealth to further promote the cause of Islam when it is already strong cannot attain to the rank of those**

**who struggled with their lives and their wealth to promote and uphold the cause of Islam when it was weak.**

**3. Whatever is spent for the cause of the truth is a loan on Allah, and Allah will not only return it increasing it manifold but will also give from Himself the best reward for it.**

**4. In the Hereafter the light shall be bestowed only on those believers who would have spent their wealth in the cause of Allah. As for the hypocrites who watched and served only their own interests in the world, and who least bothered whether the truth or falsehood prevailed will be segregated from the believers in the Hereafter although they might have lived in close association with them in the world. They will be deprived of the light, and they will be counted among the disbelievers.**

**5. The Muslims should not behave like those followers of the earlier Books, whose lives have been spent in the worship of the world and whose hearts have become hardened due to negligence with the passage of time. He cannot be a believer whose heart does not melt at the remembrance of Allah and does not bow to the truth sent down by Him.**

**6. The sincere upholders of the truth and the true witnesses of the faith in the sight of Allah are only those believers who spend their wealth in His way sincerely, without any desire of show.**

**7. The life of this world is only a short lived spring and a means of pride and show. Its sports and pastimes, its adornments and decorations, its pride of place, its wealth**

**and possessions, for which the people try to vie with one another, are transient. Its likeness is of the crop which flourishes and blooms, then turns pale and then finally is reduced to chaff. The everlasting life is the life hereafter when results of great consequence will be announced. Therefore, if one has to vie with another for something, one should strive for Paradise.**

**8. Whatever good man meets with and whatever hardship he suffers in the world, are pre-ordained by Allah. A true believer is he who does not lose heart in affliction and is not puffed up with pride in good times. It is the character of a hypocrite and disbeliever that he is puffed up with pride when Allah favors him with His blessings, behaves boastfully and shows stinginess when called upon to spend in the cause of the same God Who blessed him, and also counsels others to be stingy like himself.**

**9. Allah sent His Messengers with clear signs and the Book and the law of justice so that the people may adhere to justice; besides, He sent down iron also so that power may be used to establish the truth and vanquish falsehood. Thus, Allah likes to see as to who from among the people would rise to support and succor His true religion even at the risk of their lives. Allah has created these opportunities for man's own advantage and development; otherwise Allah does not stand in need of others for His works.**

**10. Prophets came from Allah in the past, and by their preaching some people adopted the right path, but most of them persisted in wickedness. Then the Prophet Jesus (peace be upon him) came, whose teachings brought about**

many moral improvements in the lives of the people, but his community invented monasticism. Now Allah has sent the Prophet Muhammad (peace be upon him). Those who affirm faith in him and pass their life fearing Allah's accountability, will be given by Allah a double share of His mercy and He will bless them with the light by which they will see and walk the straight path among the crooked paths met with at every step in the life of this world. Although the followers of the earlier revelation regard themselves as the monopolists of Allah's bounties, the fact remains that Allah Himself controls His bounties. He may bless with these whomever He pleases.

## نام

آیت 25 کے فقرے وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ سے ماخوذ ہے۔

## زمانۂ نزول

یہ بالاتفاق مدنی سورت ہے اور اس کے مضامین پر غور کرنے سے محسوس ہوتا ہے کہ غالباً یہ جنگ احد اور صلح حدیبیہ کے درمیان کسی زمانہ میں نازل ہوئی ہے۔ وہی زمانہ تھا جب مدینہ کی مختصر سی اسلامی ریاست کو ہر طرف سے کفار نے اپنے نرغے میں لے رکھا تھا اور سخت بے سر و سامانی کی حالت میں اہل ایمان کی مٹھی بھر جماعت پورے عرب کی طاقت کا مقابلہ کر رہی تھی۔ اس حالت میں اسلام کو اپنے پیروئوں سے صرف جانی قربانی ہی درکار نہ تھی بلکہ مالی قربانی بھی درکار تھی، اور اس سورۃ میں اسی قربانی کے لیے پرزور اپیل کی گئی ہے۔ اس قیاس کو آیت 10 مزید تقویت پہنچاتی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کی جماعت کو خطاب کر کے فرمایا ہے کہ فتح کے بعد جو لوگ اپنے مال خرچ کریں گے اور خدا کی راہ میں جنگ کریں گے وہ ان لوگوں کے برابر کبھی نہیں ہو سکتے جو فتح سے پہلے جان و مال کی قربانیاں دیں۔ اسی کی تائید حضرت اَنسؓ کی وہ روایت کرتی ہے جسے ابن مردویہ نے نقل کیا ہے اَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ

کے متعلق فرماتے ہیں کہ نزول قرآن کے آغاز سے 17 برس بعد اہل ایمان کو جھنجوڑنے والی یہ آیت نازل ہوئی اس حساب سے اسکا زمانہ نزول ۴ اور ۵ ہجری کے درمیان قرار پاتا ہے ۔

## موضوع اور مضمون

اس کا موضوع انفاق فی سبیل اللہ کی تلقین ہے ۔ اسلام کی تاریخ کے اس نازک ترین دور میں ، جبکہ عرب کی جاہلیت سے اسلام کا فیصلہ کن معرکہ برپا تھا، یہ سورۃ اس غرض کے لیے نازل فرمائی گئی تھی کہ مسلمانوں کو خاص طور مالی قربانیوں کے لیے آمادہ کیا جائے اور یہ بات ان کے ذہن نشین کرائی جائے کہ ایمان محض زبانی اقرار اور کچھ ظاہری اعمال کا نام نہیں ہے بلکہ اللہ اور اس کے دین کے لیے مخلص ہونا اس کی اصل روح اور حقیقت ہے ۔ جو شخص اس روح سے خالی ہو اور خدا اور اس کے دین کے مقابلہ میں اپنی جان و مال اور مفاد کو عزیز تر رکھے اس کا اقرار ایمان کھوکھلا ہے جس کی کوئی قدر و قیمت خدا کے ہاں نہیں ہے ۔ اس مقصد کے لیے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کی گئی ہیں تاکہ سامعین کو اچھی طرح یہ احساس ہو جائے کہ کس عظیم ہستی کی طرف سے ان کو مخاطب کیا جا رہا ہے ۔ اس کے بعد حسب ذیل مضامین سلسلہ وار ارشاد ہوئے ہیں ؛

ایمان کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ آدمی راہ خدا میں مال صرف کرنے سے پہلو تہی نہ کرے ۔ ایسا کرنا صرف ایمان ہی کے منافی نہیں ہے بلکہ حقیقت کے اعتبار سے بھی غلط ہے ۔ کیونکہ یہ مال دراصل خدا ہی کا مال ہے جس پر تم کو خلیفہ کی حیثیت سے تصرف کے اختیارات دیے گئے ہیں ۔ کل یہی مال دوسروں کے پاس تھا، آج تمہارے پاس ہے ، اور کل کسی اور کے پاس چلا جائے گا۔ آخر کار اسے خدا ہی کے پاس رہ جانا ہے جو کائنات کی ہر چیز کا وارث ہے ۔ تمہارے کام اس مال کا کوئی حصہ اگر آسکتا ہے تو صرف وہ جسے تم اپنے زمانہ تصرف میں خدا کے کام پر لگا دو۔

خدا کی راہ میں جان و مال کی قربانی دینا اگرچہ ہر حال میں قابل قدر ہے ، مگر ان قربانیوں کی قدر و قیمت مواقع کی نزاکت کے لحاظ سے متعین ہوتی ہے ۔ ایک موقع وہ ہوتا ہے جب کفر کی طاقت بڑی زبردست ہو اور ہر

وقت یہ خطرہ ہو کہ کہیں اسلام اس کے مقابلہ میں مغلوب نہ ہو جائے۔ دوسرا موقع وہ ہوتا ہے جب کفرو اسلام کی کشمکش میں اسلام کی طاقت کا پلڑا بھاری ہو جائے اور ایمان کو دشمنان حق کے مقابلہ میں فتح نصیب ہو رہی ہو۔ یہ دونوں حالتیں اپنی اہمیت کے لحاظ سے یکساں نہیں ہیں اس لیے جو قربانیاں ان مختلف حالتوں میں دی جائیں وہ بھی اپنی قیمت میں برابر نہیں ہیں ۔جو لوگ اسلام کے ضعف کی حالت میں اس کو سربلند کرنے کے لیے جانیں لڑائیں اور مال صرف کریں ان کے درجہ کو وہ لوگ نہیں پہنچ سکتے جو اسلام کے غلبے کی حالت میں اس کو مزید فروغ دینے کے لیے جان و مال قربان کریں ۔

راہ حق میں جو مال بھی صرف کیا جائے وہ اللہ کے ذمے قرض ہے ، اور اللہ اسے نہ صرف یہ کہ کئی گنا بڑھا چڑھا کر واپس دے گا بلکہ اپنی طرف سے مزید اجر بھی عنایت فرمائے گا۔

آخرت میں نور انہی اہل ایمان کو نصیب ہو گا جنہوں نے راہ خدا میں اپنا مال خرچ کیا ہو۔ رہے وہ منافق جو دنیا میں اپنے ہی مفاد کو دیکھتے رہے اور جنہیں اس بات کی کوئی پروا نہیں رہی کہ حق غالب ہوتا ہے یا باطل، وہ خواہ دنیا کی اس زندگی میں مومنوں کے ساتھ ملے جلے رہے ہوں ، مگر آخرت میں ان کو مومنوں سے الگ کر دیا جائے گا، نور سے وہ محروم ہوں گے اور ان کا حشر کافروں کے ساتھ ہو گا۔

مسلمانوں کو ان اہل کتاب کی طرح نہ ہو جانا چاہیے جن کی عمریں دنیا پرستی میں بیت گئی ہیں اور جن کے دل زمانہ دراز کی غفلتوں سے پتھر ہو گئے ہیں۔ وہ مومن ہی کیا جس کا دل خدا کے ذکر سے نہ پگھلے اور اس کے نازل کردہ حق کے آگے نہ جھکے ۔

اللہ کے نزدیک صدیق اور شہید صرف وہ اہل ایمان ہیں جو اپنا مال کسی جذبہ ریا کے بغیر صدق دل سے اس کی راہ میں صرف کرتے ہیں ۔

دنیا کی زندگی محض چند روز کی بہار اور ایک متاع غرور ہے ۔ یہاں کا کھیل کود، یہاں کی دلچسپیاں ،یہاں کی آرائش و زیبائش، یہاں کی بڑائیوں پر فخر، اور یہاں کا دھن و دولت، جس میں لوگ ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوششیں کرتے ہیں ، سب کچھ ناپائیدار ہے ۔اس کی مثال اس کھیتی کی سی ہے جو پہلے سرسبز ہوتی

ہے ، پھر زرد پڑ جاتی ہے اور آخر کار بھس بن کر رہ جاتی ہے ۔ پائیدار زندگی دراصل آخرت کی زندگی ہے جہاں بڑے نتائج نکلنے والے ہیں ۔ تمہیں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرنی ہے تو یہ کوشش جنت کی طرف دوڑنے میں صرف کرو۔

دنیا میں راحت اور مصیبت جو بھی آتی ہے اللہ کے پہلے کئے ہوئے فیصلے کے مطابق آتی ہے ۔ مومن کا کردار یہ ہونا چاہیے کہ مصیبت آئے تو ہمت نہ ہار بیٹھے ، اور راحت آئے تو اترا نہ جائے ۔ یہ تو ایک منافق اور کافر کا کردار ہے کہ اللہ اس کو نعمت بخشے تو وہ اپنی جگہ پھول جائے، فخر جتانے لگے ، اور اسی نعمت دینے والے خدا کے کام میں خرچ کرتے ہوئے خود بھی تنگ دلی دکھائے اور دوسروں کو بھی بخل کرنے کا مشورہ دے ۔

اللہ نے اپنے رسول کھلی کھلی نشانیوں اور کتاب اور میزان عدل کے ساتھ بھیجے تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوں، اور اس کے ساتھ لوہا بھی نازل کیا تاکہ حق قائم کرنے اور باطل کا سر نیچا کرنے کے لیے طاقت استعمال کی جائے ۔ اس طرح اللہ یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ انسانوں میں سے کون لوگ ایسے نکلتے ہیں جو اس کے دین کی حمایت و نصرت کے لیے اٹھ کھڑے ہوں اور اس کی خاطر جان لڑا دیں ۔ یہ مواقع اللہ نے تمہاری اپنی ہی ترقی و سرفرازی کے لیے پیدا کیے ہیں ، ورنہ اللہ اپنے کام کے لیے کسی کا محتاج نہیں ہے ۔

اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہلے انبیاء آتے رہے جن کی دعوت سے کچھ لوگ راہ راست پر آئے اور اکثر فاسق بنے رہے ۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام آئے جن کی تعلیم سے لوگوں میں بہت سی اخلاقی خوبیاں پیدا ہوئیں ، مگر ان کی امت نے رہبانیت کی بدعت اختیار کرلی ۔ اب اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا ہے ۔ ان پر جو لوگ ایمان لائیں گے اور خدا سے ڈرتے ہوئے زندگی بسر کریں گے ، اللہ ان کو اپنی رحمت کا دہرا حصہ دے گا اور انہیں وہ نور بخشے گا جس سے دنیا کی زندگی میں وہ ہر ہر قدم پر ٹیڑھے راستوں کے درمیان سیدھی راہ صاف دیکھ کر چل سکیں گے ۔ اہل کتاب چاہے اپنے آپ کو اللہ کے فضل کا ٹھیکہ دار سمجھتے رہیں ، مگر اللہ کا

فضل اس کے اپنے ہی ہاتھ میں ہے، اسے اختیار ہے جسے چاہے اپنے فضل سے نواز دے۔
یہ ہے ان مضامین کا خلاصہ جو اس سورت میں ایک ترتیب کے ساتھ مسلسل بیان ہوئے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. |
| سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١﴾ | تسبیح کی ہے اللہ کی اسنے جو ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔ *1 اور وہ ہے غالب حکمت والا۔ *2 | 1. Glorifies Allah whatever is in the heavens and the earth. *1 And He is the All Mighty, the All Wise. *2 |

*1 That is, it has always been so that everything in the universe has proclaimed the truth that its Creator and Sustainer is free from every blemish and defect, every weakness, error and evil. He is glorified in His essence, He is glorified in His attributes, He is glorified in His works as well as His commands whether they relate to the creation, or to the religious law for mankind. Here *sabbaha* has been used in the past tense; at other places *yusabbihu* has been used which includes both the present and the future tenses. This would signify that every particle in the universe has always been extolling the glory of its Creator and Sustainer in the past, is doing at present and will continue to do the same in the future forever and ever.

*1 یعنی ہمیشہ کائنات کی ہر چیز نے اس حقیقت کا اظہار و اعلان کیا ہے کہ اس کا خالق و پروردگار ہر عیب اور نقص اور کمزوری اور خطا اور برائی سے پاک ہے۔ اس کی ذات پاک ہے، اس کی صفات پاک ہیں، اس کے افعال پاک ہیں، اور اس کے احکام بھی، خواہ وہ تکوینی احکام ہوں یا شرعی، سراسر پاک ہیں۔ یہاں سَبَّحَ صیغہ

ماضی استعمال کیا گیا ہے، اور بعض دوسرے مقامات پر یُسَبِّحُ صیغہ مضارع استعمال ہوا ہے جس میں حال اور مستقبل دونوں کا مفہوم شامل ہے۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ کائنات کا ذرہ ذرہ ہمیشہ اپنے خالق و رب کی پاکی بیان کرتا رہا ہے، آج بھی کر رہا ہے، اور ہمیشہ کرتا رہے گا۔

***2 That is, not only is He All-Mighty and All-Wise, but the truth is that He alone is All-Mighty and All-Wise. The word *Aziz* signifies a mighty and powerful Being Whose decrees cannot be prevented by any power in the world from being enforced, Whom no one can oppose and resist, Who has to be obeyed by every one whether one likes it or not, Whose rebel cannot escape His accountability and punishment in any way. The word *Hakim* signifies that whatever He does, He does it wisely. His creation, His administration and rule, His commands and guidance, all are based on wisdom. None of His works is tarnished by any tract of folly or ignorance.**

**There is another fine point here, which one should fully understand. Seldom in the Quran has Allah's attribute of *Aziz* (All-Mighty) been accompanied by His attributes of being *Qawi* (Strong), *Muqtadir* (Powerful), *Jabber* (Omnipotent), *Dhuntiqam* (Avenger) and the like, which only signify His absolute power, and this has been so only in places where the context demanded that the wicked and disobedient be warned of Allah's relentless punishment. Apart from such few places, wherever the word *Aziz* has been used for Allah, it has everywhere been accompanied by one Or other of His attributes of being *Hakim* (Wise), *Alim* (Knower), *Rahim* (Merciful), *Ghafur* (Forgiving), *Wahhab* (Generous) and *Hamid* (Praiseworthy). The reason**

is that if a being who wields un-limited power is at the same time unwise, ignorant, un-forgiving as well as stingy and devoid of character, its power and authority cannot but lead to injustice and wickedness. Thus, wherever injustice and wickedness is being committed in the world, it is only because the one who wields authority over others, is either using his power un-wisely and foolishly, or he is merciless and hardhearted, or evil-minded and wicked. Wherever power is coupled with these evil traits of character, no good can be expected to result. That is why in the Quran Allah's attribute of *Aziz* has necessarily been accompanied by His attributes of being All-Wise and Knowing, Compassionate and Forgiving, Praiseworthy and Generous. So that man may know that the God Who is ruling this universe has, on the one hand, such absolute power that no one, from the earth to the heavens, can prevent His decrees from being enforced. But, on the other hand, He is also All-Wise: His each decision is based on perfect wisdom. He is also All-Knowing: whatever decision He makes, it is precisely according to knowledge. He is also Compassionate: He does not use infinite power mercilessly. He is Forgiving as well: He does not punish His creatures for trifling faults, but overlooks their errors. He is also Generous: He does not treat His subjects stingily, but liberally and benevolently. And He is also Praiseworthy: He combines in Himself all praiseworthy virtues and excellences.

The importance of this statement of the Quran can be better understood by those people who are aware of the discussions of the philosophy of politics and law on the

**question of sovereignty. Sovereignty connotes that the one who possesses it should wield un-limited power: there should be no internal and external power to change or modify his decision or prevent it from being enforced, and none should have any alternative but to obey him. At the mere concept of this infinite and un-limited power, man's common-sense necessarily demands that whoever attains to such power, should be faultless and perfect in knowledge and wisdom, for if the one holding this power is ignorant, merciless and evil, his sovereignty will inevitably lead to wickedness and corruption. That is why the philosophers, who regarded a single man, or a man-made institution, or an assembly of men as the holder of this power, have had to presume that he or it would be infallible. But obviously, neither can unlimited sovereignty be actually attained by a human power, nor is it possible for a king, or a parliament, or a nation, or a party that it may use the sovereignty attained by it in a limited circle faultlessly and harmlessly. The reason is that the wisdom that is wholly free of every trace of folly, and the knowledge that fully comprehends all the related truths, is not at all possessed even by entire mankind, not to speak of its being attained by an individual, or an institution, or a nation. Likewise, as long as man is man, his being wholly free of and above selfishness, sensuality, fear, greed, desires, prejudice and sentimental love, anger and hate is also not possible. If a person ponders over these truths, he will realize that the Quran is indeed presenting here a correct and perfect view of sovereignty. It says that no one except Allah in this**

**universe is possessor of absolute power, and with this unlimited power He alone is faultless, All-Wise and All-Knowing, Compassionate and Forgiving, and Praiseworthy and Generous in His dealings with Hid subjects.**

2*اصل الفاظ ہیں هُوَالْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ , لفظ هُوَ کو پہلے لانے سے خود بخود حصر کا مفہوم پیدا ہوتا ہے ، یعنی بات صرف اتنی ہی نہیں ہے کہ وہ عزیز اور حکیم ہے ، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ وہی ایسی ہستی ہے جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی۔ عزیز کے معنی ہیں ایسا زبردست اور قادر و قاہر جس کے فیصلے کو نافذ ہونے سے دنیا کی کوئی طاقت روک نہیں سکتی، جس کی مزاحمت کسی کے بس میں نہیں ہے ، جس کی اطاعت ہر ایک کو کرنی ہی پڑتی ہے خواہ کوئی چاہے یا نہ چاہے ، جس کی نا فرمانی کرنے والا اس کی پکڑ سے کسی طرح بچ ہی نہیں سکتا۔ اور حکیم کے معنی یہ ہیں کہ وہ جو کچھ بھی کرتا ہے حکمت اور دانائی کے ساتھ کرتا ہے ۔ اس کی تخلیق، اس کی تدبیر، اس کی فرمانروائی، اس کے احکام، اس کی ہدایات، سب حکمت پر مبنی ہیں ۔ اس کے کسی کام میں نادانی اور حماقت و جہالت کا شائبہ تک نہیں ہے ۔

اس مقام پر ایک لطیف نکتہ اور بھی ہے جسے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے ۔ قرآن مجید میں کم ہی مقامات ایسے ہیں جہاں اللہ تعالیٰ کی صفت عزیز کے ساتھ قوی، مقتدر، جبار اور ذو انتقام جیسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جن سے محض اس کے اقتدار مطلق کا اظہار ہوتا ہے ، اور یہ صرف ان مواقع پر ہوا ہے جہاں سلسلہ کلام اس بات کا متقاضی تھا کہ ظالموں اور نا فرمانوں کو اللہ کی پکڑ سے ڈرایا جائے۔ اس طرح کے چند مقامات کو چھوڑ کر باقی جہاں بھی اللہ تعالیٰ کے لیے عزیز کا لفاظ استعمال کیا گیا ہے ، وہاں اس کے ساتھ حکیم، علیم، رحیم، غفور، وہاب اور حمید میں سے کوئی لفظ ضرور لایا گیا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی ہستی ایسی ہو جسے بے پناہ طاقت حاصل ہو مگر اس کے ساتھ وہ نادان ہو، جاہل ہو، بے رحم ہو، درگزر اور معاف کرنا جانتی ہی نہ ہو، بخیل ہو، اور بدسیرت ہو تو اس کے اقتدار کا نتیجہ ظلم کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ دنیا میں جہاں کہیں بھی ظلم ہو رہا ہے اس کا بنیادی سبب یہی ہے کہ جس شخص کو دوسروں پر بالاتری حاصل ہے وہ یا تو اپنی طاقت کو نادانی اور جہالت کے ساتھ استعمال کر رہا ہے ، یا وہ بے رحم اور سنگدل ہے ، یا بخیل اور تنگ دل ہے ، یا بد خو اور بد کردار ہے ،

طاقت کے ساتھ ان بری صفات کا اجتماع جہاں بھی ہو وہاں کسی خیر کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ اسی لیے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کی صفت عزیز کے ساتھ اس کے حکیم و علیم اور رحیم و غفور اور حمید و وہاب ہونے کا ذکر لازماً کیا گیا ہے تاکہ انسان یہ جان لے کہ جو خدا اس کائنات پر فرمانروائی کر رہا ہے وہ ایک طرف تو ایسا کامل اقتدار رکھتا ہے کہ زمین سے لے کر آسمانوں تک کوئی اس کے فیصلوں کو نافذ ہونے سے روک نہیں سکتا، مگر دوسری طرف وہ حکیم بھی ہے، اس کا ہر فیصلہ سراسر دانائی پر مبنی ہوتا ہے۔ علیم بھی ہے، جو فیصلہ بھی کرتا ہے ٹھیک علم کے مطابق کرتا ہے۔ رحیم بھی ہے، اپنے بے پناہ اقتدار کو بے رحمی کے ساتھ استعمال نہیں کرتا۔ غفور بھی ہے، اپنے زیر دستوں کے ساتھ خُردہ گیری کا نہیں بلکہ چشم پوشی و درگزر کا معاملہ کرتا ہے۔ وہاب بھی ہے، اپنی رعیت کے ساتھ بخیلی کا نہیں بلکہ بے انتہا فیاضی کا برتاؤ کر رہا ہے۔ اور حمید بھی ہے، تمام قابل تعریف صفات و کمالات اس کی ذات میں جمع ہیں۔

قرآن کے اس بیان کی پوری اہمیت وہ لوگ زیادہ اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں جو حاکمیت (Sovereignty) کے مسئلے پر فلسفہ سیاست اور فلسفہ قانون کی بحثوں سے واقف ہیں۔ حاکمیت نام ہی اس چیز کا ہے کہ صاحب حاکمیت غیر محدود اقتدار کا مالک ہو، کوئی داخلی و خارجی طاقت اس کے حکم اور فیصلے کو نفاذ سے روکنے، یا اس کو بدلنے، یا اس پر نظر ثانی کرنے والی نہ ہو، اور کسی کے لیے اس کی اطاعت کے سوا کوئی چارہ کار نہ ہو۔ اس غیر محدود اقتدار کا تصور کرتے ہی انسانی عقل لازماً یہ مطالبہ کرتی ہے کہ ایسا اقتدار جس کو بھی حاصل ہو اسے بے عیب اور علم و حکمت میں کامل ہونا چاہیے۔ کیونکہ اگر اس اقتدار کا حامل نادان، جاہل، بے رحم، اور بدخو ہو تو اس کی حاکمیت سراسر ظلم و فساد ہو گی۔ اسی لیے جن فلسفیوں نے کسی انسان، یا انسانی ادارے، یا انسانوں کے مجموعے کو حاکمیت کا حامل قرار دیا ہے ان کو یہ فرض کرنا پڑا ہے کہ وہ غلطی سے مبرّا ہو گا۔ مگر ظاہر ہے کہ نہ تو غیر محدود حاکمیت فی الواقع کسی انسانی اقتدار کو حاصل ہو سکتی ہے، اور نہ یہی ممکن ہے کہ کسی بادشاہ، یا پارلیمنٹ، یا قوم، یا پارٹی کو ایک محدود دائرے میں جو حاکمیت حاصل ہو اسے وہ بے عیب اور بے خطا طریقے سے استعمال کر سکے۔ اس لیے کہ ایسی حکمت جس میں نادانی کا شائبہ نہ ہو اور ایسا علم جو تمام متعلقہ حقائق پر حاوی ہو، سرے سے پوری نوع انسانی ہی کو حاصل نہیں ہے کجا کہ وہ انسانوں میں سے کسی

شخص یا ادارے یا قوم کو نصیب ہو جائے۔ اور اسی طرح انسان جب تک انسان ہے اس کا خود غرضی، نفسانیت، خوف، لالچ، خواہشات، تعصب، اور جذباتی رضا و غضب اور محبت و نفرت سے بالکل پاک اور بالاتر ہونا بھی ممکن نہیں ہے۔ ان حقائق کو اگر کوئی شخص نگاہ میں رکھ کر غور کرے تو اسے محسوس ہو گا کہ قرآن اپنے اس بیان میں در حقیقت حاکمیت کا بالکل صحیح اور مکمل تصور پیش کر رہا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ''عزیز'' یعنی اقتدار مطلق کا حامل اس کائنات میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں ہے، اور اس غیر محدود اقتدار کے ساتھ وہی ایک ہستی ایسی ہے جو بے عیب ہے، حکیم و علیم ہے، رحیم و غفور ہے اور حمید و وہاب ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 2. His is the dominion of the heavens and the earth. He gives life and He causes death, and He, over all things, has power. | اسی کی ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ | لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ۚ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ‌ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۝٢ |
| 3. He is the First, and the Last, and the Manifest, and the Intimate.*3 And He, of all things, is the Knower. | وہی اول اور آخر اور ظاہر اور پوشیدہ *3 ۔ اور وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔ | هُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالۡبَاطِنُ‌ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ۝٣ |

*3 That is, when there was nothing, He was, and when there will be nothing, He will be. He is the most Manifest of all the manifests, for whatever manifests itself in the world, does so only by His attributes and His works and His light. And He is the Most Hidden of all the hidden, for not only do the senses fail to perceive Him but the intellect and

**thought and imagination also cannot attain to His essence and reality. The best commentary in this regard is a supplication of the Prophet (peace be upon him) which Imam Ahmad, Muslim, Tirmidhi, and Baihaqi have related on the authority of Abu Hurairah, and Hafiz Abu Yala Mosuli in his Musnad on the authority of Aishah:**

***Antal Awwal, fa-laisa qablaka shaiin; wa Antal Akhir fa-laisa ba daka shaiin; wa Antal Zahir, fa-laisa fauqaka shai in; wa Anfal Batin, fa laisa dunaka shaiin.*** **You alone are the First; none is before You; You alone are the Last: none is after You; You alone are the Exalted none is above You; You alone are the Hidden: none is more hidden than You.**

**Here, the question arises: How does this accord with the immortality and eternal life of the dwellers of Paradise and Hell mentioned in the Quran when Allah alone is the Last and Eternal? Its answer has been provided by the Quran itself: Everything is perishable except Allah Himself. (Surah Al-Qasas, Ayat 88). In other words no creature is immortal in its personal capacity; if a thing exists or continuous to exist, it does so because Allah keeps it so, and can exist only by His letting it exist; otherwise in its own capacity everything is perishable except Allah. Immortality in Heaven and Hell will not be bestowed upon somebody because he is immortal by himself, but because Allah will grant him eternal life. The same is true of the angels, they are not immortal by themselves. When Allah willed they came into existence, and will continue to exist only as long as He wills.**

**3*** یعنی جب کچھ نہ تھا تو وہ تھا اور جب کچھ نہ رہے تو وہ رہے گا۔ وہ سب ظاہروں سے بڑھ کر ظاہر ہے، کیونکہ

دنیا میں جو کچھ بھی ظہور ہے اسی کی صفات اور اسی کے افعال اور اسی کے نور کا ظہور ہے ۔ اور وہ ہر مخفی سے بڑھ کر مخفی ہے ، کیونکہ حواس سے اس کی ذات کو محسوس کرنا تو درکنار، عقل و فکر و خیال تک اس کی کنہ و حقیقت کو نہیں پا سکتے ۔ اس کی بہترین تفسیر نبی صلی اللہ علیہ و سلم کی ایک دعا کے یہ الفاظ ہیں جنہیں امام احمد، مسلم، ترمذی، اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرۃؓ سے اور حافظ ابو یعلیٰ موصلی نے اپنی مسند میں حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے :

وانت الاول فلیس قبلک شیءٍ — تو ہی پہلا ہے ، کوئی تجھ سے پہلے نہیں

وانت الاٰخر فلیس بعدک شیءٍ — تو ہی آخر ہے ، کوئی تیرے بعد نہیں

و انت الظاھر فلیس فوقک شیءٍ — تو ہی ظاہر ہے کوئی ، تجھ سے اوپر نہیں

و انت الباطن فلیس دونک شیءٍ — تو ہی باطن ہے ، کوئی تجھ سے مخفی تر نہیں

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں اہل جنت اور اہل دوزخ کے لیے خلود اور ابدی زندگی کا جو ذکر کیا گیا ہے اس کے ساتھ یہ بات کیسے نبھ سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ آخر ہے ، یعنی جب کچھ نہ رہے گا تو وہ رہے گا؟ اس کا جواب خود قرآن مجید ہی میں موجود ہے کہ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ (القصص۔88)۔ یعنی "ہر چیز فانی ہے اللہ کی ذات کے سوا"۔ دوسرے الفاظ میں ذاتی بقا کسی مخلوق کے لیے نہیں ہے ۔ اگر کوئی چیز باقی ہے یا باقی رہے تو وہ اللہ کے باقی رکھنے ہی سے باقی ہے ۔ اور اس کے باقی رکھنے ہی سے باقی رہ سکتی ہے ، ورنہ بذات خود اس کے سوا سب فانی ہیں ۔ جنت اور دوزخ میں کسی کو خلود اس لیے نہیں ملے گا کہ وہ بجائے خود غیر فانی ہے ، بلکہ اس لیے ملے گا کہ اللہ اس کو حیات ابدی عطا فرمائے گا۔ یہی معاملہ فرشتوں کا بھی ہے کہ وہ بذات خود غیر فانی نہیں ہیں ۔ جب اللہ نے چاہا تو وہ وجود میں آئے، اور جب تک وہ چاہے اسی وقت تک وہ موجود رہ سکتے ہیں ۔

| | | |
|---|---|---|
| هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ | وہ ہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پھر جلوہ افروز | 4. It is He who created the heavens and the |

اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

ہوا عرش پر *4۔ وہ جانتا ہے جو چیز داخل ہوتی ہے زمین میں اور جو نکلتی ہے اسمیں سے اور جو اترتی ہے آسمان سے اور جو چڑھتی ہے اس میں *5۔ اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں تم ہو *6 اور اللہ اسکو جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔

earth in six days, then ascended above the Throne. *4 He knows what goes into the earth and what comes out of it, and what comes down from the heaven and what goes up into it.*5 And He is with you wherever you may be. *6 And Allah, of what you do, is Seer.

*4 That is, He alone is the Creator of the universe as well as its Ruler. (For further explanation, see E.Ns 41, 42 of Surah Al-Aaraf; E.N. 4 of Suran Younus; E.Ns 2 to 5 of Surah Ar-Raad, E.Ns 11 to 15 of Surah HaMim As-Sajdah).

4*یعنی کائنات کا خالق بھی وہی ہے اور فرمانروا بھی وہی (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد دوم، الاعراف، حواشی 41۔ 42 یونس، حاشیہ 4۔ الرعد، حواشی 2 تا 5۔ جلد چہارم، حٰم السجدہ، حواشی 11 تا 15)۔

*5 In other words, He is not only the Knower of the all but also of the parts. He knows each seed that goes under the layers of the soil, each leaf and bud that comes out of the soil, each rain-drop that falls from the sky, and each molecule of the vapor that ascends from the seas and lakes to the sky. He is aware of every seed lying anywhere under

the soil. That is how He causes it to split and sprout up and develop. He is aware of how much vapor has risen from each different place and where it has reached. That is how he collects it into cloud and distributes it and causes it to fall as rain in due measure on different place of the earth. The same is true of the details of everything that goes into the earth and comes out of it, and of everything that ascends to the sky and descends from it. If all this were not comprehended by Allah in His knowledge, it would not be possible for Him to plan and order each thing separately and to regulate and control it in a wise manner.

*5 بالفاظ دیگر وہ محض کلیات ہی کا عالم نہیں ہے بلکہ جزئیات کا علم بھی رکھتا ہے ۔ ایک ایک دانہ جو زمین کی تہوں میں جاتا ہے ، ایک ایک پتی اور کونپل جو زمین سے پھوٹتی ہے ، بارش کا ایک ایک قطرہ جو آسمان سے گرتا ہے ، اور بخارات کی ہر مقدار جو سمندروں اور جھیلوں سے اٹھ کر آسمان کی طرف جاتی ہے ، اس کی نگاہ میں ہے اس کو معلوم ہے کہ کونسا دانہ زمین میں کس جگہ پڑا ہے ، تبھی تو وہ اسے پھاڑ کر اس میں سے کونپل نکالتا ہے اور اسے پرورش کر کے بڑھاتا ہے ۔ اس کو معلوم ہے کہ بخارات کی کتنی کتنی مقدار کہاں کہاں سے اٹھی ہے اور کہاں پہنچی ہے ، تبھی تو وہ ان سب کو جمع کر کے بادل بناتا ہے اور زمین کے مختلف حصوں پر بانٹ کر ہر جگہ ایک حساب سے بارش برساتا ہے ۔ اسی پر ان دوسری تمام چیزوں کی تفصیلات کو قیاس کیا جا سکتا ہے جو زمین میں جاتی اور اس سے نکلتی ہیں اور آسمان کی طرف چڑھتی اور اس سے نازل ہوتی ہیں ۔ ان سب پر اللہ کا علم حاوی نہ ہو تو ہر چیز کی علیحدہ علیحدہ تدبیر اور ہر ایک کا انتہائی حکیمانہ طریقہ سے انتظام کیسے ممکن ہے ۔

*6 That is, nowhere are you outside Allah's knowledge, His power, His rule, His management and administration. Allah knows wherever you are, whether in the earth, or the air, or the water, or in a secret place. Your being alive

there is by itself a proof that Allah is providing for you in that very place. If your heart is beating, if your lungs are breathing, if yow hearing and yow sight are functioning, it is only because all parts of yow body are working under Allah's rule. And if death comes to you at any place; it comes because Allah takes a decision to stop providing for you and to recall you from the world.

6*یعنی کسی جگہ بھی تم اس کے علم، اس کی قدرت، اس کی فرمانروائی اور اس کی تدبیر و انتظام سے باہر نہیں ہو۔ زمین میں ، ہوا میں ، پانی میں ، یا کسی گوشہ تنہائی میں ، جہاں بھی تم ہو، اللہ کو معلوم ہے کہ تم کہاں ہو۔ وہاں تمہارا ہونا بجائے خود اس کی علامت ہے کہ اللہ اسی جگہ تمہاری زندگی کا سامان کر رہا ہے ۔ تمہارا دل اگر دھڑک رہا ہے ۔ تمہارے پھیپھڑے اگر سانس لے رہے ہیں ، تمہاری سماعت اور بینائی اگر کام کر رہی ہے تو یہ سب کچھ اسی وجہ سے ہے کہ اللہ کے انتظام سے تمہارے جسم کے سب کل پرزے چل رہے ہیں ۔ اور اگر کسی جگہ بھی تمہیں موت آتی ہے تو اسی وجہ سے آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہاری بقا کا انتظام ختم کر کے تمہیں واپس بلا لینے کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے ۔

| | | |
|---|---|---|
| 5. His is the dominion of the heavens and the earth. And unto Allah are brought back all matters. | اسی کی ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی ۔ اور اللہ کیطرف لوٹائے جاتے ہیں تمام معاملات۔ | لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۵ |
| 6. He causes to enter the night into the day and causes to enter the day into the night. And He | وہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں ۔ اور وہ واقف ہے اس سے | يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَ هُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۶ |

| | | |
|---|---|---|
| | جودلوں میں ہے۔ | is Knower of what is in the breasts. |
| اٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَ رَسُوۡلِهٖ وَاَنۡفِقُوۡا مِمَّا جَعَلَكُمۡ مُّسۡتَخۡلَفِيۡنَ فِيۡهِ ؕ فَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ وَ اَنۡفَقُوۡا لَهُمۡ اَجۡرٌ كَبِيۡرٌ ۝۷ | ایمان لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول پر *7 اور خرچ کرو *8 اسمیں سے بنایا ہے اسنے تمکو جانشین جسمیں۔پس جو ایمان لائے تم میں سے اور خرچ کرتے رہے *10 ان کے لئے ثواب ہے بہت بڑا۔ | 7. Believe in Allah and His Messenger *7 and spend*8 of that He has made you successor whereof. So those who believed among you and spent, *10 for them is a great reward. |

*7 The addressees here are not the non-Muslims, but, as is borne out by the whole subsequent discourse, the Muslims who had affirmed the faith and joined the ranks of the believers, but were not fulfilling the demands of the faith and conducting themselves as true believers should. It is obvious that non-Muslims cannot be invited to affirm the faith and then immediately asked to subscribe generously to the cause of jihad for the sake of Allah, nor can they be told that whoever would fight and spend his wealth in the cause of Allah before the victory, would attain to a higher rank than him who would perform these services later, For, when a non-Muslim is invited to the faith, the preliminary demands of it only are presented before him and not the ultimate once, Therefore, in view of the context, the meaning of saying: “Believe in Allah and His messenger,” here would be: O people, who profess to have affirmed the faith and have joined the ranks of the Muslims, believe in

Allah and Messenger (peace be upon him) sincerely and conduct yourselves as the true and sincere believers should.

*7 یہ خطاب غیر مسلموں سے نہیں ہے، بلکہ بعد کی پوری تقریر یہ ظاہر کر رہی ہے کہ مخاطب وہ مسلمان ہیں جو کلمہ اسلام کا اقرار کر کے ایمان لانے والوں کے گروہ میں شامل ہو چکے تھے، مگر ایمان کے تقاضے پورے کرنے اور مومن کا سا طرز عمل اختیار کرنے سے پہلو تہی کر رہے تھے۔ ظاہر ہے کہ غیر مسلموں کو ایمان کی دعوت دینے کے ساتھ ہی فوراً ان سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ جہاد فی سبیل اللہ کے مصارف میں دل کھول کر اپنا حصہ ادا کرو، اور نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ تم میں سے جو فتح سے پہلے جہاد اور انفاق فی سبیل اللہ کرے گا اس کا درجہ ان لوگوں سے بلند تر ہو گا جو بعد میں یہ خدمات انجام دیں گے۔ غیر مسلم کو دعوت ایمان دینے کی صورت میں تو پہلے اس کے سامنے ایمان کے ابتدائی تقاضے پیش کیے جاتے ہیں نہ کہ انتہائی تقاضے۔ اس لیے اس کلام کے لحاظ سے یہاں اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اے وہ لوگو جو ایمان کا دعویٰ کر کے مسلمانوں کے گروہ میں شامل ہو گئے ہو، اللہ اور اس کے رسول کو سچے دل سے مانو اور وہ طرز عمل اختیار کرو جو اخلاص کے ساتھ ایمان لانے والوں کو اختیار کرنا چاہیے۔

*8 Here, by spending is not implied spending on public welfare, but, as is clearly borne out by the words of verse 10, it implies subscribing to the cause of the war effort that was being waged at that time under the leadership of the Prophet (peace be upon him) to uphold Islam against paganism. Two things, in particular, were such for which the Islamic Government at that time stood in great need of financial help. First, the war equipment; second, supporting and sustaining the oppressed Muslims, who, due to persecution by the disbelievers had emigrated, and were still emigrating, to Al-Madinah from every corner of

**Arabia, The sincere Muslims were trying their best to render as much help as they could but meeting the entire expenses in this regard was much beyond their means and resources, and their this same spirit of sacrifice has been commended in verses 10, 12, 18 and 19 below. But among the Muslims there were quite a number of well-to-do people, who were watching this struggle between Islam and paganism as mere spectators and had no feelings whatsoever that the faith they claimed to believe in also imposed certain rights on their life and wealth. This second kind of people are the addressees of this verse, They have been exhorted to believe sincerely, and to spend their wealth in the cause of Allah.**

**8***اس مقام پر خرچ کرنے سے مراد عام بھلائی کے کاموں میں خرچ کرنا نہیں ہے، بلکہ آیت نمبر10 کے الفاظ صاف بتارہے ہیں کہ یہاں اس سے مراد اس جدوجہد کے مصارف میں حصہ لینا ہے جو اس وقت کفر کے مقابلے میں اسلام کو بلند کرنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں برپا تھی۔ خاص طور پر دو ضرورتیں اس وقت ایسی تھیں جن کے لیے اسلامی حکومت کو مالی مدد کی سخت حاجت درپیش تھی ایک جنگی ضروریات۔ دوسرے ان مظلوم مسلمانوں کو سہارا دینا جو کفار کے ظلم وستم سے تنگ آکر عرب کے ہر حصے سے ہجرت کرکے مدینے آئے تھے اور آرہے تھے ۔ مخلص اہل ایمان ان مصارف کو پورا کرنے کے لیے اپنی ذات پر اتنا بوجھ برداشت کررہے تھے جو ان کی طاقت اور وسعت سے بہت زیادہ تھا، اور اسی چیز کی داد ان کو آگے آیات 10۔12۔18۔اور 19 میں دی گئی ہے ۔ لیکن مسلمانوں کے گروہ میں بکثرت اچھے خاصے کھاتے پیتے لوگ ایسے موجود تھے جو کفر واسلام کی اس کشمکش کو محض تماشائی بن کر دیکھ رہے تھے اور اس بات کا انہیں کوئی احساس نہ تھا کہ جس چیز پر ایمان لانے کا وہ دعویٰ کررہے ہیں اس کے کچھ حقوق بھی ان کی جان ومال پر عائد ہوتے ہیں ۔ یہ دوسری قسم کے لوگ اس آیت کے مخاطب ہیں ۔ ان سے کہا جارہا ہے کہ سچے مومن بنو اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو۔

***9 This has two meanings and both are implied here. The first meaning is: The wealth that you possess is not, in fact, your personal property but has been given to you by Allah. You are not its exclusive master and owner. Allah has given you proprietary right over it as His vicegerent. Therefore, you should have no hesitation in spending it in the service of the real Master. It is not for the vicegerent to withhold the Master's wealth from being spent for the Master's own sake. The second meaning is: Neither has this wealth been with you since ever, nor will it remain in your possession for ever, Yesterday it was in some other people's possession; then Allah made you their successor and entrusted it to you, A time will come when it will not remain with you but some other people will succeed you as its owners, Therefore, in this short-lived ownership, when you are its trustees, spend it in the cause of Allah so that in the Hereafter you may be rewarded for it permanently and eternally. This same thing has been stated by the Prophet (peace be upon him) in a Hadith. Tirmidhi relates that once a goat was slaughtered in the Prophet's (peace be upon him) house and its flesh was given away to the poor. When he came to the house and asked: What remains of the goat? Aishah replied: Nothing but a shoulder. Thereupon the Prophet (peace be upon him) remarked: Nay, the whole goat but the shoulder. That is, whatever has been given away for the sake of Allah, has, in fact, been saved. According to another Hadith, a person asked: O Messenger (peace be upon him) of Allah, what kind of charity brings the highest reward? He replied: That you should give away**

a thing in charity when you are hale and hearty: When you feel it could be saved and may like to invest it in the hope of earning more. Do not wait till death when you may say: Give this to so and so and that to so and so, for at that time the wealth has in any case to pass on to so and so. (Bukhari, Muslim). According to another Hadith, the Prophet (peace be upon him) said: Man says: My wealth! My wealth! whereas his own share in his wealth is no more than what he has eaten up, or worn away, or passed on in charity? Whatever remains will leave him and will be passed on to others (Muslim).

9* اس کے دو مطلب ہیں اور دونوں ہی یہاں مراد بھی ہیں ۔ ایک مطلب یہ ہے کہ جو مال تمہارے پاس ہے یہ دراصل تمہارا ذاتی مال نہیں بلکہ اللہ کا بخشا ہوا مال ہے ۔ تم بذاتِ خود اس کے مالک نہیں ہو، اللہ نے اپنے خلیفہ کی حیثیت سے یہ تمہارے تصرف میں دیا ہے ۔ لہٰذا مال کے اصل مالک کی خدمت میں اسے صرف کرنے سے دریغ نہ کرو۔ نائب کا یہ کام نہیں ہے کہ مالک کے مال کو مالک ہی کے کام میں خرچ کرنے سے جی چرائے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ یہ مال نہ ہمیشہ سے تمہارے پاس تھا نہ ہمیشہ تمہارے پاس رہنے والا ہے ۔ کل یہ کچھ دوسرے لوگوں کے پاس تھا، پھر اللہ نے تم کو ان کا جانشین بنا کر اسے تمہارے حوالہ کیا، پھر ایک وقت ایسا آئے گا جب یہ تمہارے پاس نہ رہے گا اور کچھ دوسرے لوگ اس پر تمہارے جانشین بن جائیں گے ۔ اس عارضی جانشینی کی تھوڑی سی مدت میں ، جبکہ یہ تمہارے قبضہ و تصرف میں ہے ، اسے اللہ کے کام میں خرچ کرو، تاکہ آخرت میں اس کا مستقل اور دائمی اجر تمہیں حاصل ہو۔ یہی بات ہے جس کو نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے ایک حدیث میں بیان فرمایا ہے ۔ ترمذی کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپ کے ہاں ایک بکری ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا گیا۔ آپؐ گھر میں تشریف لائے تو پوچھا بکری میں سے کیا باقی رہا؟ حضرت عائشہ نے عرض کیا مَابَقِيَ اِلَّا كَتِفُهَا ''ایک شانے کے سوا

کچھ نہیں بچا" فرمایابَقِیَ کُلُّھَا غَیْرُ کَتِفُھَا "ایک شانہ کے سوا ساری بکری بچ گئی"، یعنی جو کچھ خدا کی راہ میں صرف ہوا وہی دراصل باقی رہ گیا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ کس صدقے کا اجر سب سے زیادہ ہے ؟ فرمایا اَنْ تصدّق وانت صحیح شحیح تخشی الفقر و تأمل الغِنیٰ، ولا تمھل حتّٰی اذا بلغت الحلقوم قلت لفلان کذا ولفالن کذا وقد کان لفالن۔ "یہ کہ تو صدقہ کرے اس حال میں کہ تو صحیح وتندرست ہو، مال کی کمی کے باعث اسے بچا کر رکھنے کی ضرورت محسوس کرتا ہو اور اسے کسی کام میں لگا کر زیادہ کما لینے کی امید رکھتا ہو۔ اس وقت کا انتظار نہ کر کہ جب جان نکلنے لگے تو تو کہے کہ یہ فلاں کو دیا جائے اور یہ فلاں کو۔ اس وقت تو یہ مال فلاں کو جانا ہی ہے"۔ (بخاری و مسلم)۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا : یقول ابن اٰدم مالی مالی، وھل لک من مالک الاّ ما اکلت فافنیت، او لبست فابلیتَ، او تصدقت فامضیت؟ وما سویٰ ذٰلک فذاھب و تارکہ للناس۔ "آدمی کہتا ہے میرا مال، میرا مال۔ حالانکہ تیرے مال میں سے تیرا حصہ اس کے سوا کیا ہے جو تو نے کھا کر ختم کر دیا، یا پہن کر پرانا کر دیا، یا صدقہ کر کے آگے بھیج دیا؟ اس کے سوا جو کچھ بھی ہے وہ تیرے ہاتھ سے جانے والا ہے اور تو اسے دوسروں کے لیے چھوڑ جانے والا ہے" (مسلم)۔

***10 Here again, spending wealth in the cause of jihad has been regarded as an essential demand of the faith and a proof of one's sincerity in it, as if to say: The true and sincere believer is he who does not shirk spending wealth on such an occasion.**

*10 یہاں پھر جہاد میں مال خرچ کرنے کو ایمان کا لازمی تقاضا اور اخلاص فی الایمان کی ضروری علامت قرار دیا گیا ہے ۔ بالفاظ دیگر، گویا یہ فرمایا گیا ہے کہ حقیقی اور مخلص مومن وہی ہے جو ایسے موقع پر مال صرف کرنے سے جی نہ چرائے۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ | اور کیا ہوا ہے تمکو کہ نہیں تم ایمان | 8. And what is with you that you |

| | | |
|---|---|---|
| do not believe in Allah, while the Messenger is inviting you to believe in your Lord, *11 and indeed He has taken a covenant with you, *12 if you are believers. | لاتے اللہ پر *11 ۔حالانکہ رسول بلا رہے ہیں تمہیں کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر اور بیشک وہ لے چکا ہے عہد تم سے *12 اگر تم ہو ایمان والے ۔ | الرَّسُوۡلُ يَدۡعُوۡكُمۡ لِتُؤۡمِنُوۡا بِرَبِّكُمۡ وَ قَدۡ اَخَذَ مِيۡثَاقَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ۝۸ |

*11 That is, you are adopting this unbelieving attitude and conduct at a time when the Messenger (peace be upon him) of Allah is present among you, and you are receiving the invitation to the faith not through an indirect and remote means but directly through the Messenger (peace be upon him) of Allah himself.

*11 یعنی تم یہ غیر ایمانی روش اس حالت میں اختیار کر رہے ہو کہ اللہ کا رسولؐ خود تمہارے درمیان موجود ہے اور دعوت ایمانی تمہیں کسی دور دراز واسطے سے نہیں بلکہ براہ راست اللہ کے رسول کی زبان سے پہنچ رہی ہے ۔

*12 Some commentators have taken this pledge to imply the pledge of service to Allah, which had been taken at the beginning of creation from the future offspring of Adam (peace be upon him), and some others take it for the pledge with which man has been naturally endowed to serve and obey Allah. But the truth is that it implies the conscious pledge of obedience to Allah and His Messenger (peace be upon him) that every Muslim makes to his Lord by the

**affirmation of the faith. At another place in the Quran this same pledge has been referred to thus:**

**Keep in mind the blessing Allah has bestowed upon you and do not forget the solemn covenant which He made with you and which you confirmed, when you said: We have heard and submitted. Fear Allah for Allah knows the very secrets of the hearts. (Surah Al-Maidah, Ayat 7).**

**Ubadah bin Samit relates: The Messenger (peace be upon him) of Allah had made us pledge that we would listen and obey both in sound health and in ill health; would spend in the cause of Allah both in prosperity and in adversity; would enjoin the good and forbid the evil; would proclaim the truth for the sake of Allah and would not fear the blame of any one in this regard (Musnad Ahmad).**

**12***بعض مفسرین نے اس عہد سے مراد اللہ کی بندگی کا وہ عہد لیا ہے جو ابتدائے آفرینش میں آدم علیہ السلام کی پشت سے ان کی ذریت کو نکال کر لیا گیا تھا۔ اور بعض دوسرے مفسرین نے اس سے مراد وہ عہد لیا ہے جو ہر انسان کی فطرت اور اس کی فطری عقل میں اللہ کی بندگی کے لیے موجود ہے ۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ اس سے مراد اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کا وہ شعوری عہد ہے جو ہر مسلمان ایمان لا کر اپنے رب سے باندھتا ہے ۔ قرآن مجید میں ایک دوسری جگہ اس عہد کا ذکر ان الفاظ میں کیا گیا ہے :۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (المائدہ 7)-

یاد رکھو اس نعمت کو جو اللہ نے تم کو عطا کی ہے اور اس عہد و پیمان کو جو اللہ نے تم سے لیا ہے ، جبکہ تم نے کہا ’’ہم نے سنا اور اطاعت قبول کی ‘‘ اور اللہ سے ڈرو اللہ دلوں کا حال جانتا ہے ۔

حدیث میں حضرت عبادہ بن صامت کی روایت ہے کہ:

بَا يَعْنَا رَسُوْلَ اللہ صلی اللہ علیہ و سلم علی السمع و الطاعہ فی النشاط و الکسل و علی النفقہ فی العسر و الیسُر و علی الامر بالمعروف و النھی عن المنکر و علی ان نقول فی اللہ تعالیٰ و لا نخاف لَوْمتَ لَائمٍ (مسند احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے ہم سے اس بات پر بیعت لی تھی کہ ہم چستی اور سستی، ہر حال میں سمع و طاعت پر قائم رہیں گے ، خوشحالی اور تنگ حالی، دونوں حالتوں میں راہ خدا پر خرچ کریں گے ، نیکی کا حکم دینگے اور بدی سے منع کریں گے ، اللہ کی خاطر حق بات کہیں گے اور اس معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے ۔

| | | |
|---|---|---|
| هُوَ الَّذِیۡ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبۡدِہٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لِّیُخۡرِجَکُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰہَ بِکُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۹﴾ | وہ ہی ہے جو نازل فرماتا ہے اپنے بندے پر واضح آیتیں تاکہ نکال لائے تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف ۔ اور بیشک اللہ تم پر نہایت شفقت کرنے والا ہے مہربان ہے۔ | 9. It is He who sends down upon His servant manifest verses that he may bring you out from darkness into the light. And indeed, Allah is to you Most Kind, Most Merciful. |
| وَ مَا لَکُمۡ اَلَّا تُنۡفِقُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَ لِلّٰہِ مِیۡرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ لَا یَسۡتَوِیۡ مِنۡکُمۡ مَّنۡ اَنۡفَقَ مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ | اور کیا ہوا ہے تمکو کہ نہیں خرچ کرتے اللہ کے راستے میں حالانکہ اللہ ہی کی ہے وراثت آسمانوں اور زمین کی ۔ نہیں برابر تم میں وہ | 10. And what is with you that you do not spend in the cause of Allah. While to Allah belongs the heritage of the |

heavens and the earth *13 Not equal among you is he who spent before the victory (of Makkah) and fought. Such are higher in rank than those who spent afterwards and fought. And to all Allah has promised of good. *14 And Allah of whatever you do is Knower. *15

جس نے خرچ کیا فتح (مکہ) سے پہلے اور جنگ کی۔ یہ لوگ کہیں بڑھ کر ہیں درجہ میں ان لوگوں سے جنہوں نے خرچ کیا بعد میں اور جنگ کی۔ اور سب سے وعدہ کیا ہے اللہ نے بھلائی کا۔ اور اللہ اس سے جو تم کرتے ہو باخبر ہے۔

وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعۡظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيۡنَ اَنۡفَقُوۡا مِنۡۢ بَعۡدُ وَقٰتَلُوۡا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الۡحُسۡنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ ۝ 10

*13 This has two meanings:

(1) Your wealth is not going to stay with you forever. One day you will leave it behind; then Allah alone will inherit it. Thus the best thing would be that you should spend it yourself in the cause of Allah so that your reward for it is guaranteed with Allah. If you do not spend it yourself, it will in any case return to Allah, but then you will not be entitled to any reward from Him.

(2) You should have no fear of indigence and poverty when you spend it in the cause of Allah, because Allah for Whose sake you would spend your wealth is the Owner of all the treasures of the heavens and the earth. He possessed not only what He has bestowed on you today but has much

more to bestow on you tomorrow. This same thing has been expressed at another place, thus:
O Prophet, say to them: My Lord gives abundantly to whomever of His servants He wills and sparingly to whomever He wills. Whatever you spend, He replenishes it by other provisions: He is the best of Providers. (Surah Saba, Ayat 39).

13*اس کے دو مطلب ہیں ۔ ایک یہ کہ یہ مال تمہارے پاس ہمیشہ رہنے والا نہیں ہے ۔ ایک دن تمہیں لازماً اسے چھوڑ کر ہی جانا ہے اور اللہ ہی اس کا وارث ہونے والا ہے ، پھر کیوں نہ اپنی زندگی میں اسے اپنے ہاتھ سے اللہ کی راہ میں خرچ کر دو تاکہ اللہ کے ہاں اس کا اجر تمہارے لیے ثابت ہو جائے ۔ نہ خرچ کرو گے تب بھی یہ اللہ ہی کے پاس واپس جا کر رہے گا، البتہ فرق یہ ہو گا کہ اس پر تم کسی اجر کے مستحق نہ ہو گے ۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتے ہوئے تم کو کسی فقر اور تنگ دستی کا اندیشہ لاحق نہ ہونا چاہیے ، کیونکہ جس خدا کی خاطر تم اسے خرچ کرو گے وہ زمین و آسمان کے سارے خزانوں کا مال ہے ، اس کے پاس تمہیں دینے کو بس اتنا ہی کچھ نہ تھا جو اس نے آج تمہیں دے رکھا ہے ، بلکہ کل وہ تمہیں اس سے بہت زیادہ دے سکتا ہے یہی بات دوسری جگہ اس طرح فرمائی گئی ہے :

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (سبا۔ 39)۔

اے نبیؐ، ان سے کہو کہ میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے ، اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو اس کی جگہ وہی مزید رزق تمہیں دیتا ہے اور وہ بہترین رازق ہے ۔

*14 That is, although both are entitled to the reward, yet the former are necessarily higher in rank than the latter,

**for they faced greater risks for the sake of Allah in difficult circumstances, which the latter not. They spent their wealth at a time when there appeared no remote chance of victory that would compensate for their expenditure, and they fought the disbelieves at a critical time when there was an ever present apprehension that the enemy might overpower and crush the followers of Islam completely. Mujahid, Qatadah and Zaid bin Aslam, from among the commentators, say that the word victory in this verso has been used for the conquest of Makkah, and Amir Shabi says that it refers to the truce of Hudaibiyah. The former view has been adopted by most of the commentators, and in support of the latter this tradition from Abu Saeed Khudri is presented: During the time when the truce of Hudaibiyah was concluded, the Prophet (peace be upon him) said to us: In the near future there will appear the people whose deeds will make you look upon your own deeds as mean and trifling, but even if one of them possessed a mountain of gold and he spent all of it in the cause of Allah, he would not attain to your spending two pounds, or even one pound of it. (Ibn Jarir, Ibn Abi Hatim, Ibn Marduyah, Abu Nuaim Isfahani). Furthermore, it is also supported by the Hadith which Imam Ahmad has related on the authority of Anas. He says: Once a dispute arose between Khalid bin Walid and Hadrat Abdur Rahman bin Auf, in the course of which Khalid said to Abdur Rahman: You people assume your superiority over us on account of your past services. When this thing came to the Prophet's (peace be upon him) notice, he said: By God in whose hand is my lift, even if you**

**people spent gold equal (in weight) to Mount Uhud, or equal to other mountains, you would not attain to the deeds of these people. From this it is argued that in this verse victory refers to the truce of Hudaibiyah, for Khalid bin Walid had embraced Islam after this truce and had participated in the conquest of Makkah. However, whether victory in this particular case is taken to imply the truce of Hudaibiyah or the conquest of Makkah, in any case the verse does not mean that the distinction of the ranks is confined to this one victory alone, but as a general principle it shows that those who fight and spend in the cause of Islam at the time when disbelief and disbelievers appear to be dominant and Islam seems to have no remote chance of victory, are far superior in rank to those who make sacrifices after the conflict between Islam and paganism has been decided in favor of Islam.**

**14***یعنی اجر کے مستحق تو دونوں ہی ہیں ، لیکن ایک گروہ کا رتبہ دوسرے گروہ سے لازماً بلند تر ہے ، کیونکہ اس نے زیادہ سخت حالات میں اللہ تعالیٰ کی خاطر وہ خطرات مول لیے جو دوسرے گروہ کو درپیش نہ تھے ۔ اس نے ایسی حالت میں مال خرچ کیا جب دور دور کہیں یہ امکان نظر نہ آتا تھا کہ کبھی فتوحات سے اس خرچ کی تلافی ہو جائے گی، اور اس نے ایسے نازک دور میں کفار سے جنگ کی جب ہر وقت یہ اندیشہ تھا کہ دشمن غالب آکر اسلام کا نام لینے والوں کو پیس ڈالیں گے ۔ مفسرین میں سے مجاہد، قتادہ اور زید بن اسلم کہتے ہیں کہ اس آیت میں جس چیز کے لیے لفظ "فتح" استعمال کیا گیا ہے اس کا اطلاق فتح مکہ پر ہوتا ہے ، اور عامر شعبی کہتے ہیں کہ اس سے مراد صلح حدیبیہ ہے ۔ پہلے قول کو اکثر مفسرین نے اختیار کیا ہے ، اور دوسرے قول کی تائید میں حضرت ابو سعید خدری کی یہ روایت پیش کی جاتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے صلح حدیبیہ کے زمانہ میں فرمایا، عنقریب ایسے لوگ آنے والے ہیں جن کے اعمال کو دیکھ کر تم لوگ اپنے

اعمال کو حقیر سمجھو گے ، مگر لو کان لاحدھم جبل من ذھب فانفقہ ما ادرک مد احد کم ولا نصیفہ۔ "ان میں سے کسی کے پاس پہاڑ برابر بھی سونا ہو اور وہ سارا کا سارا خدا کی راہ میں خرچ کر دے تو وہ تمہارے دو رطل بلکہ ایک رطل خرچ کرنے کے برابر بھی نہ پہنچ سکے گا" (ان جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، ابو نعیم اصفہانی)۔ نیز اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جو امام احمدؒ نے حضرت انسؓ سے نقل کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت خالدؓ بن ولید اور حضرت عبد الرحمٰنؓ بن عوف کے درمیان جھگڑا ہو گیا۔ دوران نزاع میں حضرت خالد نے حضرت عبد الرحمٰنؓ سے کہا "تم لوگ اپنی پچھلی خدمات کی بنا پر ہم سے سبقت لیتے ہو"۔ یہ بات جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپؐ نے فرمایا "اس خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ، اگر تم لوگ احد کے برابر، یا پہاڑوں کے برابر سونا بھی خرچ کرو تو ان لوگوں کے اعمال کو نہ پہنچ سکو گے"۔ اس سے استدلال کیا جاتا ہے کہ اس آیت میں فتح سے مراد صلح حدیبیہ ہے ، کیونکہ حضرت خالدؓ اسی صلح کے بعد ایمان لائے تھا اور فتح مکہ میں شریک تھے ۔ لیکن اس خاص موقع پر فتح سے مراد خواہ صلح حدیبیہ لی جائے یا فتح مکہ، بہر حال اس آیت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ درجات کا یہ فرق بس اسی ایک فتح پر ختم ہو گیا ہے ۔ بلکہ اصولاً اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جب کبھی اسلام پر ایسا کوئی وقت آجائے جس میں کفر اور کفار کا پلڑا بہت بھاری ہو اور بظاہر اسلام کے غلبہ کے آثار دور دور کہیں نظر نہ آتے ہوں ، اس وقت جو لوگ اسلام کی حمایت میں جانیں لڑائیں اور مال خرچ کریں ان کے مرتبے کو وہ لوگ نہیں پہنچ سکتے جو کفر و اسلام کی کشمکش کا فیصلہ اسلام کے حق میں ہو جانے کے بعد قربانیاں دیں ۔

***15 That is, Allah does not bestow His favors blindly. Ho sees who has performed what deeds, under what kind of circumstances, and with what motive and then determines the rank and the reward of the deed of each person with full justice and awareness.**

*15 یعنی اللہ جس کو جو اجر اور مرتبہ بھی دیتا ہے یہ دیکھ کر دیتا ہے کہ کس نے کن حالات میں کس جذبے کے ساتھ کیا عمل کیا ہے ۔ اس کی بانٹ اندھی بانٹ نہیں ہے ۔ وہ ہر ایک کا درجہ اور اس کے عمل کا اجر پوری باخبری کے ساتھ تعین کرتا ہے ۔

| | | |
|---|---|---|
| 11. Who is it that will lend to Allah a goodly loan, then He may double it for him, and for him is a noble reward. *16 | کون ہے جو قرض دے اللہ کو قرض حسنہ تو وہ دگنا عطا کرے اسکو اور اسکے لئے ہے بہترین اجر *16 | مَّنۡ ذَا الَّذِىۡ يُقۡرِضُ اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَ لَهٗۤ اَجۡرٌ كَرِيۡمٌ ۚ ﴿۱۱﴾ |

*16 How Generous and Beneficent is Allah that if a man spends the wealth granted by Himself in His way, He calls it a loan Himself, provided that it is a good loan, that is, a loan which in given with a pure intention, without any selfish motive of winning reputation and renown, or of doing favor to somebody, but only for the sake of Allah's approval and to win His good-will and rewards. Allah makes two promises in this regard:

(1) That He will repay it increasing it manifold.

(2) That He will also give from Himself the best reward for it.

According to a Hadith reported by Abdullah bin Masud, when this verse was revealed and the people heard it from the Prophet (peace be upon him), Abud Dahdah Ansari asked: O Messenger (peace be upon him) of Allah, does Allah want a loan from us?" The Prophet (peace be upon him) replied: Yes, O Abud-Dahdah. He said: Kindly show me your hand. The Prophet (peace be upon him) extended his hand towards him. He took his hand in his own hand and said: I give away my garden in loan to my Lord. Abdullah bin Masud says that the garden had 600 date-palms and also his own house in which his family lived.

Saying this to the Prophet (peace be upon him) he went straight back home, and calling out to his wife said: Come out, O mother of Dahdah, I have loaned this garden to my Lord. She replied: Dahdah's father, you have made a good bargain, and she immediately vacated and left the garden with her children. (Ibn Abi Hatim). This incident throws light on the conduct of the sincere believers of that time, and from this one can also understand the kind of the good loan that Allah has promised to return increasing it manifold with a rich reward in addition.

16* یہ اللہ تعالیٰ کی شان کریمی ہے کہ آدمی اگر اس کے بخشے ہوئے مال کو اسی کی راہ میں صرف کرے تو اسے وہ اپنے ذمہ قرض قرار دیتا ہے ، بشرطیکہ وہ قرض حسن (اچھا قرض) ہو، یعنی خالص نیت کے ساتھ کسی ذاتی غرض کے بغیر دیا جائے، کسی قسم کی ریا کاری اور شہرت و ناموری کی طلب اس میں شامل نہ ہو، اسے دے کر کسی پر احسان نہ جتایا جائے، اس کا دینے والا صرف اللہ کی رضا کے لیے دے اور اس کے سوا کسی کے اجر اور کسی کی خوشنودی پر نگاہ نہ رکھے ۔ اس قرض کے متعلق اللہ کے دو وعدے ہیں ۔ ایک یہ کہ وہ اس کو کئی گنا بڑھا چڑھا کر واپس دے گا، دوسرے یہ کہ وہ اس پر اپنی طرف سے بہترین اجر بھی عطا فرمائے گا۔ حدیث میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی اور حضورؐ کی زبان مبارک سے لوگوں نے اس کو سنا تو حضرت ابو الدحداح انصاری نے عرض کیا یا رسول اللہ، کیا اللہ تعالیٰ ہم سے قرض چاہتا ہے ؟ حضورؐ نے جواب دیا، ہاں ، اے ابو الدحداح ۔ انہوں نے کہا، ذرا اپنا ہاتھ مجھے دکھایئے۔ آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ ان کی طرف بڑھا دیا۔ انہوں نے آپ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر کہا ''میں نے اپنے رب کو اپنا باغ قرض میں دے دیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ اس باغ میں کھجور کے 600 درخت تھے ، اسی میں ان کا گھر تھا، وہیں ان کے بال بچے رہتے تھے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات کر کے وہ سیدھے گھر پہنچے اور بیوی کو پکار کر کہا ''دحداح کی ماں ، نکل آؤ، میں نے یہ باغ اپنے رب کو قرض

دے دیا ہے'' وہ بولیں ''تم نے نفع کا سودا کیا دحداح کے باپ''، اور اسی وقت اپنا سامان اور اپنے بچے
لے کر باغ سے نکل گئیں (ابن ابی حاتم)۔ اس واقعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ مخلص اہل ایمان کا طرز عمل اس
وقت کیا تھا، اور اسی سے یہ بات بھی سمجھ میں آسکتی ہے کہ وہ کیسا قرض حسن ہے جسے کئی گنا بڑھا کر واپس
دینے اور پھر اوپر سے اجر کریم عطا کرنے کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔

يَوۡمَ تَرَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ
وَالۡمُؤۡمِنٰتِ يَسۡعٰى نُوۡرُهُمۡ
بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَبِاَيۡمَانِهِمۡ
بُشۡرٰٮكُمُ الۡيَوۡمَ جَنّٰتٌ
تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ
خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ
الۡعَظِيۡمُ ۚ ﴿۱۲﴾

جس دن تم دیکھو گے مومن
مردوں اور مومن عورتوں کو کہ دوڑ
رہا ہوگا ان کا نور ان کے آگے
اور ان کے داہنی طرف *17 (ان
سے کہا جائے گا) بشارت ہے تمکو
آج جنتوں کی بہ رہی ہیں جنکے نیچے
نہریں ہمیشہ رہیں گے ان میں۔
یہی ہے وہ کامیابی بڑی عظمت
والی۔

**12. On the Day you will see the believing men and the believing women, running forward their light, before them and on their right, *17 (it will be said to them) good news for you this day of Gardens, flowing underneath of which are rivers, to abide therein. Such is that the great success.**

***17 This and the following verses show that the light on the Day of Judgment will be specifically meant for the righteous believers only. As for the disbelievers and the hypocrites and the wicked people, they will be wandering about in the darkness as they had been in the world. The light there will be the light of righteous deeds. The sincerity**

**of the faith and the piety of the character and conduct will turn into light that will lend brightness to the personality of the virtuous. The brighter the deed the more luminous will be his person, and when he will walk towards Paradise, his light will be running forward before him. The best explanation of it is Qatadah's mursal tradition in which he says; The Prophet (peace be upon him) said: The light of some one will be so strong and sharp that it will be running on before him equal to the distance between Al-Madinah and Aden, of another equal to the distance between Madinah and Sana, and of another even less than that; so much so that there will be a believer whose light will jsut extend beyond his steps. (Ibn Jarir). In other words, the intensity of the light of a person will be proportionate to the extent of the good done and spread by him in the world, and the beams of his light will be running on before him in the Hereafter extending as far as his good will have extended in the world.**

**Here, a question may arise in the mind of the reader: One can understand the meaning of their light running on before the believers but what does their light running on only on their right hand mean? Will there be darkness on their left side? The answer is: When a man is walking with a light on his right hand, his left side also will be bright, though the fact of the matter is that the light will be on his right hand. This has been explained by the Hadith, which Abu Dharr and Abu Darda have reported, saying that the Prophet (peace be upon him) said: I shall recognize the righteous people of my ummah by their light which will be**

**running on before them and on their right and on their left. (Hakim, Ibn Abi Hatim, Ibn Marduyah).**

17*اس آیت اور بعد والی آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ میدان حشر میں نور صرف مومنین صالحین کے لیے مخصوص ہو گا، رہے کفار و منافقین اور فساق و فجار، تو وہ وہاں بھی اسی طرح تاریکی میں بھٹک رہے ہوں گے جس طرح دنیا میں بھٹکتے رہے تھے ۔ وہاں روشنی جو کچھ بھی ہوگی، صالح عقیدے اور صالح عمل کی ہوگی۔ ایمان کی صداقت اور سیرت و کردار کی پاکیزگی ہی نور میں تبدیل ہو جائے گی جس سے نیک بندوں کی شخصیت جگمگا اٹھے گی جس شخص کا عمل جتنا تابندہ ہو گا اس کے وجود کی روشنی اتنی ہی زیادہ تیز ہوگی اور جب وہ میدان حشر سے جنت کی طرف چلے گا تو اس کا نور اس کے آگے آگے دوڑ رہا ہو گا۔ اس کی بہترین تشریح قتادہ کی وہ مرسل روایت ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کسی کا نور اتنا تیز ہو گا کہ مدینہ سے عدن تک کی مسافت کے برابر فاصلے تک پہنچ رہا ہو گا، اور کسی کا نور مدینہ سے صنعاء تک، اور کسی کا اس سے کم، یہاں تک کہ کوئی مومن ایسا بھی ہو گا جس کا نور اس کے قدموں سے آگے نہ بڑھے گا" (ابن جریر)۔ بالفاظ دیگر جسکی ذات سے دنیا میں جتنی بھلائی پھیلی ہوگی اس کا نور اتنا ہی تیز ہو گا، اور جہاں جہاں تک دنیا میں اس کی بھلائی پہنچی ہوگی میدان حشر میں اتنی ہی مسافت تک اسکے نور کی شعاعیں دوڑ رہی ہونگی۔ یہاں ایک سوال آدمی کے ذہن میں کھٹک پیدا کر سکتا ہے ۔ وہ یہ کہ آگے آگے نور کا دوڑنا تو سمجھ میں آتا ہے ، مگر نور کا صرف دائیں جانب دوڑنا کیا معنی؟ کیا ان کے بائیں جانب تاریکی ہوگی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر ایک شخص اپنے دائیں ہاتھ پر روشنی لیے ہوئے چل رہا ہو تو اس سے روشن تو بائیں جانب بھی ہوگی مگر امر واقعہ یہی ہو گا کہ روشنی اس کے دائیں ہاتھ پر ہے ۔ اس بات کی وضاحت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث کرتی ہے جسے حضرت ابوذر اور ابوالدرداء نے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا أعرفهم بنورهم الذی یسعیٰ بین ایدیهم و عن أیمانهم و عن شمائلهم "میں اپنی امت کے صالحین کو وہاں ان کے اس نور سے پہچانوں گا جو ان کے آگے اور ان کے دائیں اور بائیں دوڑ رہا ہو گا " (حاکم، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ)۔

13. On that Day will say the hypocrite men and the hypocrite women to those who believed: "Look at us so we may borrow from your light." *18 It will be said: "Return behind you then seek light." Then shall be set up between them a wall that will have a gate. Inside of it will be mercy and outside of it from its front will be the punishment. *19

اس دن کہیں گے منافق مرد اور منافق عورتیں اہل ایمان سے دیکھو ہماری طرف کہ حاصل کریں ہم تمہاری روشنی سے *18 ۔ کہا جائے گا لوٹ جاؤ پیچھے کی طرف پس تلاش کرو نور ۔ پھر حائل کر دی جائے گی انکے درمیان ایک دیوار جسمیں ہو گا ایک دروازہ ۔ جو اسکی اندرونی جانب ہے اسمیں رحمت ہے اور جو اسکی بیرونی جانب ہے اسکی طرف ہے عذاب *19 ۔

يَوۡمَ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَالۡمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوا انۡظُرُوۡنَا نَقۡتَبِسۡ مِنۡ نُّوۡرِكُمۡ ۚ قِيۡلَ ارۡجِعُوۡا وَرَآءَكُمۡ فَالۡتَمِسُوۡا نُوۡرًا ؕ فَضُرِبَ بَيۡنَهُمۡ بِسُوۡرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيۡهِ الرَّحۡمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنۡ قِبَلِهِ الۡعَذَابُ ؕ ﴿۱۳﴾

*18 It means that when the believers will be going towards Paradise, the light will be before them, and the hypocrites will be stumbling about in the darkness behind. At that time they will call out to the believers, who lived with them together in the same Muslim society in the world, saying: Look back towards us awhile so that we also may get some light.

*18 مطلب یہ ہے کہ اہل ایمان جب جنت کی طرف جا رہے ہونگے تو روشنی ان کے آگے ہوگی اور پیچھے

منافقین اندھیرے میں ٹھوکریں کھا رہے ہونگے ۔ اس وقت وہ ان اہل ایمان کو جو دنیا میں ان کے ساتھ ایک ہی مسلم معاشرے میں رہتے تھے ، پکار پکار کر کہیں گے کہ ذرا ہماری طرف پلٹ کر دیکھو تاکہ ہمیں بھی کچھ روشنی مل جائے ۔

*19 This means that the people of Paradise will enter it through a gate and then the gate will be closed. On one side of the gate there will be the blessings of Paradise and on the other the torment of Hell. For the hypocrites it will not be possible to cross the barrier that will stand between them and Paradise.

*19 اس کا مطلب یہ ہے کہ اہل جنت اس دروازے سے جنت میں داخل ہو جائیں گے اور دروازہ بند کر دیا جائیگا۔ دروازے کے ایک طرف جنت کی نعمتیں ہونگی، اور دوسری طرف دوزخ کا عذاب ۔ منافقین کے لیے اس حد فاصل کو پار کرنا ممکن نہ ہو گا جو ان کے اور جنت کے درمیان حائل ہوگی ۔

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَ تَرَبَّصْتُمْ وَ ارْتَبْتُمْ وَ غَرَّتْكُمُ الْاَمَانِىُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَ غَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾

پکارینگے وہ انکو کیا نہ تھے ہم تمہارے ساتھ [20]۔ وہ کہیں گے ہاں لیکن تم نے فتنے میں ڈالا خود کو [21] اور منتظر رہے [22] اور شبہ کیا [23] اور دھوکے میں ڈالے رکھا تمکو آرزوں نے یہاں تک کہ آ پہنچا حکم اللہ کا [24] اور فریب دیتا رہا تمکو اللہ کے بارے میں فریبی (شیطان) ۔ [25]

14. They will call to them: "Were we not with you." [20] They will say: "Yes, but you led into temptation your own selves, [21] and you awaited, [22] and doubted, [23] and deluded you your wishful thinking until came the command of Allah, [24] and deceived

| | | |
|---|---|---|
| you about Allah the deceiver (Satan).” *25 | | |

*20 That is, did we not live with you together in the same Muslim society? Did we not affirm the faith? Did we not offer the Prayers along with you and observe the Fast and perform the Hajj and pay the Zakat? Did we not sit with you in your assemblies and were we not bound in marriage ties and kinship with you? Then, how is it that we have been separated from you today?

*20یعنی کیا ہم تمہارے ساتھ ایک ہی مسلم معاشرے میں شامل نہ تھے ؟ کیا ہم کلمہ گو نہ تھے ؟ کیا تمہاری طرح ہم بھی نمازیں نہ پڑھتے تھے ؟ روزے نہ رکھتے تھے ؟ حج اور زکوٰۃ ادا نہ کرتے تھے ؟ کیا تمہاری مجلسوں میں ہم شریک نہ ہوتے تھے ؟ تمہارے ساتھ ہمارے شادی بیاہ اور رشتہ داری کے تعلقات نہ تھے ؟ پھر آج ہمارے اور تمہارے درمیان یہ جدائی کیسی پڑگئی ؟

*21 That is, in spite of your claim to be Muslims, you never believed like true and sincere Muslims and remained suspended between belief and unbelief. You still had your interests attached to disbelief and the disbelievers and you never gave yourselves up wholly to Islam.

*21یعنی مسلمان ہو کر بھی تم مخلص مسلمان نہ بنے ، ایمان اور کفر کے درمیان لٹکتے رہے ، کفر اور کفار سے تمہاری دلچسپیاں کبھی ختم نہ ہوئیں ، اور اسلام سے تم نے کبھی اپنے آپ کو پوری طرح وابستہ نہ کیا۔

*22 *Tarabbus* (from which *tarabbastum* of the text is derived) means to wait and tarry for an opportunity. When a person is unable to decide which of the two alternative ways he should choose but stands and waits to consider which way should be more favorable for him to follow, he

is involved in *tarabbus*. The hypocrites had adopted the same attitude during the critical time of the conflict between Islam and un-Islam. Neither were they siding with disbelief openly nor were spending their energy to support and help Islam with full conviction. They were sitting on the fence, waiting to see which party in the conflict became dominant, so that if it was Islam they may join it on the basis of their affirmation of the faith, and if it was unbelief they may side with its supporters taking advantage of their neutral position in the conflict.

*22 اصل الفاظ ہیں تَرَبَّصْتُمْ۔ تَرَبُّص عربی زبان میں انتظار کرنے اور موقع کی تلاش میں ٹھیرے رہنے کو کہتے ہیں ۔ جب کوئی شخص دو راستوں میں سے کسی ایک پر جانے کا قطعی فیصلہ نہ کرے، بلکہ اس فکر میں کھڑا ہو کہ جدھر جانا مفید ہوتا نظر آئے اسی طرف چل پڑے، تو کہا جائے گا کہ وہ تربص میں مبتلا ہے ۔ منافقین نے کفر و اسلام کی کشمکش کے اس نازک دور میں یہی رویہ اختیار کر رکھا تھا۔ وہ نہ کھل کر کفر کا ساتھ دے رہے تھے ، نہ پورے اطمینان کے ساتھ اپنی طاقت اسلام کی نصرت و حمایت میں صرف کر رہے تھے ۔ بس اپنی جگہ بیٹھے یہ دیکھ رہے تھے کہ اس قوت آزمائی میں آخر کار پلڑا کدھر جھکتا ہے، تاکہ اسلام کامیاب ہوتا نظر آئے تو اس کی طرف جھک جائیں اور اس وقت مسلمانوں کے ساتھ کلمہ گوئی کا تعلق ان کے کام آئے، اور کفر کو غلبہ حاصل ہو تو اس کے حامیوں سے جا ملیں اور اسلام کی طرف سے جنگ میں کسی قسم کا حصہ نہ لینا اس وقت ان کے حق میں مفید ثابت ہو۔

*23 This implies different kinds of doubts that a hypocrite suffers from, and the same also are the actual causes of his hypocrisy. He doubts the existence of God, the Prophethood of the Prophet, the Quran's being Allah's book, the Hereafter, its accountability, and its rewards and punishments, and he doubts whether the conflict between the truth and falsehood is real, or a mere delusion; as for

himself he considers the only truth to be that one should enjoy life and its pleasures to the full. For unless a person is involved in such doubts he can never be a hypocrite.

23*اس سے مراد مختلف قسم کے شکوک میں جو ایک منافق کو لاحق ہوتے ہیں، اور وہی اس کی منافقت کا اصل سبب ہوا کرتے ہیں۔ اسے خدا کی ہستی میں شک ہوتا ہے۔ قرآن کے کتاب اللہ ہونے میں شک ہوتا ہے۔ آخرت اور وہاں کی باز پرس اور جزا و سزا میں شک ہوتا ہے اور اس امر میں شک ہوتا ہے کہ حق اور باطل کا یہ جھگڑا واقعی کوئی حقیقت بھی رکھتا ہے یا یہ سب محض ڈھکوسلے ہیں اور اصل چیز بس یہ ہے کہ خوش باش دمے کہ زندگانی این است۔ کوئی شخص جب ان شکوک میں مبتلا نہ ہو وہ کبھی منافق نہیں ہو سکتا۔

*24 This can have two meanings:

(1) Until death came to him, you could not shed this delusion till the last moment.

(2) That Islam became dominant, while you looked on unconcerned.

24*اس کے دو معنی ہوسکتے ہیں۔ ایک کہ تم کو موت آگئی اور مرتے دم تک تم اس فریب سے نہ نکلے۔ دوسرے یہ کہ اسلام کو غلبہ نصیب ہوگیا اور تم تماشا دیکھتے رہ گئے۔

*25 That is, Satan.

25*مراد ہے شیطان۔

| | | |
|---|---|---|
| فَالۡيَوۡمَ لَا يُؤۡخَذُ مِنۡكُمۡ فِدۡيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ؕ مَاۡوٰٮكُمُ النَّارُ ؕ هِىَ مَوۡلٰٮكُمۡ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۱۵﴾ | تو آج نہیں لیا جائے گا تم سے معاوضہ اور نہ انسے جنہوں نے کفر کیا *26 ۔ تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ وہی تمہاری رفیق ہے *27 ۔ اور وہ بری جگہ ہے۔ | 15. So today, shall not be accepted from you, a ransom, nor from those who disbelieved. *26 Your abode is the Fire. That will be your patron. *27 |

| | | |
|---|---|---|
| And worst is the destination. | | |

*26 This clearly shows that in the Hereafter the hypocrites will be doomed to the same fate as the disbelievers.

26*یہاں اس امر کی تصریح ہے کہ آخرت میں منافق کا انجام وہی ہو گا جو کافر کا ہو گا۔

*27 The words *hiya maula kum* (Hell is your *maula*) can have two meanings:
(1) That Hell is the only proper place for you.
(2) That you never took Allah as your *maula* (friend, patron) so that He may look after you. Now Hell only is your *maula*, therefore, Hell now will look after you.

27*اصل الفاظ میں هِيَ مَوۡلٰكُمۡ ، '' دوزخ ہی تمہاری مولیٰ ہے '' اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ۔ ایک یہ کہ وہی تمہارے لیے موزوں جگہ ہے ۔ دوسرا یہ کہ اللہ کو تو تم نے اپنا مولیٰ بنایا نہیں کہ وہ تمہاری خبر گیری کرے، اب تو دوزخ ہی تمہاری مولیٰ ہے، وہی تمہاری خوب خبر گیری کرے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| 16. Has the time not come for those who believed that their hearts should humble for the remembrance of Allah and what has come down of the truth, *28 and they should not be like those who were given the Scripture before, | کیا نہیں آیا وقت ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے کہ نرم ہوں انکے دل اللہ کی یاد کے لئے اور جو نازل ہوا ہے حق کیطرف سے *28اور نہ ہو جائیں وہ ان لوگوں کی طرح جنکو دی گئی تھی کتاب پہلے ۔ پھر گذر گیا ان پر طویل عرصہ تو سخت ہو گئے انکے دل ۔ اور اکثر | اَلَمۡ يَاۡنِ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنۡ تَخۡشَعَ قُلُوۡبُهُمۡ لِذِكۡرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الۡحَـقِّ ۙ وَلَا يَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ مِنۡ قَبۡلُ فَطَالَ عَلَيۡهِمُ الۡاَمَدُ فَقَسَتۡ |

| | | |
|---|---|---|
| then passed over them long ages so became hardened their hearts. And many among them are disobedient. *29 | ان میں سے نافرمان ہیں۔ *29 | قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ |

*28 Here again, the word believers is general, but it does not apply to all the Muslims; it refers to those particular Muslims who had professed the faith verbally and joined the followers of the Prophet (peace be upon him) though their hearts were devoid of any concern for Islam. They were watching that the pagan forces were bent upon wiping out Islam; they had encircled the handful of Muslims from all sides, who were being made the target of persecution everywhere in Arabia, and thus the oppressed Muslims were fleeing to Al-Madinah empty-handed for refuge; the sincere Muslims were extending to them whatever economic help they could; yet they were, at the same time, engaged in a life and death struggle with the enemy. But, in spite of this, these people who professed the faith were not being moved at all. So, here, they are being put to shame. As if to say: What kind of believers are you? At this critical juncture for Islam, is it not yet the time that your hearts should melt at the mention of Allah and be filled with the spirit of sacrifice for the sake of His religion. Can the believers be such that they have no feelings for Islam when it is confronted with hard times. That they may sit un-concerned when they are summoned in the name of Allah. That the hearts may neither tremble out of fear of Allah

nor bow to His command when He Himself should make an appeal for contributions in the Book sent down by Him, declaring it as a loan to Himself and plainly telling that the one who would regard his wealth as dearer than the cause of the true faith would be a hypocrite and not a believer.

*28 یہاں پھر "ایمان لانے والوں" کے الفاظ تو عام ہیں مگر ان سے مراد تمام مسلمان نہیں بلکہ مسلمانوں کا وہ خاص گروہ ہے جو ایمان کا اقرار کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماننے والوں میں شامل ہو گیا تھا اور اس کے باوجود اسلام کے درد سے اس کا دل خالی تھا۔ آنکھوں سے دیکھ رہا تھا کہ کفر کی تمام طاقتیں اسلام کو مٹا دینے پر تلی ہوئی ہیں، چاروں طرف سے انہوں نے اہل ایمان کی مٹھی بھر جماعت پر نرغہ کر رکھا ہے، عرب کی سرزمین میں جگہ جگہ مسلمان تختۂ مشق ستم بنائے جا رہے ہیں، ملک کے گوشے گوشے سے مظلوم مسلمان سخت بے سروسامانی کی حالت میں پناہ لینے کے لیے مدینے کی طرف بھاگے چلے آ رہے ہیں، مخلص مسلمانوں کی کمر ان مظلوموں کو سہارا دیتے دیتے ٹوٹی جا رہی ہے، اور دشمنوں کے مقابلے میں بھی یہی مخلص مومن سربکف ہیں، مگر یہ سب کچھ دیکھ کر بھی ایمان کا دعویٰ کرنے والا یہ گروہ ٹس سے مس نہیں ہو رہا تھا۔ اس پر ان لوگوں کو شرم دلائی جا رہی ہے کہ تم کیسے ایمان لانے والے ہو؟ اسلام کے لیے حالات نزاکت کی اس حد کو پہنچ چکے ہیں، کیا اب بھی وہ وقت نہیں آیا کہ اللہ کا ذکر سن کر تمہارے دل پگھلیں اور اس کے دین کے لیے تمہارے دلوں میں ایثار و قربانی اور سرفروشی کا جذبہ پیدا ہو؟ کیا ایمان لانے والے ایسے ہی ہوتے ہیں کہ اللہ کے دین پر برا وقت آئے اور وہ اس کی ذرا سی ٹیس بھی اپنے دل میں محسوس نہ کریں؟ اللہ کے نام پر انہیں پکارا جائے اور وہ اپنی جگہ سے ہلیں تک نہیں؟ اللہ اپنی نازل کردہ کتاب میں خود چندے کی اپیل کرے، اور اسے اپنے ذمہ قرض قرار دے، اور صاف صاف یہ بھی سنا دے کہ ان حالات میں جو اپنے مال کو میرے دین سے عزیز تر رکھے گا وہ مومن نہیں بلکہ منافق ہو گا، اس پر بھی ان کے دل نہ خدا کے خوف سے کانپیں، نہ اس کے حکم کے آگے جھکیں؟

*29 That is, the Jews and the Christians seem to have lost

fervor and degenerated spiritually and morally hundreds of years after the passing away of their Prophets. But have you already become so depraved that while the Prophet (peace be upon him) is still present among you, and the Book of God is still being revealed, and not much time has passed over you since you affirmed the faith, and you have started behaving like the Jews and the Christians who have reached this state through centuries of playing and tempering with the Book of Allah and its verses.

*29 یعنی یہود و نصاریٰ تو اپنے انبیاء کے سینکڑوں برس بعد آج تمہیں اس بے حسی اور روح کی مردنی اور اخلاق کی پستی میں مبتلا نظر آرہے ہیں ۔ کیا تم اتنے گئے گزرے ہو کہ ابھی رسول تمہارے سامنے موجود ہے ، خدا کی کتاب نازل ہورہی ہے ، تمہیں ایمان لائے کچھ زیادہ زمانہ بھی نہیں گزرا ہے ، اور ابھی سے تمہارا حال وہ ہورہا ہے جو صدیوں تک خدا کے دین اور اس کی آیات سے کھیلتے رہنے کے بعد یہود و نصاریٰ کا ہوا ہے ؟

| | | |
|---|---|---|
| 17. Know that Allah gives life to the earth after its death. Indeed, We have made clear for you the signs that you may understand. *30 | جان رکھو کہ اللہ زندہ کرتا ہے زمین کو اسکے مرنے کے بعد ۔ بیشک بیان کر دی ہیں کھول کر ہمنے تم سے آیات تاکہ تم عقل سے کام لو ۔ *30 | اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ يُحۡىِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ قَدۡ بَيَّنَّا لَـكُمُ الۡاٰيٰتِ لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۷﴾ |

*30 The point contained here should be well understood. At several places in the Quran the Prophethood and the revelation of the Book have been compared to the rainfall, for the effects produced by them on humanity are precisely like those produced by rain on the soil. Just as the dead earth swells and blooms as soon as it receives a shower of

**rain, so it is with the dead humanity in a country where a Prophet is raised through Allah's mercy and revelation begins to be sent down to him. It starts revealing those virtues which lay hidden and suppressed for ages. It starts manifesting from within itself excellent morals and good deeds and virtues of every kind. Allusion has been made to this truth here so as to open the eyes of the Muslims of the weak faith and to make them ponder their state. The way humanity was being reformed by the blessed rainfall of the Prophethood and revelation and the way it was being richly and generously blessed in every way was not a remote story for them. They were observing it themselves in the pious and righteous society of the companions and experiencing it day and night around them. Polytheism with all its evils was present before them while the virtues and good things emanating from Islam were also blooming and flourishing before their eyes. Therefore, they did not need to be told any details. An allusion was enough to the effect. The signs of how Allah grants life to the dead earth through the rainfall of His mercy have been shown to you. Now you should use your common sense and consider it for yourself as to what benefit you arc deriving from this blessing.**

**30*** یہاں جس مناسبت سے یہ بات ارشاد ہوئی ہے اس کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے ۔ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر نبوت اور کتاب کے نزول کو بارش کی برکات سے تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ انسانیت پر اس کے وہی اثرات مرتب ہوتے ہیں جو زمین پر بارش کے ہوا کرتے ہیں ۔ جس طرح مردہ پڑی ہوئی زمین باران رحمت کا ایک چھینٹا پڑتے ہی لہلہا اٹھتی ہے ، اسی طرح جس ملک میں اللہ کی رحمت سے ایک نبی مبعوث ہوتا ہے اور وحی وکتاب کا نزول شروع ہوتا ہے وہاں مری ہوئی انسانیت یکایک جی اٹھتی ہے ۔

اس کے وہ جوہر کھلنے لگتے ہیں جنہیں زمانہ ہائے دراز سے جاہلیت نے پیوند خاک کر رکھا تھا۔ اس کے اندر سے اخلاق فاضلہ کے چشمے پھوٹنے لگتے ہیں اور خیرات و حسنات کے گلزار لہلہانے لگتے ہیں ۔ اس حقیقت کی طرف جس غرض کے لیے یہاں اشارہ کیا گیا ہے وہ یہ کہ ضعیف الایمان مسلمانوں کی آنکھیں کھلیں اور وہ اپنی حالت پر غور کریں ۔ نبوت اور وحی کے بارانِ رحمت سے انسانیت جس شان سے از سر نو زندہ ہو رہی تھی اور جس طرح اس کا دامن برکات سے مالا مال ہو رہا تھا وہ ان کے لیے کوئی دور کی داستان نہ تھی۔ وہ خود اپنی آنکھوں سے صحابہ کرامؓ کے پاکیزہ معاشرے میں اس کا مشاہدہ کر رہے تھے ۔ رات دن اس کا تجربہ ان کو ہو رہا تھا۔ جاہلیت بھی اپنے تمام مقاصد کے ساتھ ان کے سامنے موجود تھی، اور اسلام سے پیدا ہونے والے محاسن بھی ان کے مقابلے میں اپنی پوری بہار دکھا رہے تھے ۔ اس لیے ان کو تفصیل کے ساتھ یہ باتیں بتانے کی کوئی حاجت نہ تھی۔ بس یہ اشارہ کر دینا کافی تھا کہ مردہ زمین کو اللہ اپنے باران رحمت سے کس طرح زندگی بخشتا ہے ، اس کی نشانیاں تم کو صاف صاف دکھا دی گئی ہیں ، اب تم خود عقل سے کام لے کر اپنی حالت پر غور کرو کہ اس نعمت سے تم کیا فائدہ اٹھا رہے ہو۔

اِنَّ الۡمُصَّدِّقِیۡنَ وَ الۡمُصَّدِّقٰتِ وَاَقۡرَضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا یُّضٰعَفُ لَهُمۡ وَ لَهُمۡ اَجۡرٌ کَرِیۡمٌ ﴿۱۸﴾

بیشک صدقہ کرنے والے مرد اور صدقہ کرنے والی عورتیں *31 اور جنھوں نے قرض دیا اللہ کو قرض حسنہ ۔ کئی گنا ادا کیا جائے گا انکو اور انکے لئے ہے بہترین اجر۔

**18. Indeed, the men who give charity, and the women who give charity, *31 and those lent to Allah a goodly loan, it will be multiplied for them, and for them is a noble reward.**

***31** ***Sadaqah*****, as an Islamic term, is the charity given sincerely and with a pure intention only with a view to seek Allah's good pleasure without making any show of it, and**

without the intention of doing any favor to the recipient. The donor should give it only because he has a true feeling of the service of his Lord. The word is derived from *sidq*, therefore, *sadaqat* (sincerity) is of its essence. No charity and no spending of the wealth can be a *sadaqah* unless it springs from a sincere and pure motive of spending only for the sake of Allah.

*31 صدقہ اردو زبان میں تو بہت ہی بڑے معنوں میں بولا جاتا ہے، مگر اسلام کی اصطلاح میں یہ اس عطیہ کو کہتے ہیں جو سچے دل اور خالص نیت کے ساتھ محض اللہ کی خوشنودی کے لیے دیا جائے، جس میں کوئی ریا کاری نہ ہو، کسی پر احسان نہ جتایا جائے، دینے والا صرف اس لیے دے کہ وہ اپنے رب کے لیے عبودیت کا سچا جذبہ رکھتا ہے۔ یہ لفظ صدق سے ماخوذ ہے اس لیے صداقت عین اس کی حقیقت میں شامل ہے۔ کوئی عطیہ اور کوئی مال صرف اس وقت تک صدقہ نہیں ہو سکتا جب تک اس کی تہہ میں انفاق فی سبیل اللہ کا خالص اور بے کھوٹ جذبہ موجود نہ ہو۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١٩﴾

اور وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ پر اور اسکے رسولوں پر۔ وہی لوگ ہیں جو ہیں صدیق*33 ۔اور شہید*34 اپنے رب کے نزدیک ۔ انکے لئے ہے ان کا اجر اور ان کا نور۔*35 اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو وہی اہل دوزخ ہیں۔

19. And those who believed in Allah and His Messengers, those are they who are the most truthful, *33 and the witnesses*34 with their Lord. For them is their reward and their light. *35 And those who disbelieved

| | | |
|---|---|---|
| and denied Our revelations, they are dwellers of Hell. | | |

*32 Here, the believers imply those people of true faith whose attitude and conduct was absolutely different from that of the people of weak faith and the false claimants to Islam, and who were at that time vying with one another in making monetary sacrifices and were struggling with their lives in the cause of the true faith.

*32یہاں ایمان لانے والوں سے مراد وہ صادق الایمان لوگ ہیں جن کا طرز عمل جھوٹے مدعیان ایمان اور ضعف الایمان لوگوں سے بالکل مختلف تھا۔ جو اس وقت ایک دوسرے سے بڑھ کر مالی قربانیاں دے رہے تھے اور اللہ کے دین کی خاطر جانیں لڑا رہے تھے۔

*33 *Siddiq* (most truthful) is the superlative from *sidq*; however, one should clearly understand that *sidq* is not merely a statement conforming to the truth, but a statement which is not only true in itself but its speaker also upholds it as a truth sincerely. For instance, if a person says that Muhammad (peace be upon him) is Allah’s Messenger, this is by itself precisely according to the truth, for the Prophet (peace be upon him) is truly Allah’s Messenger, but the person would be true in his statement only if he also believed and upheld him as Allah’s Messenger. Therefore, a thing would be *sidq* if what was said was in conformity with the truth as well as with the speaker’s own conscience. Likewise, *sidq* also contains the sense of faithfulness, sincerity and practical righteousness. *Sadiq-ul-waad* would be the person who kept his promise

practically, who never broke it. *Sadiq* (true friend) would be he who did full justice to friendship in the time of need, and who never proved faithless to anybody in any way. In war, *sadiq-fil-qital* (true soldier) would be the one who fought with all his heart and body and established his valor practically. Thus, *sidq* in essence implies that one's deed should fully conform to his word. The one who acts contrary to his word cannot be *sadiq*. On that very basis, the one who preaches one thing and acts contrary to it is regarded as a false preacher. With this meaning of *sidq* and *sadiq* in view one can fully appreciate the meaning of the superlative *sadiq*. It would inevitably imply a righteous person who is free from every impurity, who has never swerved from the truth and piety, who could never be expected to say anything against his conscience. Who believed in whatever he believed with full sincerity and remained faithful to it under all circumstances, and who has practically proved that he is a true believer in the full sense of the word. (For further explanation, see E.N. 99 of Surah An-Nisa).

*33 یہ صدق کا مبالغہ ہے ۔ صادق سچا، اور صدیق نہایت سچا۔ مگر یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ صدق محض سچے اور مطابق حقیقت قول کو نہیں کہتے بلکہ اس کا اطلاق صرف اس قول پر ہوتا ہے جو بجائے خود بھی سچا ہو اور جس کا قائل ہی سچے دل سے اس حقیقت کو مانتا ہو جسے وہ زبان سے کہہ رہا ہے ۔ مثلاً ایک شخص اگر کہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں ، تو یہ بات بجائے خود عین حقیقت کے مطابق ہے ، کیونکہ آپ واقعی اللہ کے رسول ہیں ، لیکن وہ شخص اپنے اس قول میں صادق صرف اسی وقت کہا جائے گا جبکہ اس کا اپنا عقیدہ بھی یہی ہو کہ آپ اللہ کے رسول ہیں ۔ لہٰذا صدق کے لیے ضروری ہے کہ

قول کی مطابقت حقیقت کے ساتھ بھی ہو اور قائل کے بغیر کے ساتھ بھی۔ اسی طرح صدق کے مفہوم میں وفا اور خلوص اور عملی راستبازی بھی شامل ہے ۔ صادق الوعد (وعدے کا سچا) اس شخص کو کہیں گے جو عملاً اپنا وعدہ پورا کرتا ہو اور کبھی اس کی خلاف ورزی نہ کرتا ہو۔ صدیق (سچا دوست) اسی کو کہا جائے گا جس نے آزمائش کے مواقع پر دوستی کا حق ادا کیا ہو اور کبھی آدمی کو اس سے بے وفائی کا تجربہ نہ ہوا ہو۔ جنگ میں صادق فی القتال (سچا سپاہی) صرف وہی شخص کہلائے گا جو جان توڑ کر لڑا ہو اور جس نے اپنے عمل سے اپنی بہادری ثابت کر دی ہو۔ پس صدق کی حقیقت میں یہ بات بھی شامل ہے کہ قائل کا عمل اس کے قول سے مطابقت رکھتا ہو۔ قول کے خلاف عمل کرنے والا صادق قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اسی بنا پر تو آپ اس شخص کو جھوٹا واعظ کہتے ہیں جو کہے کچھ اور کرے کچھ۔ اب غور کرنا چاہیے کہ یہ تعریف جب صدق اور صادق کی ہے تو مبالغہ کے صیغہ میں کسی کو صدیق کہنے کا مطلب کیا ہو گا۔ اس کے معنی لازماً ایسے راستباز آدمی کے ہیں جس میں کوئی کھوٹ نہ ہو، جو کبھی حق اور راستی سے نہ ہٹا ہو، جس سے یہ توقع ہی نہ کی جا سکتی ہو کہ وہ کبھی اپنے ضمیر کے خلاف کوئی بات کہے گا۔ جس نے کسی بات کو مانا ہو تو پورے خلوص کے ساتھ مانا ہو، اس کی وفاداری کا حق ادا کیا ہو اور اپنے عمل سے ثابت کر دیا ہو کہ وہ فی لواقع ویسا ہی ماننے والا ہے جیسا ایک ماننے والے کو ہونا چاہیے (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد اول، النساء، حاشیہ 99)۔

***34 The early commentators have differed about the explanation of this verse. Ibn Abbas, Masruq, Dahhak, Muqatil bin Hayyan and others say that the previous sentence ended with *humsssiddiqun*; and *wash-shuhada-uinda Rabbihim la-hum ajru-hum wa nuru-hum* is a separate and independent sentence According to this explanation, the translation of the sentence would be: Those who have believed in Allah and His Messenger, are indeed the most truthful (as *siddiqun*); as for the true witnesses (*ash-shuhada*), they will have their reward and their light from their Lord. Contrary to this, Mujahid and several other commentators regard this whole expression**

**as one sentence. According to them the translation would be that which we have given in the text above. The two commentaries differ because the first group has taken the word *shahid* in the meaning of the martyr in the way of Allah and seeing that every believer is not a *shahid* in this sense, has taken *wash-shuhadau inda Rabbi-him* as a separate sentence. But the other group takes *shahid* in the meaning of the witness of the truth, and not in the sense of the martyr, and in this sense every believer is a *shahid*. We are of the opinion that this second commentary is preferable and this is;**

**And thus We have made you a middle nation that you may be witnesses against mankind, and the messenger may be a witness against you. (Surah Al-Baqarah, Ayat 143).**

**Allah had called you Muslims before this and has also called you (by the same name) in this (Quran) so that the Messenger may be a witness in regard to you and you may be witnesses in regard to the rest of mankind. (Surah Al-Hajj, Ayat 78).**

**In a Hadith, Bara bin Azib has related that he heard the Prophet (peace be upon him) say: The believers of my Ummah are shahid (the witnesses); then he recited this very verse of Surah Al-Hadid. (Ibn Jarir). Ibn Marduyah has related on the authority of Abu ad-Darda the tradition that the Prophet (peace be upon him) said: The one who emigrates from a land in order to save his life and his faith from temptation, is recorded as a *siddiq* (most truthful), and when he dies, Allah takes his soul as a *shahid* (true witness). Then after this, the Prophet (peace be upon him)**

**recited this very verse. (For the explanation of this meaning of shahadat, see E.N. 144 of Surah Al-Baqarah; E.N. 99 of Surah An-Nisa, E.N. 82 of Surah Al-Ahzab).**

34*اس آیت کی تفسیر میں اکابر مفسرین کے درمیان اختلاف ہے ۔ ابن عباسؓ، مسروق، ضحاک مقاتل بن حیان وغیرہ کہتے ہیں کہ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ پر ایک جملہ ختم ہوگیا۔ اس کے بعد وَالشُّھَدَآءُ عِنْدَ رَبِّھِمْ لَھُمْ اَجْرُھُمْ وَنُوْرُھُمْ ایک الگ مستقل جملہ ہے ۔ اس تفسیر کے لحاظ سے آیت کا ترجمہ یہ ہو گا کہ ''جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں وہی صدیق ہیں ۔ اور شہداء کے لیے ان کے رب کے ہاں ان کا اجر اور ان کا نور ہے ''بخلاف اس کے مجاہد اور متعدد دوسرے مفسرین اس پوری عبارت کو ایک ہی جملہ مانتے ہیں اور ان کی تفسیر کے لحاظ سے ترجمہ وہ ہو گا جو اوپر ہم نے متن میں کیا ہے ۔ دونوں تفسیروں میں اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ پہلے گروہ نے شہید کو مقتول فی سبیل اللہ کے معنی میں لیا ہے ،اور یہ دیکھ کر کہ ہر مومن اس معنی میں شہید نہیں ہوتا انہوں نے وَالشُّھَدَآءُ عِنْدَ رَبِّھِمْ کو ایک الگ جملہ قرار دے دیا ہے ۔ مگر دوسرا گروہ شہید کو مقتول فی سبیل اللہ کے معنی میں نہیں بلکہ حق کی گواہی دینے والے کے معنی میں لیتا ہے اور اس لحاظ سے ہر مومن شہید ہے ۔ ہمارے نزدیک یہی دوسری تفسیر قابل ترجیح ہے اور قرآن و حدیث سے اس کی تائید ہوتی ہے ۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوا ہے :

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطاً لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْداً۔

(البقرہ۔143)

اور اسی طرح ہم نے تم کو ایک متوسط امت بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ ہو۔

هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْداً عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

(الحج۔87)

اللہ نے پہلے بھی تمہارا نام مسلم رکھا تھا اور اس قرآن میں بھی (تمہارا یہی نام ہے ) تاکہ رسول تم پر گواہ ہو

اور تم لوگوں پر گواہ۔

حدیث میں حضرت براء بن عازب کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انہوں نے یہ فرماتے سنا مؤمنوا امّتی شھدآء " میری امت کے مومن شہید ہیں ،" پھر حضورؐ نے سورہ حدید کی یہی آیت تلاوت فرمائی (ابن جریر)۔ ابن مردویہ نے اسی معنی میں حضرت ابوالدرداء سے یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من فریدینہ من ارضٍ مخافہ الفتنہ علیٰ نفسہٖ و دینہٖ کتب عند اللہ صدیقا فاذامات قبضہ اللہ شھیداً ثم تلا ھٰذاہ الایہ۔ " جو شخص اپنی جان اور اپنے دین کو فتنے سے بچانے کے لیے کسی سرزمین سے نکل جائے وہ اللہ کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے اور جب وہ مرتا ہے تو اللہ شہید کی حیثیت سے اس کی روح قبض فرماتا ہے ،" پھر یہ بات ارشاد فرمانے کے بعد حضورؐ نے یہی آیت پڑھی (شہادت کے اس مفہوم کی تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد اول، البقرہ، حاشیہ 144۔ النساء حاشیہ 99۔ جلد چہارم، الاحزاب، حاشیہ 82)۔

***35 That is, each one of them will receive the reward and the light of the measure and degree he deserves. They will all get their own respective rewards and lights and their shares have already been reserved for them.**

*35 یعنی ان میں سے ہر ایک جس مرتبے کے اجر اور جس درجے کے نور کا مستحق ہو گا وہ اس کو ملے گا۔ وہ اپنا اپنا اجر اور اپنا اپنا نور پائیں گے۔ ان کے لیے ان کا حصہ آج ہی سے محفوظ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا الۡحَیٰوۃُ الدُّنۡیَا لَعِبٌ وَّلَهۡوٌ وَّ زِیۡنَۃٌ وَّ تَفَاخُرٌۢ بَیۡنَکُمۡ وَ تَکَاثُرٌ فِی الۡاَمۡوَالِ وَ الۡاَوۡلَادِ ؕ کَمَثَلِ غَیۡثٍ اَعۡجَبَ | جان رکھو درحقیقت دنیا کی زندگی ہے کھیل اور تماشا اور زینت اور تفاخر تمہارے آپس میں اور ایک دوسرے سے زیادہ کی طلب | **20. Know in fact, the life of this world is play, and amusement, and adornment, and boasting among you, and rivalry in** |

| | | |
|---|---|---|
| increase of wealth and children. Like the example of rain which pleases the tillers, its resulting vegetation, then it ripens, then you see it turned yellow, then it becomes straw. And in the Hereafter is severe punishment, and forgiveness from Allah, and good pleasure. And the life of the world is nothing but matter of illusion. *36 | اموال میں اور اولاد میں۔ اسکی مثال ایسی ہے جیسے بارش کہ اچھی لگتی ہے کسانوں کو اس سے اگنے والی کھیتی پھر وہ پک جاتی ہے تو دیکھتے ہو تم اسکو زرد ہوگئی پھر ہو جاتی ہے بھس ۔اور آخرت میں شدید عذاب ہے۔ اورمغفرت ہے اللہ کی طرف سے اور خوشنودی ہے۔ اورنہیں ہے زندگی دنیا کی مگر سامان دھوکے کا *36 ۔ | الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطٰمًا ۗ وَ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿٢٠﴾ |

*36 To understand this theme fully one should keep the following verses of the Quran in mind: Surah Aal-Imran, Ayats 14-15; Surah Younus, Ayats 24-25; Surah Ibrahim, Ayat 18; Surah Al-Kahf, Ayats 45-46; Surah An-Noor, Ayat 39. In all these verses the truth that has been impressed on the mind is: The life of this world is a temporary life: its spring as well as its autumn is temporary. There is much here to allure man. But this, in

**fact, consists of base and insignificant things which man because of his shallowness of mind regards as great and splendid and is deluded into thinking that in attaining them lies supreme success. The truth however is that the highest benefits and means of pleasure and enjoyment that one can possibly attain in the world, are indeed short and insignificant and confined to a few years of temporary life and can be destroyed by just one turn of fate. Contrary to this, the life in Hereafter is a splendid and eternal life. Its benefits are great and permanent and its losses too are great and permanent. The one who attains Allah's forgiveness and His goodwill there, will indeed have attained the everlasting bliss beside which the entire wealth of the world and its kingdom become pale and insignificant. And the one who is seized in God's torment there, will come to know that he had made a bad bargain even if he had attained all that he regarded as great and splendid in the world.**

36*اس مضمون کو پوری طرح سمجھنے کے لیے قرآن مجید کے حسب ذیل مقامات کو نگاہ میں رکھنا چاہیے ۔ سورہ آل عمران، آیات 14۔15۔ یونس، 24۔25۔ ابراہیم، 18۔ الکہف، 45۔46۔ النور، 39۔ اِن سب مقامات پر جو بات انسان کے ذہن نشین کرانے کی کوشش کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ یہ دنیا کی زندگی دراصل ایک عارضی زندگی ہے ۔ یہاں کی بہار بھی عارضی ہے اور خزاں بھی عارضی۔ دل بہلانے کا سامان یہاں بہت کچھ ہے ، مگر در حقیقت وہ نہایت حقیر اور چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں جنہیں اپنی کم ظرفی کی وجہ سے آدمی بڑی چیز سمجھتا ہے اور اس دھوکے میں پڑ جاتا ہے کہ انہی کو پا لینا گویا کامیابی کے منتہیٰ تک پہنچ جانا ہے ۔ حالانکہ جو بڑے سے بڑے فائدے اور لطف ولذت کے سامان بھی یہاں حاصل ہونے ممکن ہیں وہ بہت حقیر اور صرف چند سال کی حیات مستعار تک محدود ہیں ، اور ان کا حال بھی یہ ہے کہ تقدیر کی ایک ہی گردش

خود اسی دنیا میں ان سب پر جھاڑو پھیر دینے کے لیے کافی ہے ۔ اس کے بر عکس آخرت کی زندگی ایک عظیم اور ابدی زندگی ہے ۔ وہاں کے فائدے بھی عظیم اور مستقل ہیں اور نقصان بھی عظیم اور مستقل۔ کسی نے اگر وہاں اللہ کی مغفرت اور اس کی خوشنودی پالی تو اس کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے وہ نعمت نصیب ہوگئی جس کے سامنے دنیا بھر کی دولت و حکومت بھی ہیچ ہے ۔ اور جو وہاں خدا کے عذاب میں گرفتار ہوگیا اس نے اگر دنیا میں وہ سب کچھ بھی پالیا ہو جسے وہ اپنے نزدیک بڑی چیز سمجھتا تھا تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ وہ بڑے خسارے کا سودا کر کے آیا ہے ۔

سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾

سبقت حاصل کرو ایک دوسرے سے *37 مغفرت کی طرف اپنے رب کی اور جنت کہ وسعت ہے جس کی وسعت کی مانند آسمان اور زمین کی *38 ۔ وہ تیار کی گئی ہے ان کے لئے جو ایمان لائے اللہ پر اور اسکے رسولوں پر۔ یہ ہے فضل اللہ کا ۔ وہ عطا فرماتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

21. Race one with another *37 towards the forgiveness from your Lord and a Garden whose width is like the width of the heavens and the earth. *38 It is prepared for those who believed in Allah and His messengers. Such is the bounty of Allah, which He bestows upon whom He wills, and Allah is of infinite bounty.

*37 *Musabaqat* (from which *sabiqu* of the original is

**derived) means to compete and vie with each other in order to excel. The meaning is: Give up your rivalries with one another for amassing wealth, and pleasures and benefits of the world and instead make the forgiveness of your Lord and Paradise the object of your struggle and rivalries.**

**37*** اصل میں لفظ سَابِقُوۡا استعمال ہوا ہے جس کا مفہوم محض ''دوڑو'' کے لفظ سے ادا نہیں ہوتا۔ مسابقت کے معنی مقابلے میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرنے کے ہیں ۔ مطلب یہ ہے کہ تم دنیا کی دولت اور لذتیں اور فائدے سمیٹنے میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی جو کوشش کر رہے ہو اسے چھوڑ کر اس چیز کو ہدف مقصود بناؤ اور اس کی طرف دوڑنے میں بازی جیت لے جانے کی کوشش کرو۔

***38 Some commentators have taken the word *ard* in *arduha ka-ardis-samai wal-ard* in the sense of breadth, but actually this word has been used here in the meaning of spaciousness and extensiveness. In Arabic the word *ard* is not only used for breadth, as a counterpart of length, but also for spaciousness, as it has been used in Surah HaMim As-Sajdah, Ayat 51: *fadhu dua in arid*: Then he is full of long supplications. Besides, one should also understand that the object here is not to foretell the area or extent of Paradise, but to give an idea of its vastness and extensiveness. Here its vastness has been described as the vastness of the heaven and earth, and in Surah Aal-Imran it has been said: Hasten to follow the path that leads to your Lord's forgiveness and to Paradise whose vastness is that of the universe, which has been prepared for the righteous (verse 133). When both these verses are read together, one gets the idea that the gardens and palaces man will receive in Paradise will only serve as his dwelling-**

place but the entire universe will be his home. He will not be restricted to one place as he is in this world, where just for reaching the moon, his nearest neighbor in space, he has had to struggle hard for years and expend excessive resources only to overcome the difficulties of a short journey. There the whole universe will be accessible to him. He will be able to see whatever he would desire from his station and be able to visit whichever place he would like easily.

38*اصل الفاظ ہیں عَرۡضُهَا كَعَرۡضِ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ۔ بعض مفسرین نے عرض کو چوڑائی کے معنی میں لیا ہے ۔ لیکن دراصل یہاں یہ لفظ وسعت و پہنائی کے معنی میں استعمال ہوا ہے ۔ عربی زبان میں لفظ عرض صرف چوڑائی ہی کے لیے نہیں بولا جاتا جو طول کا مد مقابل ہے، بلکہ اسے مجرد وسعت کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، جیسا کہ ایک دوسری جگہ قرآن میں ارشاد ہوا ہے فَذُوۡ دُعَآءٍ عَرِيۡضٍ، ''انسان پھر لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگتا ہے '' (حٰمٓ السجدہ۔51)۔ اس کے ساتھ یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ اس ارشاد سے مقصود جنت کا رقبہ بتانا نہیں ہے بلکہ اس کی وسعت کا تصور دلانا ہے ۔ یہاں اس کی وسعت آسمان و زمین جیسی بتائی گئی ہے ، اور سورہ آل عمران میں فرمایا گیا ہے سَارِعُوۡۤا اِلٰى مَغۡفِرَةٍ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَجَنَّةٍ عَرۡضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالۡاَرۡضُ اُعِدَّتۡ لِلۡمُتَّقِيۡنَ (آیت۔ 133)۔ ''دوڑو اپنے رب کی مغفرت اور اس جنت کی طرف جس کی وسعت ساری کائنات ہے، جو مہیا کی گئی ہے متقی لوگوں کے لیے ''۔ ان دونوں آیتوں کو ملا کر پڑھنے سے کچھ ایسا تصور ذہن میں آتا ہے کہ جنت میں ایک انسان کو جو باغ اور محلات ملیں گے وہ تو صرف اس کے قیام کے لیے ہوں گے، مگر در حقیقت پوری کائنات اس کی سیر گاہ ہوگی۔ کہیں وہ بند نہ ہو گا۔ وہاں اس کا حال اس دنیا کی طرح نہ ہو گا کہ چاند جیسے قریب ترین سیارے تک پہنچنے کے لیے بھی وہ برسوں پاپڑ بیلتا رہا اور اس ذرا سے سفر کی مشکلات کو رفع کرنے میں اسے بے تحاشا وسائل صرف کرنے پڑے ۔ وہاں ساری کائنات اس کے لیے کھلی ہوگی، جو کچھ چاہے گا اپنی جگہ سے بیٹھے بیٹھے دیکھ لے گا اور

جہاں چاہے گا بے تکلف جا سکے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 22. Does not befall any affliction upon the earth, nor in your own selves, except that it is in a Book*39 before that We bring it into being. *40 Indeed, that is for Allah easy. *41 | نہیں پڑتی کوئی مصیبت زمین میں اور نہ تمہاری جانوں پر مگر وہ ہے ایک کتاب میں *39 پیشتر اسکے کہ ہم اسکو پیدا کریں *40 ۔ بلا شبہ یہ ہے اللہ کے لئے آسان ۔ *41 | مَآ اَصَابَ مِنۡ مُّصِيۡبَةٍ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ نَّبۡرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ۚ ۖ ﴿۲۲﴾ |

*39 A Book: the writ of destiny.

*39 کتاب سے مراد ہے نوشتہ تقدیر۔

*40 Here, “it” may be referring to the affliction as well as to the earth, or the self of man, or in view of the context, to all the creatures.

*40 ”اس کو“ کا اشارہ مصیبت کی طرف بھی ہو سکتا ہے ، زمین کی طرف بھی، نفس کی طرف بھی، اور فحوائے کلام کے لحاظ سے مخلوقات کی طرف بھی۔

*41 That is, it is not at all difficult for Allah to pre-ordain the destiny of each and every one of His creatures.

*41 یعنی اپنی مخلوقات میں سے ایک ایک کی تقدیر پہلے سے لکھ دینا اللہ کے لیے کوئی مشکل کام نہیں ہے ۔

| | | |
|---|---|---|
| 23. That you are not despaired over what has escaped you, nor exult | تاکہ نہ غم کیا کرو اس پر جو نہ حاصل ہو سکا تمہیں اور نہ اترایا کرو اس پر جو | لِّكَيۡلَا تَاۡسَوۡا عَلٰى مَا فَاتَكُمۡ وَلَا تَفۡرَحُوۡا بِمَاۤ اٰتٰٮكُمۡ ؕ وَ |

| | | |
|---|---|---|
| over that which He has given to you. *42 And Allah does not love any arrogant, boastful. | اس نے دیا تمکو اور اللہ نہیں پسند کرتا کسی اترانے والے فخر جتانے والے کو۔ | اللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۙ ﴿٢٣﴾ |

*42 In order to understand why this has been said in that context, one should keep in mind the conditions through which the Muslims were passing at the time this Surah was revealed. An ever present danger of attack by the enemy, battles in quick succession, a state of constant siege, hardships caused by economic boycott by the disbelievers, persecution of the converts to Islam everywhere in Arabia, these were the conditions that the Muslims were confronted with at that time. The disbelievers looked upon these as a proof of the Muslims having been forsaken and rejected, and the hypocrites took these as a confirmation of their own suspicions and doubts. As for the sincere Muslims, they were facing these bravely and resolutely, yet the excess of hardship and suffering would sometimes become trying even for them. So, the Muslims are being consoled, as if to say: No affliction, God forbid, has befallen you without the knowledge of your Lord. Whatever you are experiencing is according to the pre-ordained scheme of Allah, which is already recorded in the writ of destiny. And you are being made to pass through these trials and tribulations for the sake of your own training for the great service that Allah wills to take from you. If you are made to attain to success without passing through these hardships, weaknesses will remain in your character due to which you will neither be

**able to digest power and authority nor withstand the tempests and furies of falsehood.**

42*اس سلسلہ بیان میں یہ بات جس غرض کے لیے فرمائی گئی ہے اسے سمجھنے کے لیے ان حالات کو نگاہ میں رکھنا چاہیے جو اس سورت کے نزول کے وقت اہل ایمان کو پیش آ رہے تھے ۔ ہر وقت دشمنوں کے حملے کا خطرہ، پے در پے لڑائیاں دائماً محاصرہ کی سی کیفیت، کفار کے معاشی مقاطعہ کی وجہ سے سخت بد حالی، عرب کے گوشے گوشے میں ایمان لانے والوں پر کفار کا ظلم و ستم، یہ کیفیات تھیں جن سے مسلمان اس وقت گزر رہے تھے ۔ کفار ان کو مسلمانوں کے مخذول اور راندۂ درگاہ ہونے کی دلیل قرار دیتے تھے ۔ منافقین انہیں اپنے شکوک و شبہات کی تائید میں استعمال کرتے تھے ۔ اور مخلص اہل ایمان اگرچہ بڑی ثابت قدمی کے ساتھ ان حالات کا مقابلہ کر رہے تھے، مگر بعض اوقات مصائب کا ہجوم ان کے لیے بھی انتہائی صبر آزما ہو جاتا تھا۔ اس پر مسلمانوں کو تسلی دینے کے لیے فرمایا جا رہا ہے کہ تم پر کوئی مصیبت بھی معاذاللہ تمہارے رب کی بے خبری میں نازل نہیں ہو گئی ہے ۔ جو کچھ پیش آ رہا ہے، یہ سب اللہ کی طے شدہ اسکیم کے مطابق ہے جو پہلے سے اس کے دفتر میں لکھی ہوئی موجود ہے ۔ اور ان حالات سے تمہیں اس لیے گزارا جا رہا ہے کہ تمہاری تربیت پیش نظر ہے ۔ جو کار عظیم اللہ تعالیٰ تم سے لینا چاہتا ہے اس کے لیے یہ تربیت ضروری ہے ۔ اس سے گزارے بغیر تمہیں کامیابی کی منزل پر پہنچا دیا جائے تو تمہاری سیرت میں وہ خامیاں باقی رہ جائیں گی جن کی بدولت نہ تم عظمت و اقتدار کی ثقیل خوراک ہضم کر سکو گے اور نہ باطل کی طوفان خیز موجوں کے تھپیڑے سہ سکو گے ۔

| | | |
|---|---|---|
| ۨالَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَ يَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝٢٤ | وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اور اکساتے ہیں لوگوں کو بخل پر*43 ۔ اور جو کوئی روگردانی کرے تو بلا شبہ اللہ ہی بے نیاز ہے لائق حمدوثنا | **24. Those who are misers and enjoin upon people miserliness.** *43 **And whoever turns away, then indeed Allah is All** |

| | | |
|---|---|---|
| Sufficient, All Praiseworthy. *44 | ہے۔ *44 | |

*43 The allusion is to the trait of character that everyone could experience among the hypocrites in the Muslim society itself. As regards to the outward affirmation of the faith, they could not be distinguished from the true Muslims. But owing to lack of sincerity they were not receiving the sort of training that was being given to the sincere Muslims. Therefore, the little prosperity and leadership that they were enjoying in an ordinary town of Arabia, was causing them to be swollen with pride. As for their stinginess, not only were they themselves unwilling to give away anything in the cause of God Whom they professed to believe in and the Messenger (peace be upon him) whom they professed to follow and the faith which they professed to have accepted, but also tried to prevent others from making any contribution, for, they thought, it was a useless cause. Obviously, if there had been no trials and tribulations, these worthless people, who were of no use to Allah, could not be separated from the sincere and worthy believers, and without weeding them out a mixed crowd of sincere and insincere Muslims could not be entrusted with the high office of leadership of the world, the great blessings of which the world subsequently witnessed in the rightly-guided Caliphate.

*43 یہ اشارہ ہے اس سیرت کی طرف جو خود مسلم معاشرے کے منافقین میں اس وقت سب کو نظر آ رہی تھی۔ ظاہری اقرار ایمان کے لحاظ سے ان میں اور مخلص مسلمانوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ لیکن اخلاص کے فقدان کی وجہ سے وہ اس تربیت میں شامل نہ ہوئے تھے جو مخلصین کو دی جا رہی تھی، اس لیے ان کا حال

یہ تھا کہ جو ذرا سی خوشحالی اور مشیخت ان کو عرب کے ایک معمولی قصبے میں میسر آئی ہوئی تھی وہی ان کے چھوٹے سے ظرف کو پھلائے دے رہی تھی، اسی پر وہ پھٹے پڑتے تھے، اور دل کی تنگی اس درجے کی تھی کہ جس خدا پر ایمان لانے اور جس رسول کے پیرو ہونے اور جس دین کو ماننے کا دعویٰ کرتے تھے اس کے لیے خود ایک پیسہ تو کیا دیتے، دوسرے دینے والوں کو بھی یہ کہہ کہہ کر روکتے تھے کہ کیوں اپنا پیسہ اس بھاڑ میں جھونک رہے ہو۔ ظاہر بات ہے کہ اگر مصائب کی بھٹی گرم نہ کی جاتی تو اس کھوٹے مال کو، جو اللہ کے کسی کام کا نہ تھا، زرِ خالص سے الگ نہ کیا جا سکتا تھا، اور اس کو الگ کیے بغیر کچے پکے مسلمانوں کی ایک مخلوط بھیڑ کو دنیا کی امامت کا وہ منصب عظیم نہ سونپا جا سکتا تھا جس کی عظیم الشان برکات کا مشاہدہ آخرکار دنیا نے خلافت راشدہ میں کیا۔

***44 That is, even if after hearing these words of admonition a person does not adopt the way of sincerity, faithfulness and sacrifice for the sake of Allah and His religion, and wishes to persist in his stubbornness, which Allah disapproves, then Allah has no use for him, for Allah is All-Sufficient and Independent of His creatures. He does not stand in need of their help in any way. And He is All-Praiseworthy. People of only good qualities are acceptable to Him. People of evil character cannot be entitled to receive any favor from Him.**

44*یعنی یہ کلمات نصیحت سننے کے بعد بھی اگر کوئی شخص اللہ اور اس کے دین کے لیے خلوص، فرمانبرداری اور ایثار و قربانی کا طریقہ اختیار نہیں کرتا اور اپنی اسی کج روی پر اڑا رہنا چاہتا ہے جو اللہ کو سخت ناپسند ہے، تو اللہ کو اس کی کچھ پرواہ نہیں۔ وہ غنی ہے، اس کی کوئی حاجت ان لوگوں سے اٹکی ہوئی نہیں ہے۔ اور وہ ستودہ صفات ہے، اس کے ہاں اچھی صفات رکھنے والے لوگ ہی مقبول ہو سکتے ہیں، بدکردار لوگ اس کی نگاہ التفات کے مستحق نہیں ہو سکتے۔

25. Indeed, We sent Our messengers with clear signs, and We sent down with them the Scripture and the balance so that may stand people by justice. *45 And We sent down iron, wherein is great strength and benefits for the people.*46 And that Allah may know who helps Him and His messengers unseen. Indeed, Allah is All Strong, All Mighty. *47

بیشک ہم نے بھیجا اپنے رسولوں کو
کھلی نشانیوں کے ساتھ اور نازل کی
ان کے ساتھ کتاب اور میزان تاکہ
قائم رہیں لوگ انصاف پر *45 ۔ اور
اتارا ہم نے لوہا کہ اس میں ہے
زور شدت کا۔ اور فائدے ہیں
لوگوں کے لئے *46 اور تاکہ معلوم
کرے اللہ کہ کون مدد کرتا ہے
اسکی اور اسکے رسولوں کی بن دیکھے
۔ بیشک اللہ زور آور ہے غالب
ہے۔ *47

لَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا بِالۡبَيِّنٰتِ
وَاَنۡزَلۡنَا مَعَهُمُ الۡكِتٰبَ
وَالۡمِيۡزَانَ لِيَقُوۡمَ النَّاسُ
بِالۡقِسۡطِ ۚ وَ اَنۡزَلۡنَا الۡحَدِيۡدَ
فِيۡهِ بَاۡسٌ شَدِيۡدٌ وَّمَنَافِعُ
لِلنَّاسِ وَلِيَعۡلَمَ اللّٰهُ مَنۡ
يَّنۡصُرُهٗ وَ رُسُلَهٗ بِالۡغَيۡبِ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيۡزٌ ٢٥

*45 In this brief sentence the whole essence of the mission of the Prophets bas been compressed, which one should clearly understand. It says that all the Messengers who came to the world from Allah, brought three things:

(1) Bayyenaat: manifest signs which clearly showed that they were really Allah's Messengers, and were not impostors; convincing arguments which made it evident that what they were presenting as truth was really the truth, and what they condemned as falsehood was really

**falsehood. Clear instructions which told without any ambiguity what was the right way for the people in respect of beliefs, morals, acts of worship and dealings, which they should adopt, and what were the wrong ways which they should shun and avoid.**

**(2) Kitab: the Book which contained all the teachings required for the guidance of man so that people may turn to it for enlightenment.**

**(3) Mizan: the criterion of truth and falsehood which may precisely indicate, like a balance, the golden mean between two extremes in matters of thought, morals and dealings.**

**The object for which the Prophets were sent with these three things was that man's conduct in the world and the system of human life, individually as well as collectively, should be established with justice. On the in hand, every man should precisely know the rights of God, the rights of his self and the rights of all those people with whom he may have to deal in any way, and should fulfill them faithfully. And on the other hand, the system of collective life should be built on such principles as should eliminate every kind of injustice from society, should safeguard every aspect of civilization and social life against extremism, should establish correct balance and equity in all spheres of collective life, so that all elements of society should receive their rights equitably and fulfill their obligations and duties responsibly. In other words, the object of sending the prophets was to establish individual as well as collective justice. They wanted to establish justice in the personal life of each individual so as to bring about poise and**

equilibrium in his mind, his character, his conduct and his dealings. They also wanted to establish the whole system of human society on justice so that both the individual and the society should assist and cooperate with each other in their spiritual, moral and material well-being instead of being a hindrance and obstacle.

45*اس مختصر سے فقرے میں انبیاء علیہم السلام کے مشن کا پورا لب لباب بیان کر دیا گیا ہے جسے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے ۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ دنیا میں خدا کے جتنے رسول بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے وہ سب تین چیزیں لے کر آئے تھے:

(1) بینات، یعنی کھلی کھلی نشانیاں جو واضح کر رہی تھیں کہ یہ واقعی اللہ کے رسول ہیں ، بنے ہوئے لوگ نہیں ہیں ۔ روشن دلائل جو اس بات کو ثابت کرنے کے لیے بالکل کافی تھے کہ جس چیز کو وہ حق کہہ رہے ہیں وہ واقعی حق ہے اور جس چیز کو وہ باطل قرار دے رہے ہیں وہ واقعی باطل ہے ۔ واضح ہدایات جن میں کسی اشتباہ کے بغیر صاف صاف بتا دیا گیا تھا کہ عقائد، اخلاق، عبادات اور معاملات میں لوگوں کے لیے راہ راست کیا ہے جسے وہ اختیار کریں اور غلط راستے کون سے ہیں جن سے وہ اجتناب کریں ۔

(2) کتاب، جس میں وہ ساری تعلیمات لکھ دی گئی تھیں جو انسان کی ہدایت کے لیے درکار تھیں تاکہ لوگ رہنمائی کے لیے اس کی طرف رجوع کر سکیں ۔

(3) میزان، یعنی وہ معیار حق و باطل جو ٹھیک ٹھیک ترازو کی تول تول کر یہ بتا دے کہ افکار، اخلاق اور معاملات میں افراط و تفریط کی مختلف انتہاؤں کے درمیان انصاف کی بات کیا ہے ۔

ان تین چیزوں کے ساتھ انبیاء علیہم السلام کو جس مقصد کے لیے بھیجا گیا وہ یہ تھا کہ دنیا میں انسان کا رویہ اور انسانی زندگی کا نظام، فرداً فرداً بھی اور اجتماعی طور پر بھی، عدل پر قائم ہو۔ ایک طرف ہر انسان اپنے خدا کے حقوق، اپنے نفس کے حقوق اور ان تمام بندگان خدا کے حقوق، جن سے اس کو کسی طور پر سابقہ پیش آتا ہے، ٹھیک ٹھیک جان لے اور پورے انصاف کے ساتھ ان کو ادا کرے ۔ اور دوسری طرف اجتماعی زندگی کا نظام

ایسے اصولوں پر تعمیر کیا جائے جن سے معاشرے میں کسی نوعیت کا ظلم باقی نہ رہے، تمدن و تہذیب کا ہر پہلو افراط و تفریط سے محفوظ ہو، حیات اجتماعی کے تمام شعبوں میں صحیح صحیح توازن قائم ہو، اور معاشرے کے تمام عناصر انصاف کے ساتھ اپنے حقوق پائیں اور اپنے فرائض ادا کریں ۔ بالفاظ دیگر انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا مقصود عدل انفرادی بھی تھا اور عدل اجتماعی بھی۔ وہ ایک ایک فرد کی شخصی زندگی میں بھی عدل قائم کرنا چاہتے تھے تاکہ اس کے ذہن، اس کی سیرت، اس کے کردار اور اس کے برتاؤ میں توازن پیدا ہو۔ اور انسانی معاشرے کے پورے نظام کو بھی عدل پر قائم کرنا چاہتے تھے تاکہ فرد اور جماعت دونوں ایک دوسرے کی روحانی، اخلاقی اور مادی فلاح میں مانع و مزاحم ہونے کے بجائے معاون و مدد گار ہوں ۔

***46 Sending down iron means creating iron in the earth just as in Surah Az-Zumar, Ayat 6 it has been said: He sent down for you eight heads of cattle, male and female. As whatever exists in the earth, has come here by Allah's command, and has not appeared by itself. Its being created has been expressed in the Quran as its being sent down.**

**The mention of sending down iron which has great strength and other benefits for men immediately after stating the object of the mission of the Prophets by itself indicates that by iron here is meant political and military power. Thus the verse means: Allah did not raise His Prophets in the world just to present a scheme for the establishment of justice, but it was also a part of their mission to endeavor to enforce it practically, to collect necessary power to establish justice in all spheres of life, to punish those who might disrupt it and to break the power of those who might resist it.**

*46 لوہا اتارنے کا مطلب زمین میں لوہا پیدا کرنا ہے، جیسا کہ ایک دوسری جگہ قرآن میں فرمایا سَاَنْزَلَ لَكُمْ

مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ (الزمر، 6)۔ "اس نے تمہارے لیے مویشیوں کی قسم کے آٹھ نر و مادہ اتارے ۔"چونکہ زمین میں جو کچھ پایا جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہاں آیا ہے، خود بخود نہیں بن گیا ہے، اس لیے ان کے پیدا کیے جانے کو قرآن مجید میں نازل کیے جانے سے تعبیر کیا گیا ہے ۔

انبیاء علیہم السلام کے مشن کو بیان کرنے کے معاً بعد یہ فرمانا کہ "ہم نے لوہا نازل کیا جس میں بڑا زور اور لوگوں کے لیے منافع ہیں"، خود بخود اس امر کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہاں لوہے سے مراد سیاسی اور جنگی طاقت ہے ، اور کلام کا مدعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو قیام عدل کی محض ایک اسکیم پیش کر دینے کے لیے مبعوث نہیں فرمایا تھا بلکہ یہ بات بھی ان کے مشن میں شامل تھی کہ اس کو عملاً نافذ کرنے کی کوشش کی جائے اور وہ قوت فراہم کی جائے جس سے فی الواقع عدل قائم ہو سکے ، اسے درہم برہم کرنے والوں کو سزا دی جا سکے اور اس کی مزاحمت کرنے والوں کا زور توڑا جا سکے ۔

***47 That is, Allah does not need this help because He is weak and cannot use His power to accomplish this work, but He has adopted this method for the trial of men. Man can advance on the way of his progress and well-being only by passing through this trial. Allah indeed has the power to subdue all the disbelievers by one command whenever He wills and give to His Messengers complete dominance over them, but in that case the believers in the Messengers would have nothing to do for which they should become entitled to rewards. That is why Allah instead of accomplishing this mission through His dominant power adopted the method of sending His Messengers to human beings with the signs and the Book and the criterion, and enjoined them to present the way of justice before the people and exhort them to refrain and desist from wickedness sad injustice At the same time, He gave us full**

option to accept the message of the Messengers or to reject it. He summoned those who accepted the invitation to come forward and help Him and His Messengers to establish justice, and to exert their utmost against those who were bent upon retaining the unjust system. Thus, Allah wants to see who among us reject the invitation to justice, who exert with their lives in order to retain injustice as against justice, who shirk supporting struggling for the cause of the message of justice after they have accepted it, and who stake their lives and their possessions for the sake of unseen God to help the truth become dominant in the world. Only for those who emerge successful in this test will avenues to future progress be opened up.

47*یعنی اللہ کو اس مدد کی ضرورت کچھ اس وجہ سے نہیں ہے کہ وہ کمزور ہے ، اپنی طاقت سے یہ کام نہیں کر سکتا۔ بلکہ یہ طریق کار اس نے انسانوں کی آزمائش کے لیے اختیار فرمایا ہے اور اسی آزمائش سے گزر کر انسان اپنی ترقی اور فلاح کی راہ پر آگے بڑھ سکتا ہے ۔ اللہ تو ہر وقت یہ قدرت رکھتا ہے کہ جب چاہے اپنے ایک اشارے سے تمام کافروں کو مغلوب کر دے اور اپنے رسولوں کو ان پر غلبہ و تسلط عطا فرما دے ۔ مگر اس میں پھر رسولوں پر ایمان لانے والوں کا کیا کمال ہو گا جس کی بنا پر وہ کسی انعام کے مستحق ہوں ؟ اسی لیے اللہ نے اس کام کو اپنی غالب قدرت سے انجام دینے کے بجائے طریق کار یہ اختیار فرمایا کہ اپنے رسولوں کو بینات اور کتاب اور میزان دے کر انسانوں کے درمیان مبعوث کر دیا۔ ان کو اس بات پر مامور فرمایا کہ لوگوں کے سامنے عدل کا راستہ پیش کریں اور ظلم و جور اور بے انصافی سے باز آجانے کی ان کو دعوت دیں ۔ انسانوں کو اس امر کا پورا اختیار دے دیا کہ ان میں سے جو چاہے رسولوں کی دعوت قبول کرے اور جو چاہے اسے رد کر دے ۔ قبول کرنے والوں کو پکارا کہ آؤ، اس عدل کے نظام کو قائم کرنے میں میرا اور میرے رسولوں کا ساتھ دو اور ان لوگوں کے مقابلہ میں جان توڑ جدو جہد کرو جو ظلم و جور کے نظام کو باقی رکھنے پر تلے ہوئے ہیں ۔ اس طرح

اللہ تعالیٰ یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ انسانوں میں سے کون ہیں جو انصاف کی بات کو رد کرتے ہیں، اور کون ہیں جو انصاف کے مقابلے میں بے انصافی قائم رکھنے کے لیے اپنی جان لڑاتے ہیں، اور کون ہیں جو انصاف کی بات قبول کر لینے کے بعد اس کی حمایت اور اس کی خاطر جد و جہد کرنے سے جی چراتے ہیں، اور کون ہیں جو ان دیکھے خدا کی خاطر دنیا میں اس حق کو غالب کرنے کے لیے جان و مال کی بازی لگا دیتے ہیں۔ اس امتحان سے جو لوگ کامیاب ہو کر نکلیں گے انہی کے لیے آئندہ ترقیوں کے دروازے کھلیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ لَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا وَّ اِبۡرٰهِيۡمَ وَجَعَلۡنَا فِىۡ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالۡـكِتٰبَ فَمِنۡهُمۡ مُّهۡتَدٍ ۚ وَّ كَثِيۡرٌ مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ ﴿۲۶﴾ | اور بیشک ہم نے بھیجا نوح اور ابراہیم کو اور رکھدی ان دونوںکی اولاد میں پیغمبری اور کتاب سو کوئی تو ان میں سے ہدایت پر ہے۔ اور اکثر ان میں سے نافرمان ہیں۔ | 26. And indeed We *48 sent Noah and Abraham, and We placed in the progeny of them both the prophethood and the Scripture. *49 So among them is he who is guided, and many of them are disobedient. *50 |

*48 Now it is being told what corruptions appeared among those who believed in the Prophets who came to the world before the Prophet Muhammad (peace be upon him) with the signs and the Book and the criterion.

*48 اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جو رسول بینات اور کتاب اور میزان لے کر آئے تھے ان کے ماننے والوں میں کیا بگاڑ پیدا ہوا۔

*49 That is, whichever Messenger came with Allah’s Book, was from the progeny of the Prophet Noah (peace be upon him) and, after him, from the progeny of the Prophet

Abraham (peace be upon him).

49*یعنی جو رسول بھی اللہ کی کتاب لے کر آئے وہ حضرت نوحؑ کی، اور ان کے بعد حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے تھے۔

*50 Became transgressors and disobedient.

50*یعنی نافرمان ہو گئے، اللہ کی اطاعت کے دائرے سے نکل گئے۔

ثُمَّ قَفَّيۡنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمۡ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيۡنَا بِعِيۡسَى ابۡنِ مَرۡيَمَ وَاٰتَيۡنٰهُ الۡاِنۡجِيۡلَ ۙ وَجَعَلۡنَا فِىۡ قُلُوۡبِ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡهُ رَاۡفَةً وَّرَحۡمَةً ؕ وَرَهۡبَانِيَّةَ ۨابۡتَدَعُوۡهَا مَا كَتَبۡنٰهَا عَلَيۡهِمۡ اِلَّا ابۡتِغَآءَ رِضۡوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوۡهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيۡنَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡهُمۡ اَجۡرَهُمۡ ۚ وَكَثِيۡرٌ مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ ۝۲۷

پھر پے در پے بھیجے ہم نے انکے پیچھے اپنے رسول اور انکے پیچھے بھیجا ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو اور دی اسکو ہم نے انجیل، اور ڈالدی ہم نے دلوں میں انکے جنہوں نے اتباع کی اسکی شفقت اور مہربانی *51۔ اور رہبانیت *52 تو ایجاد کی انہوں نے *53 نہیں فرض کیا تھا ہم نے اسے انپر مگر یہ کہ تلاش کریں خوشنودی اللہ کی پھر نہ نباہ سکے اسکو حق تھا جیسا اسکو نباہنے کا *54۔ تو ہم نے دیا انکو جو ایمان لائے ان میں سے ان کا اجر۔ اور بہت سے ان میں نافرمان

27. Then We caused to follow in their footsteps Our messengers, and We caused to follow Jesus, son of Mary, and We gave him the Gospel, and We placed, in the hearts of those who followed him, compassion and mercy. *51 And monasticism, *52 they innovated it. *53 We did not ordain it for them, but for seeking the pleasure of Allah. Then they did not observe it with its

| | | |
|---|---|---|
| right observance. *54 So we gave those who had believed among them their reward. And many of them are disobedient. | ہیں۔ | |

*51 The words in the text are *rafat* and *rahmat*, which are almost synonymous. But when they are used together, *rafat* implies the compassion that a person feels on seeing another person in pain and distress, and *rahmat* is the feeling under which bhe tries to help him. As the Prophet Jesus (peace be upon him) was highly compassionate and merciful towards the people, his this trait of character deeply influenced his disciples: therefore, they treated the people with pity and sympathy and served them with all their heart and soul.

*51اصل الفاظ ہیں رافت اور رحمت۔ یہ دونوں لفظ قریب قریب ہم معنی ہیں مگر جب یہ ایک ساتھ بولے جاتے ہیں تو رافت سے مراد وہ رقیق القلبی ہوتی ہے جو کسی کو تکلیف و مصیبت میں دیکھ کر ایک شخص کے دل میں پیدا ہو۔ اور رحمت سے مراد وہ جذبہ ہوتا ہے جس کے تحت وہ اس کی مدد کی کوشش کرے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام چونکہ نہایت رقیق القلب اور خلق خدا کے لیے رحیم و شفیق تھے۔ اس لیے ان کی سیرت کا یہ اثر ان کے پیروؤں میں سرایت کر گیا کہ وہ اللہ کے بندوں پر ترس کھاتے تھے اور ہمدردی کے ساتھ ان کی خدمت کرتے تھے۔

*52 The root *rahb* (from which *rahbaniyyat* or *ruhbaniyyat* is derived) means fear; thus *rahbaniyyat* means a mode of life which reflects fear and terror, and *ruhbaniyyat* means

the mode of life of the terrified. As a term it implies a person's abandoning the world out of fear (whether it is the fear of somebody's tyranny, or fear of the worldly temptations and distractions, or fear of one's personal weaknesses) and taking refuge in the jungles and mountains, or living alone as a hermit.

52*اس کا تلفظ رَہْبانیت بھی کیا جاتا ہے اور رُہبانیت بھی۔ اس کا مادہ رَہب ہے جس کے معنی خوف کے ہیں۔ رَہبانیت کا مطلب ہے مسلک خوف زدگی، اور رُہبانیت کے معنی ہیں مسلک خوف زدگان۔ اصطلاحاً اس سے مراد ہے کسی شخص کا خوف کی بنا پر (قطع نظر اس سے کہ وہ کسی کے ظلم کا خوف، یا اپنے نفس کی کمزوریوں کا خوف) تارک الدنیا بن جانا اور دنیوی زندگی سے بھاگ کر جنگلوں اور پہاڑوں میں پناہ لینا یا گوشہ ہائے عزلت میں جا بیٹھنا۔

*53 The words in the original can have two meanings:

(1) That We did not enjoin monasticism (*ruhbaniyyat*) upon them. We enjoined upon them only the seeking of Allah's good pleasure.

(2) That monasticism was not enjoined by Us. They of their own accord enjoined it on themselves, to seek Allah's good pleasure. In both cases this verse makes it explicit that monasticism is an un-Islamic creed, and it has never been part of the true faith. The same thing has been stated by the Prophet (peace be upon him) thus: There is no monasticism in Islam. (Musnad Ahmed). In another Hadith the Prophet (peace be upon him) said: The monasticism of this ummah is to fight in the way of Allah. (Musnad Ahmed Musnad Abi Yala. That is, the way for this ummah to attain to spiritual piety lies not in abandoning the world but in fighting in Allah's way. This ummah does not flee to

**the jungles and mountains out of fear of temptations and distractions but counteracts them by resort to fighting in Allah's way. According to a tradition related both by Bukhari and by Muslim, one of the companions said that he would keep up Prayers throughout the night; another said that he would fast perpetually without ever observing a break; and a third one said the he would never marry and would have nothing to do with women. When the Prophet (peace be upon him) came to know of what they had resolved, he said: By God, I fear Allah the most and remain conscious of Him at all times; yet my way is that I observe the fast as well as break it. I keep up the Prayer during the night as well as have sleep. And I marry the women also. The one who does not follow my way, does not belong to me. Anas says that the Prophet (peace be upon him) used to say: Do not be hard and severe to yourselves, lest Allah should be hard and severe to you. A community had adopted this way of severity towards itself, then Allah also seized it in severity. Look, the remainder of them are found in the monasteries and churches. (Abu Daud).**

53*اصل الفاظ ہیں اِلَّا ابۡتِغَآءَ رِضۡوَانِ اللہ ۔ اس کے دو مطلب ہوسکتے ہیں ۔ ایک یہ کہ ہم نے ان پر اس رہبانیت کو فرض نہیں کیا تھا بلکہ جو چیز ان پر فرض کی تھی وہ یہ تھی کہ وہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کریں ۔ اور دوسرا مطلب یہ کہ یہ رہبانیت ہماری فرض کی ہوئی نہ تھی بلکہ اللہ کی خوشنودی کی طلب میں انہوں نے اسے خود اپنے اوپر فرض کر لیا تھا۔ دونوں صورتوں میں یہ آیت اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ رہبانیت ایک غیر اسلامی چیز ہے اور یہ کبھی دین حق میں شامل نہیں رہی ہے ۔ یہ بات ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے کہ : لا رہبانیت فی الاسلام، " اسلام میں کوئی رہبانیت نہیں "

(مسند احمد)۔ ایک اور حدیث میں حضورؐ نے فرمایا رھبانیت ھٰذہ الامت الجھاد فی سبیل اللہ، ’’ اس امت کی رہبانیت جہاد فی سبیل اللہ ہے ‘‘ مسند احمد۔ مسند ابی یعلیٰ)۔ یعنی اس امت کے لیے روحانی ترقی کا راستہ ترک دنیا نہیں بلکہ اللہ کی راہ میں جہاد ہے، اور یہ امت فتنوں سے ڈر کر جنگلوں اور پہاڑوں کی طرف نہیں بھاگتی بلکہ راہ خدا میں جہاد کر کے ان کا مقابلہ کرتی ہے۔ بخاری و مسلم کی متفق علیہ روایت ہے کہ صحابہ میں سے ایک صاحب نے کہا میں ہمیشہ ساری رات نماز پڑھا کروں گا، دوسرے نے کہا میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا اور کبھی ناغہ نہ کروں گا، تیسرے نے کہا میں کبھی شادی نہ کروں گا اور عورت سے کوئی واسطہ نہ رکھوں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی یہ باتیں سنیں تو فرمایا اما واللہ انی الأخشا کم للہ واتقا کم لہٗ لکنی اصوم واُفطر واُصلی وارقد واتزوج النساء فمن رغب عن سنتی فلیس منی‘‘ خدا کی قسم میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرتا اور اس سے تقویٰ کرتا ہوں۔ مگر میرا طریقہ یہ ہے کہ روزہ رکھتا بھی ہوں اور نہیں بھی رکھتا، راتوں کو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔ جس کو میرا طریقہ پسند نہ ہو اس کا مجھ سے کوئی واسطہ نہیں ‘‘ حضرت انس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے لا تشددو اعلیٰ انفسکم فیشدد اللہ علیکم فان قوما شددو افشدد اللہ علیھم فتلک بقا یا ھم فی الصوامع والدیار۔ ’’ اپنے اوپر سختی نہ کرو کہ اللہ تم پر سختی کرے۔ ایک گروہ نے یہی تشدد اختیار کیا تھا تو اللہ نے بھی پھر اسے سخت پکڑا۔ دیکھ لو، وہ انکے بقایا راہب خانوں اور کنیسوں میں موجود ہیں۔

***54 That is, they were involved in a double error. First, they imposed on themselves the restrictions which Allah had not imposed. Second, they did not observe in the right spirit the restrictions that they had imposed upon themselves with a view to attain to Allah's goodwill, and conducted themselves in a way as to earn Allah's wrath**

**instead of His good pleasure.**

**To understand this theme fully we should have a look at the history of Christian Monasticism.**

**Until 200 years after the Prophet Jesus (peace be upon him), the Christian Church knew no monasticism. Its germs, however, were found in Christianity from the very beginning. To look upon asceticism as a moral ideal and to regard celibacy as superior to matrimonial and mundane life is the basis of monasticism. Both these existed in Christianity from the beginning. Owing to the sanctification of celibacy in particular, it was considered undesirable for those who performed religious services in the church to marry, have children and be involved in domestic chores; so much so that by the 3rd century monasticism began to spread like an epidemic in Christiandom. Historically, it had three main causes.**

**First, sensuality, immorality and worship of the world had so permeated the ancient polytheistic society that in their zeal to counteract it, the Christian scholars adopted the extremist way instead of the way of moderation. They so stressed chastity that the relationship between man and woman by itself came to be looked upon as filthy, even if it was within marriage. They reacted so violently to monasticism that to possess property of any kind ultimately was considered a sin for a religious person and to live like a poor man and ascetic the criterion of moral excellence. Likewise, in their reaction to the sensuality of the polytheistic society, they touched the other extreme. They made withdrawal from pleasure and all material comforts,**

**self denial and curbing of the desires as the object of morality. They regarded torturing the body by different sorts of harsh discipline as the climax and proof of a person's spirituality.**

**Secondly, when Christianity started achieving successes and spreading rapidly among the common people, the Church in its zeal to attract more and more adherents went on imbibing every evil that was prevalent in society. Thus, saint-worship replaced the ancient deities. Images of Christ and Mary began to be worshiped instead of the idols of Horus and Isis. Christmas took the place of Saturnalia. Christian monks began to practice every kind of occult art like curing the sick by amulets and magic incantations, taking omens and fortune-telling, driving out spirits, etc. as were prevalent in ancient days. Likewise, since the common people looked upon a dirty and naked person who lived in a cave or den as a holy and godly man, this very concept of sainthood became prevalent in the Christian Church, and legends of their miraculous powers began to abound in the memoirs of the Christian saints.**

**Thirdly, the Christians possessed no detailed law and definite traditions and practices to determine the bounds of religion. They had given up Mosaic Law and the Gospel by itself afforded no perfect code of guidance. Therefore, the Christian doctors went on permitting every kind of innovation to enter the religion partly under the influence of alien philosophies, customs and practices and partly under their personal preference and whim. Monasticism was one such innovation. Christian scholars and doctors of**

**law took its philosophy and rules and practices from the Buddhist monks, Hindu Yogis and ascetics, Egyptian Anchorites, Iranian Manicheans, and the followers of Plato and Plotinus, and made the same the means and methods of attaining self-purification, spiritual loftiness and nearness to God. Those who committed this error were not ordinary men. From the 3rd to the 7th century (i.e. till about the time the Quran began to be revealed) the religious personalities who were recognized as the foremost scholars and religious guides and leaders of Christendom, both in the East and in the West, St. Athanasius, St. Basil, St. Gregory of Bazianzus, St. Chrysostom, St. Ambrose, St. Jerome, St. Augustine St. Benedict, St. Gregory the Great, all were monks themselves and great upholders of monasticism. It was under their influence that monasticism became popular in the Church.**

**Historically, monasticism among the Christians started from Egypt. Its founder was St. Anthony (A.D. 250 -350) who is regarded as the father of Christian Monasticism. He set up the first monastery at Pispir (now Der al Memum) in the Fayum. Later he established another monastery on the coast of the Red Sea, which is now called Der Mar Antonius. The basic cults of Christian Monasticism are derived from his writings and instructions. After this beginning the monastic movements spread like a flood in Egypt and monasteries for monks and nuns were set up everywhere in the land in some of which lived three thousand monks at a time. In 325 another ascetic, pachomius, appeared in Egypt, who founded ten major**

**monasteries and nunneries for the monks and nuns. The monastic movement then began to spread in Palestine and Syria and different countries of Africa and Europe. The Christian Church in the beginning experienced some confusion in connection with monasticism, for although it recognized abandonment of the world, celibacy and voluntary poverty as an ideal of spiritual life, yet it could not declare marriage, producing children and possessing property or money to be sinful as the monks did. Subsequently, under the influence of holy men like St. Athanasius (d. 373), St. Basil (d. 379), St. Augustine (d. 430) and Gregory the Great (d. 609) many of the monastic rules became part and parcel of the Church.**

**This monastic innovation has some characteristics which are briefly as follows:**

**1. Inflicting pain on the body by severe exercises and novel methods. In this thing every monk tried to surpass the other. The achievements of these holy men as related in the memoirs of the Christian saints are to this effect: St. Macarius of Alexandria constantly carried on himself a weight of 80 pounds. For six months he slept in a swamp while poisonous flies preyed on his naked body. His disciple, St. Eusebius, even surpassed his master in suffering severities and rigors. He moved about carrying a weight of 150 pounds, and lay in a dry well for three years. St. Saba ate the maize that would start stinking having been soaked in water for a whole month. St. Bassarion lay in thorny bushes for 40 days and did not rest his back on the ground for 40 years. St. Pachomius passed 15 years of**

**his life, and according to another tradition 50 years, without putting his back on the ground. St. John remained standing in worship for three years during which he neither sat nor lay down, he would only recline at times against a rock. His food consisted of the offering that was brought for him every Sunday. St. Simeon Styiltes (390-449) who is counted among the most illustrious Christian saints, used to observe an un-broken 40 days fast and smiling. Owing to such concepts the bond of marriage between man and woman came to be looked upon as filthy. A monk was forbidden even to look at a woman, not to speak of marriage, and was required to abandon his wife if he was married. As for men it was also impressed on the women that if they wished to enter the Kingdom of Heaven, they should shun marriage and remain spinsters and if they were married, they should separate from their husbands. St. Jerome, the distinguished Christian scholar, ruled that the woman who remained a spinster as a nun for the sake of Christ, was the bride of Christ, and her mother was the mother-in-law of Christ, i.e. God. Elsewhere St. Jerome says: To cut asunder the bond of marriage with the ax of chastity is the primary duty of the true devotee of God. The first impact these teachings had on a Christian man or Christian woman, under religious fervor, was that his or her married life was ruined. And since there was no provision for divorce or separation in Christianity, the husband and the wife would separate from each other while they remained bound in wed-lock. St. Nilus was father of two children. When he came under the spell of**

**monasticism, he immediately separated from his wife. St. Ammon, on the first night of his marriage, gave his bride a sermon on the filthiness of the marriage bond and then the two between themselves decided to keep aloof from each other throughout life. St. Abraham abandoned his wife on the very first night of marriage. The same was done by St. Alexis. The memoirs of the Christian saints are full of such incidents.**

**The Church continued to resist in one way or the other these extremist concepts for three centuries. In those days it was not required of a priest to be single and unmarried. If he was married before being appointed a minister, he could keep his wife. However, he was forbidden to marry after his appointment. Moreover, a person could not be appointed a minister if he had married a widow, or a divorced woman, or had two wives, or possessed a concubine. Gradually, by the 4th century, the concept became firm that for a married person it was odious to perform religious services in the Church. The Council of Gengra (A.D. 362) was the last one in which such ideas were held as anti-religious, but a little later in 386, Roman Synod counseled the priests to avoid marriage relations and the following year Pope Siricius decreed that the priest who married, or continued to have sex relations with his wife if already married should be dismissed from office. Illustrious scholars like St. Ambrose, and St. Augustine upheld this decision most fervently, and after a little resistance it became fully enforced in the Western Church. In this period several councils were convened to consider**

the complaints to the effect that the people who were already married were having illicit relations with their wives even after their appointment to perform religious duties. Consequently, with a view to reform them, rules were made to the effect that they should sleep in the open, should never meet their wives in private, and should meet them only in the presence of at least two other men. St. Gregory has made mention of a wonderful priest who did not have any relation with his wife for 40 years, and when the woman approached him at his death-bed, he rebuked her, saying: Woman, keep away.

2. Their second characteristic was that they were dirty and against cleanliness and bodily care. Washing or applying water to the body was regarded as opposed to God-worship. For, according to them purification of the body was tantamount to pollution of the soul. St. Athanasius has faithfully described this virtue of St. Anthony that he never washed his feet during life. St. Abraham, from the day he entered Christianity, neither washed his face nor feet for 50 years. A famous nun Virgin Sylvia never allowed any part of her body except the fingers to become wet with water throughout life It is said of 130 nuns of 8 convent that they never washed their feet and would shudder with horror at a mere reference to bath.

3. Monasticism practically forbade married life and ruthlessly discarded the institution of marriage. All religious writings of the 4th and 5th centuries are replete with the thought that celibacy is the highest moral virtue, and chastity meant that one should strictly abstain from

**sexual relation even if it was between husband and wife. The perfection of a pure spiritual life lay in complete self-denial, with no desire for physical pleasure. It was necessary to suppress any carnal desire because it strengthened animal nature. For them pleasure and sin were synonymous so much so that being happy was regarded as being forgetful of God. St. Basil forbade even laughing before Easter every year. Once he kept standing on one leg for a whole year. Often he would leave his monastery and retire to a well. Later he got a 60 foot high pillar erected near Antioch, which was three feet wide at the top and railed round. He spent the last 30 years of his life on this pillar and remained permanently exposed to the elements. His disciples carried food to him by ladder and removed his filth. He had even tied himself to the pillar by a string, which cut into his flesh; when the flesh became rotten, it bred worms; whenever a worm fell out, he would restore it to the sore, saying: Eat what God has given you. Crowds of pilgrims flocked to him from far and near. When he died the Christian world proclaimed that he was the best model of a Christian saint.**

**The memoirs of the Christian saints of this period are full of such instances. One particular saint had the characteristic that he observed silence for 30 years. He was never seen speaking. Another had tied himself to a rock; another roamed the jungles and lived on grass; another moved about carrying a heavy load; another kept his limbs and body tied in fetters and chains; some saints lived in the dens of beasts, or in dry wells, or in old graves; and some**

**others remained naked and concealed their private parts under long hair and would crawl on the ground. After death the bones of the illustrious saints were preserved in monastery. I saw a full library decked with such bones in St. Catherine's monastery at the foot of Mount Sinai. There were skulls and foot-bones and hand bones arranged separately. A glass-case contained the whole skeleton of a saint.**

**4. The most painful and pathetic chapter of ascetic monasticism is that it cut asunder man's relations with his parents, with his brothers and sisters, and even his children For the Christian saints love of the parents for son, love of the brothers and sisters for brother and love of the children for father also was sinful. They believed it was necessary for man to break off all those relations for the sake of spiritual progress. In the biographies of the Christian saints one comes across highly pathetic and heart-rending incidents. A monk, St. Evagrius, had been undergoing severe exercises in the desert for many years. Suddenly one day letters reached him from his father and mother, who were passing their days in great agony without him. The saint, fearing that the letters might arouse feelings of human love in his heart, cast the letters immediately into the fire, without even opening them. The mother and sister of St. Theodorus came to the monastery where he was staying, with recommendatory letters from many priests, and desired to have only a glimpse of him, but the saint refused to come out before them. St. Marcus' mother went to the monastery to sec him. She somehow obtained the**

**abbot's permission for it and requested him to order her son to come out before her, but the son was adamant to her prayers. At last, he implemented the abbot's orders by appearing before his mother disguised and with closed eyes. Thus, neither was the mother able to recognize her son, nor the son saw his mother. Another saint, St. Poemen ant his six brothers lived in a desert monastery of Egypt. Years later their old mother came to know of their whereabouts and went to see them in the monastery. As soon as the brothers saw their mother coming, they hurried into their cell and shut the door. The mother started crying and wailing outside saying: I have traveled in this old age from a distant place only to have a glimpse of you. There will be no harm if only I see you. Am I not your mother. But the saints did not open the door and told the mother that they would meet her in the next world. Even more painful and piteous is the story of St. Simeon Stylites, who left his parents and remained away from them without any trace of his whereabouts for 27 years. The father died of grief. When the fame of the son's piety and holiness spread, the mother, who was still living in agony, came to know of his whereabouts. She came to the monastery to see him but women were not allowed to enter. She prayed that either the son should call her in, or he should himself come out to let her have a glimpse of him, but the saint refused to oblige her. The woman lay at the entrance for three days and three nights and at last breathed her last in the same state. Then the holy man emerged from his seclusion, mourned his mother's death and prayed for her forgiveness.**

**In the same harsh way these saints treated their sisters and children. There is the story of Mutius, a prosperous man by all means. Drawn out suddenly by the religious impulse, he took his 8-year-old son and went to a monastery. But for the sake of his progress to holiness it was necessary that he should give up love of his son. Therefore, first the son was separated from him. Then the innocent child was subjected to harsh treatment before his very eyes and he watched it patiently. Then, the abbot of the monastery ordered him to go and cast the child into the river. He became ready even for this; then right at the time when he was going to throw the child into the river, the monks saved the child's life. Then it was admitted that he had actually attained to the rank of a holy man.**

**The viewpoint of Christian monasticism in these matters was that the one who sought love of God, should break off all relations of human love that bound him in the world to his parents, his brothers and sisters and his children. St. Jerome says: Even if your nephew clings to you with his hands round your neck; even if your mother calls you back in the name of having suckled you; even if your father obstructs your way and lies down before you, you should hasten out to the banner of the cross, trampling the body of your father, without shedding a tear. Ruthlessness in this matter is piety itself. St. Gregory writes: A young monk who could not give up love of his parents, left the monastery one night in order to pay them a visit. God punished him for this error, for as soon as he returned to the monastery, he died. His body was buried in the grave**

**but the earth did not accept it. He was placed in the grave again and again, and the earth threw him out every time. At last, St. Benedict placed a sacred offering on his chest, and then the grave accepted him. Of a nun it is said that for three days after her death, she remained subject to a torment because she had not been able to cleanse her heart of her mother's love. About a saint it is written that he never treated anyone harshly except his relatives.**

**5. Their practice of meting out ruthless, cruel and harsh treatment to their nearest relatives, made their human feeling dead, with the result that they would treat with utmost enmity those with whom they had any religious differences. By the beginning of the 4th century, 80 to 90 religious sects had arisen in Christianity. St. Augustine has made mention of 88 sects of his own time, each of which regarded the other with extreme hatred. And the fire of this hatred also was fanned by the monks, who were always in the forefront to halt and destroy the opponent sects by their machinations. Alexandria was a great center of this sectarian conflict.**

**There, in the beginning the Bishop of the Arian sect attacked the Athanasius party. Virgin nuns were dragged out of their convents, stripped naked and beaten with thorny branches and branded in order to make them give up their creed. Then, when the Roman Catholics came to power in Egypt, they treated the Arian sect likewise; so much so that according to the prevalent view Arius himself was also poisoned. Once in the same city of Alexandria the monks of St. Cyril created a turmoil. They seized a nun of**

**the opponent sect and took her into their church; they killed her, backed her body to pieces, and cast it into the fire. Rome was not any different from this. In 366, at the death of Pope Liberius, two sects nominated their respective candidates for papacy; this resulted in great bloodshed; so much so that in one day 137 dead bodies were taken out from one church.**

**6. Side by side with this retreat from the world and life of seclusion and poverty, wealth of the world was also amassed most avariciously. By the beginning of the 5th century the condition was that the bishop of Rome lived in his palace like kings, and when his conveyance emerged in the city, it would be as stately and splendid as of the emperor himself. St. Jerome complains of the conditions of his time (later part of the 4th century) saying that the feast hosted by many of the bishops out-classed the feasts of the governors. The flow of wealth to monasteries and churches had assumed the proportions of a deluge by the beginning of the 7th century (the age of the revelation of the Quran). It had been deeply impressed on the minds that a person who happened to commit a grave sin could be redeemed only by making an offering at a saint's shrine, or a sacrifice at the altar of a church or monastery. Then the same world and its luxuries and comforts abstention from which was the mark of distinction of the monks, lay at their feet. The factor which, in particular, caused this decline was that when the common people developed extreme reverence for the monks because of their undergoing severe exercises of self-discipline and self-denial, hosts of world seeking people**

**also donned the monk's garments and entered their ranks. Then under the garb of feigned poverty they turned acquisition of worldly wealth and possessions into a flourishing business.**

**7. In the matter of chastity monasticism was also repeatedly defeated in its fight against nature and defeated well and proper. In the monasteries some exercises of self-mortification were such as required the monks and nuns to live together in one and the same place, and they had often to pass the night in the same bed in their enthusiasm for more and more temptations. St. Evagarius, the well-known monk, has praised the self-control acquired by the Palestinian monks, saying: They had mastered their passion so completely that although they bathed with the women together, looked at their bodies, touched them, even embraced them, yet they remained invincible to nature. Although bathing was an odious thing in monasticism, such baths were also taken for the sake of exercise in self-control. At last, about the same Palestine, St. Gregory of Nyssa (d. 396) writes that it bas become a center of wickedness and immorality. Human nature avenges itself on those who fight it. Monasticism fought it and ultimately fell in the pit of immorality the story of which is a most shameful blot on the religious history of the 8th to 11th centuries. An Italian bishop of the 10th century writes: If the penal law for misconduct is practically enforced against those who perform religious services in the church, none would escape punishment except the boys, and if the law to remove illegitimate children from religious services was**

also enforced, there might perhaps be left no boy among the attendants of the church. Books of the medieval authors are replete with the complaints that the nunneries had become houses of prostitution. Within their four walls newborn babies were being massacred; the priests and religious attendants of the church had developed illicit connections even with forbidden relatives; the crime of the unnatural act had spread like an epidemic in the monasteries; and the practice of confession had become a means of immorality in the churches.

From these details, one can fully appreciate what corruption of Christianity is that which the Quran is alluding to when it says: The Christians themselves invented monasticism, but they did not observe it as it should have been observed.

54*یعنی وہ دہری غلطی میں مبتلا ہو گئے۔ ایک غلطی یہ کہ اپنے اوپر وہ پابندیاں عائد کیں جن کا اللہ نے کوئی حکم نہ دیا تھا۔ اور دوسری غلطی یہ کہ جن پابندیوں کو اپنے نزدیک اللہ کی خوشنودی کا ذریعہ سمجھ کر خود اپنے اوپر عائد کر بیٹھے تھے ان کا حق ادا نہ کیا اور وہ حرکتیں کیں جن سے اللہ کی خوشنودی کے بجائے الٹا اس کا غضب مول لے بیٹھے۔

اس مقام کو پوری طرح سمجھنے کے لیے ایک نظر مسیحی رہبانیت کی تاریخ پر ڈال لینی چاہیے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد دو سو سال تک عیسائی کلیسا رہبانیت سے نا آشنا تھا۔ مگر ابتدا ہی سے مسیحیت میں اس کے جراثیم پائے جاتے تھے اور وہ تخیلات اس کے اندر موجود تھے جو اس چیز کو جنم دیتے ہیں۔ ترک و تجرید کو اخلاقی آئیڈیل قرار دینا اور درویشانہ زندگی کو شادی بیاہ اور دنیوی کاروبار کی زندگی کے مقابلے میں اعلیٰ و افضل سمجھنا ہی رہبانیت کی بنیاد ہے، اور یہ دونوں چیزیں مسیحیت میں ابتدا سے موجود تھیں۔ خصوصیت کے ساتھ

تجرد کو تقدس کا ہم معنی سمجھنے کی وجہ سے کلیسا میں مذہبی خدمات انجام دینے والوں کے لیے یہ بات ناپسندیدہ خیال کی جاتی تھی کہ وہ شادی کریں، بال بچوں والے ہوں اور خانہ داری کے بکھیڑوں میں پڑیں۔ اسی چیز نے تیسری صدی تک پہنچتے پہنچتے ایک فتنے کی شکل اختیار کرلی اور رہبانیت ایک وبا کی طرح مسیحیت میں پھیلنی شروع ہوئی۔ تاریخی طور پر اس کے تین بڑے اسباب تھے:

ایک یہ کہ قدیم مشرک سوسائٹی میں شہوانیت، بدکرداری اور دنیا پرستی جس شدت کے ساتھ پھیلی ہوئی تھی اس کا توڑ کرنے کے لیے عیسائی علماء نے اعتدال کی راہ اختیار کرنے کے بجائے انتہا پسندی کی راہ اختیار کی۔ انہوں نے عفت پر اتنا زور دیا کہ عورت اور مرد کا تعلق بجائے خود نجس قرار پا گیا، خواہ وہ نکاح ہی کی صورت میں ہو۔ انہوں نے دنیا پرستی کے خلاف اتنی شدت برتی کہ آخر کار ایک دین دار آدمی کے لیے سرے سے کسی قسم کی املاک رکھنا ہی گناہ بن گیا اور اخلاق کا معیار یہ ہوگیا کہ آدمی بالکل مفلس اور ہر لحاظ سے تارک الدنیا ہو۔ اسی طرح مشرک سوسائٹی کی لذت پرستی کے جواب میں وہ اس انتہا پر جا پہنچے کہ ترک الذات، نفس کو مارنا اور خواہشات کا قلع قمع کر دینا اخلاق کا مقصود بن گیا، اور طرح طرح کی ریاضتوں سے جسم کو اذیتیں دینا آدمی کی روحانیت کا کمال اور اس کا ثبوت سمجھا جانے لگا۔

دوسرے یہ کہ مسیحیت جب کامیابی کے دور میں داخل ہو کر عوام میں پھیلنی شروع ہوئی تو اپنے مذہب کی توسیع و اشاعت کے شوق میں کلیسا ہر اس برائی کو اپنے دائرے میں داخل کرتا چلا گیا جو عام لوگوں میں مقبول تھی۔ اولیاء پرستی نے قدیم معبودوں کی جگہ لے لی۔ ہورس (Horus) اور آئسس (Isis) کے مجسموں کی جگہ مسیح اور مریم کے بت پوجے جانے لگے۔ سیٹرنیلیا (Saturnalia) کی جگہ کرسمس کا تہوار منایا جانے لگا۔ قدیم زمانے کے تعویذ گنڈے، عملیات، فال گیری و غیب گوئی جن بھوت بھگانے کے عمل، سب عیسائی درویشوں نے شروع کر دیے۔ اسی طرح چونکہ عوام اس شخص کو خدا رسیدہ سمجھتے تھے جو گندا اور ننگا ہو اور کسی بھٹ یا کھوہ میں رہے، اس لیے عیسائی کلیسا میں ولایت کا یہی تصور مقبول ہوگیا اور ایسے ہی لوگوں کی کرامتوں کے قصوں سے عیسائیوں کے ہاں تذکرۃ الاولیاء قسم کی کتابیں لبریز ہوگئیں۔

تیسرے یہ کہ عیسائیوں کے پاس دین کی سرحدیں متعین کرنے کے لیے کوئی مفصل شریعت اور کوئی واضح

سنت موجود نہ تھی۔ شریعت موسوی کو وہ چھوڑ چکے تھے، اور تنہا انجیل کے اندر کوئی مکمل ہدایت نامہ نہ پایا جاتا تھا۔ اس لیے مسیحی علماء کچھ باہر کے فلسفوں اور طور طریقوں سے متاثر ہو کر اور کچھ خود اپنے رجحانات کی بنا پر طرح طرح کی بدعتیں دین میں داخل کرتے چلے گئے۔ رہبانیت بھی انہی بدعتوں میں سے ایک تھی۔ مسیحی مذہب کے علماء اور ائمہ نے اس کا فلسفہ اور اس کا طریق کار بدھ مذہب کے بھکشوؤں سے ہندو جوگیوں اور سنیاسیوں سے، قدیم مصری فقراء (Anchorites) سے، ایران کے مانویوں سے، اور افلا طینوس کے پیرو اشراقیوں سے اخذ کیا اور اسی کو تزکیہ نفس کا طریقہ، روحانی ترقی کا ذریعہ، اور تقرب الی اللہ کا وسیلہ قرار دے لیا۔ اس غلطی کے مرتکب کوئی معمولی درجہ کے لوگ نہ تھے۔ تیسری صدی سے ساتویں صدی عیسوی (یعنی نزول قرآن کے زمانے) تک جو لوگ مشرق اور مغرب میں مسیحیت کے اکابر علماء، بزرگ ترین پیشوا اور امام مانے جاتے ہیں، سینٹ اَتھانا سیوس، سینٹ باسل، سینٹ گریگوری نازیا نزین، سینٹ کرائی سوسٹم، سینٹ اَیمبروز، سینٹ جیروم، سینٹ آگسٹائن، سینٹ بینیڈکٹ، گریگوری اعظم، سب کے سب خود راہب اور رہبانیت کے زبردست علمبردار تھے۔ انہی کی کوششوں سے کلیسا میں رہبانیت نے رواج پایا۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیوں میں رہبانیت کا آغاز مصر سے ہوا۔ اس کا بانی سینٹ انتھنی (St. Anthony) تھا جو 250 ء میں پیدا ہوا اور 350 ء میں دنیا سے رخصت ہوا۔ اسے پہلا مسیحی راہب قرار دیا جاتا ہے۔ اس نے فیوم کے علاقے میں پسپیر کے مقام پر جو اب دیر الیمون کے نام سے معروف ہے، پہلی خانقاہ قائم کی۔ اس کے بعد دوسری خانقاہ اس نے بحر احمر کے ساحل پر قائم کی جسے اب دیر مارانطونیوس کہا جاتا ہے۔ عیسائیوں میں رہبانیت کے بنیادی قواعد اس کی تحریروں اور ہدایات سے ماخوذ ہیں۔ اس آغاز کے بعد یہ سلسلہ مصر میں سیلاب کی طرح پھیل گیا اور جگہ جگہ راہبوں اور راہبات کے لیے خانقاہیں قائم ہوگئیں جن میں سے بعض میں تین تین ہزار راہب بیک وقت رہتے تھے۔ 325 ء میں مصر ہی کے اندر ایک اور مسیحی ولی پاخومیوس نمودار ہوا جس نے دس بڑی خانقاہیں راہبین و راہبات کے لیے بنائیں۔ اس کے بعد یہ سلسلہ شام و فلسطین اور افریقہ و یورپ کے مختلف ملکوں میں پھیلتا چلا گیا۔ کلیسائی نظام کو اول اول اس رہبانیت کے معاملہ میں سخت الجھن سے سابقہ پیش آیا، کیونکہ وہ ترک دنیا اور تجرد اور غریبی و مفلسی کو

روحانی زندگی کا آئیڈیل تو سمجھتا تھا، مگر راہبوں کی طرح شادی بیاہ اور اولاد پیدا کرنے اور ملکیت رکھنے کو گناہ بھی نہ ٹھیرا سکتا تھا۔ بالآخر سینٹ اَتھانا ہیوس (متوفی 373ء) سینٹ باسل (متوفی 379ء)، سینٹ آگسٹائن (متوفی 430ء)اور گریگوری اعظم (متوفی 609ء) جیسے لوگوں کے اثر سے رہبانیت کے بہت سے قواعد چرچ کے نظام میں باقاعدہ داخل ہو گئے۔

اس راہبانہ بدعت کی چند خصوصیات تھیں جنہیں ہم اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

(1) سخت ریاضتوں اور نت نئے طریقوں سے اپنے جسم کو اذیتیں دینا۔ اس معاملہ میں ہر راہب دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرتا تھا۔ عیسائی اولیاء کے تذکروں میں ان لوگوں کے جو کمالات بیان کیے گئے ہیں وہ کچھ اس قسم کے ہیں: اسکندریہ کا سینٹ مکاریوس ہر وقت اپنے جسم پر 80 پونڈ کا بوجھ اٹھائے رکھتا تھا۔ 6 مہینے تک وہ ایک دلدل میں سوتا رہا اور زہریلی مکھیاں اس کے برہنہ جسم کو کاٹتی رہیں۔ اس کے مرید سینٹ یوسیبیوس نے پیر سے بھی بڑھ کر ریاضت کی۔ وہ 150 پونڈ کا بوجھ اٹھائے پھرتا تھا اور 3 سال تک ایک خشک کنوئیں میں پڑا رہا۔ سینٹ سابیوس صرف وہ مکئی کھاتا تھا جو مہینہ بھر پانی میں بھیگ کر بدبو دار ہو جاتی تھی۔ سینٹ بیساریون 40 دن تک خاردار جھاڑیوں میں پڑا رہا اور 40 سال تک اس نے زمین کو پیٹھ نہیں لگائی۔ سینٹ پاخومیوس نے 15 سال، اور ایک روایت کے مطابق پچاس سال زمین کو پیٹھ لگائے بغیر گزار دیے۔ ایک ولی سینٹ جان تین سال تک عبادت میں کھڑا رہا۔ اس پوری مدت میں وہ نہ کبھی بیٹھا نہ لیٹا۔ آرام کے لیے بس ایک چٹان کا سہارا لے لیتا تھا اور اس کی غذا صرف وہ تبرک تھا جو ہر اتوار کو اس کے لیے لایا جاتا تھا۔ سینٹ سیمیون اِسٹائلائٹ (390ء 449ء) جو عیسائیوں کے اولیائے کبار میں شمار ہوتا ہے، ہر ایسٹر سے پہلے پورے چالیس دن فاقہ کرتا تھا۔ ایک دفعہ وہ پورے ایک سال تک ایک ٹانگ پر کھڑا رہا۔ بسا اوقات وہ اپنی خانقاہ سے نکل کر ایک کنوئیں میں جا رہتا تھا۔ آخر کار اس نے شمالی شام کے قلعہ سِمان کے قریب 60 فیٹ بلند ایک ستون بنوایا جس کا بالائی حصہ صرف تین فیٹ کے گھیر میں تھا اور اوپر کٹہرا بنا دیا گیا تھا۔ اس ستون پر اس نے پورے تیس سال گزار دیے۔ دھوپ، بارش، سردی، گرمی سب اس پر سے گزرتی رہتی تھیں اور وہ کبھی ستون سے نہ اترتا تھا۔ اس کے مرید سیڑھی لگا کر اس کو کھانا پہنچاتے اور اس کی

گندگی صاف کرتے تھے ۔ پھر اس نے ایک رسی لے کر اپنے آپ کو اس ستون سے باندھ لیا یہاں تک کہ رسی اس کے گوشت میں پیوست ہو گئی، گوشت سڑ گیا اور اس میں کیڑے پڑ گئے۔ جب کوئی کیڑا اس کے پھوڑوں گر جاتا تو وہ اسے اٹھا کر پھر پھوڑے ہی میں رکھ لیتا اور کہتا ''کھا جو کچھ خدا نے تجھے دیا ہے'' مسیحی عوام دور دور سے اس کی زیارت کے لیے آتے تھے ۔ جب وہ مرا تو مسیحی عوام کا فیصلہ یہ تھا کہ وہ عیسائی ولی کی بہترین مثال تھا۔

اس دور کے عیسائی اولیاء کی جو خوبیاں بیان کی گئی ہیں وہ ایسی ہی مثالوں سے بھری پڑی ہیں ۔ کسی ولی کی تعریف یہ تھی کہ 30 سال تک وہ بالکل خاموش رہا ور کبھی اسے بولتے نہ دیکھا گیا۔ کسی نے اپنے آپ کو ایک چٹان سے باندھ رکھا تھا۔ کوئی جنگلوں میں مارا مارا پھرتا اور گھاس پھونس کھا کر گزارا کرتا۔ کوئی بھاری بوجھ ہر وقت اٹھائے پھرتا۔ کوئی طوق و سلاسل سے اپنے اعضا جکڑے رکھتا۔ کچھ حضرات جانوروں کے بھٹوں ، یا خشک کنوؤں ، یا پرانی قبروں میں رہتے تھے ۔ اور کچھ دوسرے بزرگ ہر وقت ننگے رہتے اور اپنا ستر اپنے لمبے لمبے بالوں سے چھپاتے اور زمین پر رینگ کر چلتے تھے ۔ ایسے ہی ولیوں کی کرامات کے چرچے ہر طرف پھیلے ہوئے تھے اور ان کے مرنے کے بعد ان کی ہڈیاں خانقاہوں میں محفوظ رکھی جاتی تھیں ۔ میں نے خود کوہ سینا کے نیچے سینٹ کیتھرائن کی خانقاہ میں ایسی ہی ہڈیوں کی ایک پوری لائبریری سجی ہوئی دیکھی ہے جس میں کہیں اولیاء کی کھوپڑیاں قرینے سے رکھی ہوئی تھیں ، کہیں پاؤں کی ہڈیاں ، اور کہیں ہاتھوں کی ہڈیاں ۔ اور ایک ولی کا تو پورا ڈھانچہ ہی شیشے کی ایک الماری میں رکھا ہوا تھا۔

(2) ان کی دوسری خصوصیت یہ تھی کہ وہ ہر وقت گندے رہتے اور صفائی سے سخت پرہیز کرتے تھے ۔ نہانا یا جسم کو پانی لگانا ان کے نزدیک خدا پرستی کے خلاف تھا۔ جسم کی صفائی کو وہ روح کی نجات سمجھتے تھے ۔ سینٹ اتھاناسیوس بڑی عقیدت کے ساتھ سینٹ انتھنی کی یہ خوبی بیان کرتا ہے کہ اس نے مرتے دم تک کبھی اپنے پاؤں نہیں دھوئے۔ سینٹ ابراہام جب سے داخل مسیحیت ہوا، پورے 5 سال اس نے نہ منہ دھویا نہ پاؤں ۔ ایک مشہور راہبہ کنواری سلویا نے عمر بھر اپنی انگلیوں کے سوا جسم کے کسی حصے پر پانی نہیں لگنے دیا۔ ایک کانونیٹ کی 130 راہبات کی تعریف میں لکھا ہے کہ انہوں نے کبھی اپنے پاؤں نہیں

دھوئے، اور غسل کا تو نام سن کر ہی ان کے بدن پر لرزہ چڑھ جاتا تھا۔

(3) اس رہبانیت نے ازدواجی زندگی کو عملاً بالکل حرام کر دیا اور نکاح کے رشتے کو کاٹ پھینکنے میں سخت بیدردی سے کام لیا۔ چوتھی اور پانچویں صدی کی تمام مذہبی تحریریں اس خیال سے بھری ہوئی ہیں کہ تجرد سب سے بڑی اخلاقی قدر ہے، اور عفت کے معنی یہ ہیں کہ آدمی جنسی تعلق سے قطعی احتراز کرے خواہ وہ میاں اور بیوی کا تعلق ہی کیوں نہ ہو۔ پاکیزہ روحانی زندگی کا کمال یہ سمجھا جاتا تھا کہ آدمی اپنے نفس کو بالکل مار دے اور اس میں جسمانی لذت کی کوئی خواہش تک باقی نہ چھوڑے۔ ان لوگوں کے نزدیک خواہش کو مار دینا اس لیے ضروری تھا کہ اس سے حیوانیت کو تقویت پہنچتی ہے، ان کے نزدیک لذت اور گناہ ہم معنی تھے، حتیٰ کہ مسرت بھی ان کی نگاہ میں خدا فراموشی کی مترادف تھی۔ سینٹ باسل ہنسنے اور مسکرانے تک کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ ان ہی تصورات کی بنا پر عورت اور مرد کے درمیان شادی کا تعلق ان کے ہاں قطعی نجس قرار پا گیا تھا۔ راہب کے لیے ضروری تھا کہ وہ شادی کرنا تو درکنار، عورت کی شکل تک نہ دیکھے، اور اگر شادی شدہ ہو تو بیوی کو چھوڑ کر نکل جائے۔ مردوں کی طرح عورتوں کے دل میں بھی یہ بات بٹھائی گئی تھی کہ وہ اگر آسمانی بادشاہت میں داخل ہونا چاہتی ہیں تو ہمیشہ کنواری رہیں، اور شادی شدہ ہوں تو اپنے شوہروں سے الگ ہو جائیں۔ سینٹ جیروم جیسا ممتاز مسیحی عالم کہتا ہے کہ جو عورت مسیح کی خاطر راہبہ بن کر ساری عمر کنواری رہے وہ مسیح کی دلہن ہے اور اس عورت کی ماں کو خدا، یعنی مسیح، کی ساس (Mother-in-law of God) ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ایک اور مقام پر سینٹ جیروم کہتا ہے کہ "عفت کی کلہاڑی سے ازدواجی تعلق کی لکڑی کو کاٹ پھینکنا سالک کا اولین کام ہے"۔ ان تعلیمات کی وجہ سے مذہبی جذبہ طاری ہونے کے بعد ایک مسیحی مرد یا ایک مسیحی عورت پر اس کا پہلا اثر یہ ہوتا تھا کہ اس کی خوش گوار ازدواجی زندگی ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتی تھی۔ اور چونکہ مسیحیت میں طلاق و تفریق کا راستہ بند تھا، اس لیے نکاح کے رشتے میں رہتے ہوئے میاں اور بیوی ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے تھے۔ سینٹ نائلس St_ Nilus دو بچوں کا باپ تھا۔ جب اس پر رہبانیت کا دورہ پڑا تو اس کی بیوی روتی رہ گئی اور وہ اس سے الگ ہو گیا۔ سینٹ امون (St_ Ammon) نے شادی کی پہلی رات ہی اپنی دلہن کو ازدواجی تعلق کی نجاست پر وعظ سنایا اور

دونوں نے بالاتفاق طے کرلیا کہ جیتے جی ایک دوسرے سے الگ رہیں گے ۔ سینٹ ابراہام شادی کی پہلی رات ہی اپنی بیوی کو چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ یہی حرکت سینٹ ایلیکس (St_ Alexis) نے کی۔ اس طرح کے واقعات سے عیسائی اولیاء کے تذکرے بھرے پڑے ہیں ۔

کلیسا کا نظام تین صدیوں تک اپنے حدود میں ان انتہا پسندانہ تصورات کی کسی نہ کسی طرح مزاحمت کرتا رہا۔ اس زمانے میں ایک پادری کے لیے مجرد ہونا لازم نہ تھا۔ اگر اس نے پادری کے منصب پر فائز ہونے سے پہلے شادی کر رکھی ہو تو وہ بیوی کے ساتھ رہ سکتا تھا، البتہ تقرر کے بعد شادی کرنا اس کے لیے ممنوع تھا۔ نیز کسی ایسے شخص کو پادری مقرر نہیں کیا جا سکتا تھا جس نے کسی بیوہ یا مطلقہ سے شادی کی ہو، یا جس کی دو بیویاں ہوں ، یا جس کے گھر میں لونڈی ہو۔ رفتہ رفتہ چوتھی صدی میں یہ خیال پوری طرح زور پکڑ گیا کہ جو شخص کلیسا میں مذہبی خدمات انجام دیتا ہو اس کے لیے شادی شدہ ہونا بڑی گھناؤنی بات ہے ۔ 362 ء کی گنگرا کونسل (Council of Gengra) آخری مجلس تھی جس میں اس طرح کے خیالات کو خلاف مذہب ٹھیرایا گیا۔ مگر اس کے تھوڑی ہی مدت بعد 386 ء کی رومن سیناڈ (Synod) نے تمام پادریوں کو مشورہ دیا کہ وہ ازدواجی تعلقات سے کنارہ کش رہیں ، اور دوسرے سال پوپ سائریکیس (Siricius) نے حکم دے دیا کہ جو پادری شادی کرے ، شادی شدہ ہونے کی صورت میں اپنی بیوی سے تعلق رکھے ، اس کو اس منصب سے معزول کر دیا جائے ۔ سینٹ جیروم، سینٹ ایمبروز، اور سینٹ آگسٹائن جیسے اکابر علماء نے بڑے زور شور سے اس فیصلے کی حمایت کی اور تھوڑی سے مزاحمت کے بعد مغربی کلیسا میں یہ پوری شدت کے ساتھ نافذ ہوگیا۔ اس دور میں متعدد کونسلیں ان شکایات پر غور کرنے کے لیے منعقد ہوئیں کہ جو لوگ پہلے سے شادی شدہ تھے وہ مذہبی خدمات پر مقرر ہونے کے بعد بھی اپنی بیویوں کے ساتھ ''ناجائز'' تعلقات رکھتے ہیں ۔ آخر کار ان کی اصلاح کے لیے یہ قواعد بنائے گئے کہ وہ کھلے مقامات پر سوئیں ، اپنی بیویوں سے کبھی علیحدگی میں نہ ملیں ، اور ان کی ملاقات کے وقت کم ازکم دو آدمی موجود ہوں ۔ سینٹ گریگوری ایک پادری کی تعریف میں لکھتا ہے کہ 40 سال تک وہ اپنی بیوی سے الگ رہا حتیٰ کہ مرتے وقت جب اس کی بیوی اس کے قریب گئی تو اس نے کہا، عورت، دور ہٹ جا!

(4) سب سے زیادہ دردناک باب اس رہبانیت کا یہ ہے کہ اس نے ماں باپ، بھائی بہنوں کی محبت، اور باپ کے لیے اولاد تک سے آدمی کا رشتہ کاٹ دیا۔ مسیحی ولیوں کی نگاہ میں بیٹے کے لیے ماں باپ کی محبت، بھائی کے لیے بھائی بہنوں کی محبت، اور باپ کے لیے اولاد کی محبت بھی ایک گناہ تھی۔ انکے نزدیک روحانی ترقی کے لیے یہ ناگزیر تھا کہ آدمی ان سارے تعلقات کو توڑ دے۔ مسیحی اولیاء کے تذکروں میں اس کے ایسے ایسے دل سوز واقعات ملتے ہیں جنہیں پڑھ کر انسان کے لیے ضبط کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایک راہب ایواگریس (Evagrius) سالہا سال سے صحرا میں ریاضتیں کر رہا تھا۔ ایک روز یکایک اس کے پاس اس کی ماں اور اس کے باپ کے خطوط پہنچے جو برسوں سے اس کی جدائی میں تڑپ رہے تھے۔ اسے اندیشہ ہوا کہ کہیں ان خطوں کو پڑھ کر اس کے دل میں انسانی محبت کے جذبات نہ جاگ اٹھیں۔ اس نے ان کو کھولے بغیر فوراً آگ میں جھونک دیا۔ سینٹ تھیوڈورس کی ماں اور بہن بہت سے پادریوں کے سفارشی خطوط لے کر اس خانقاہ میں پہنچیں جس میں وہ مقیم تھا اور خواہش کی کہ وہ صرف ایک نظر بیٹے اور بھائی کو دیکھ لیں۔ مگر اس نے ان کے سامنے آنے تک سے انکار کر دیا۔ سینٹ مارکس (St_Marcus) کی ماں اس سے ملنے کے لیے اس کی خانقاہ میں گئی اور خانقاہ کے شیخ (Abbot) کی خوشامدیں کر کے اس کو راضی کیا کہ وہ بیٹے کو ماں کے سامنے آنے حکم دے۔ مگر بیٹا کسی طرح ماں سے نہ ملنا چاہتا تھا۔ آخر کار اس نے شیخ کے حکم کی تعمیل اس طرح کی کہ بھیس بدل کر ماں کے سامنے گیا اور آنکھیں بند کر لیں اس طرح نہ ماں نے بیٹے کو پہچانا، نہ بیٹے نے ماں کی شکل دیکھی۔ ایک اور ولی سینٹ پوئمن (St_Poemen) اور اس کے 6 بھائی مصر کی ایک صحرائی خانقاہ میں رہتے تھے۔ برسوں بعد ان کی بوڑھی ماں کو ان کا پتہ معلوم ہوا اور وہ ان سے ملنے کے لیے وہاں پہنچی۔ بیٹے ماں کو دور سے دیکھتے ہی بھاگ کر اپنے حجرے میں چلے گئے اور دروازہ بند کر لیا۔ ماں باہر بیٹھ کر رونے لگی اور اس نے چیخ چیخ کر کہا میں اس بڑھاپے میں اتنی دور چل کر صرف تمہیں دیکھنے آئی ہوں، تمہارا کیا نقصان ہو گا اگر میں تمہاری شکلیں دیکھ لوں۔ کیا میں تمہاری ماں نہیں ہوں؟ مگر ان ولیوں نے دروازہ نہ کھولا اور ماں سے کہہ دیا کہ ہم تجھ سے خدا کے ہاں ملیں گے۔ اس سے بھی زیادہ دردناک قصہ سینٹ سیمیون اِسٹائلائٹس (St_Simeon Stylites) کا ہے جو ماں باپ کو چھوڑ کر

27 سال غائب رہا۔ باپ اس کے غم میں مرگیا۔ ماں زندہ تھی بیٹے کی ولایت کے چرچے جب دور و نزدیک پھیل گئے تو اس کو پتہ چلا کہ وہ کہاں ہے ۔ بے چاری اس سے ملنے کے لیے اس کی خانقاہ پر پہنچی ۔ مگر وہاں کسی عورت کو داخلے کی اجازت نہ تھی۔ اس نے لاکھ منت سماجت کی کہ بیٹا یا تو اسے اندر بلالے یا باہر نکل کر اسے اپنی صورت دکھا دے ۔ مگر اس ''ولی اللہ'' نے صاف انکار کر دیا۔ تین رات اور تین دن وہ خانقاہ کے دروازے پر پڑی رہی اور آخر کار وہیں لیٹ کر اس نے جان دے دی۔ تب ولی صاحب نکل کر آئے۔ ماں کی لاش پر آنسو بہائے اور اس کی مغفرت کے لیے دعا کی۔

ایسی ہی بے دردی ان ولیوں نے بہنوں کے ساتھ اور اپنی اولاد کے ساتھ برتی۔ ایک شخص کیوٹیس (Mutius) کا قصہ لکھا ہے کہ وہ خوشحال آدمی تھا۔ یکایک اس پر مذہبی جذبہ طاری ہوا اور وہ اپنے 8 سال کے اکلوتے بیٹے کو لے کر ایک خانقاہ میں جا پہنچا۔ وہاں اس کی روحانی ترقی کے لیے ضروری تھا کہ وہ بیٹے کی محبت دل سے نکال دے ۔ اس لیے پہلے تو بیٹے کو اس سے جدا کر دیا گیا۔ پھر اس کی آنکھوں کے سامنے ایک مدت تک طرح طرح کی سختیاں اس معصوم بچے پر کی جاتی رہیں اور وہ سب کچھ دیکھتا رہا۔ پھر خانقاہ کے شیخ نے اسے حکم دیا کہ اسے لے جا کر اپنے ہاتھ سے دریا میں پھینک دے ۔ جب وہ اس حکم کی تعمیل کے لیے بھی تیار ہو گیا تو عین اس وقت راہبوں نے بچے کی جان بچائی جب وہ اسے دریا میں پھینکنے لگا تھا۔ اس کو تسلیم کر لیا گیا کہ وہ واقعی مرتبہ ولایت کو پہنچ گیا ہے ۔

مسیحی رہبانیت کا نقطہ نظر ان معاملات میں یہ تھا کہ جو شخص خدا کی محبت چاہتا ہو اسے انسانی محبت کی وہ ساری زنجیریں کاٹ دینی چاہییں جو دنیا میں اس کو اپنے والدین، بھائی بہنوں اور بال بچوں کے ساتھ باندھتی ہیں ۔ سینٹ جیروم کہتا ہے کہ ''اگر چہ تیرا بھتیجا تیرے گلے میں باہنیں ڈال کر تجھ سے لپٹے، اگر چہ تیری ماں اپنے دودھ کا واسطہ دے کر تجھے روکے، اگر چہ تیرا باپ تجھے روکنے کے لیے تیرے آگے لیٹ جائے، پھر بھی تو سب کو چھوڑ کر اور باپ کے جسم کو روند کر ایک آنسو بہائے بغیر صلیب کے جھنڈے کی طرف دوڑ جا۔ اس معاملہ میں بے رحمی ہی تقویٰ ہے ۔'' سینٹ گریگوری لکھتا ہے کہ '' ایک نوجوان راہب ماں باپ کی محبت دل سے نہ نکال سکا اور ایک رات چپکے سے بھاگ کر ان سے مل آیا۔ خدا نے اس قصور کی سزا اسے

یہ دی کہ خانقاہ واپس پہنچتے ہی وہ مرگیا۔ اس کی لاش زمین میں دفن کی گئی تو زمین نے اسے قبول نہ کیا۔ بار بار قبر میں ڈالا جاتا اور زمین اسے نکال کر پھینک دیتی۔ آخر کار اینٹ بینیڈکٹ نے اس کے سینے پر تبرک رکھا تب قبر نے اسے قبول کیا''۔ ایک راہبہ کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ مرنے کے بعد تین دن عذاب میں اس لیے مبتلا رہی کہ وہ اپنی ماں کی محبت دل سے نہ نکال سکی تھی۔ ایک ولی کی تعریف میں لکھا ہے کہ اس نے کبھی اپنے رشتہ داروں کے سوا کسی کے ساتھ بے دردی نہیں برتی۔

(5) اپنے قریب ترین رشتہ داروں کے ساتھ بے رحمی، سنگدلی اور قساوت برتنے کی جو مشق یہ لوگ کرتے تھے اس کی وجہ سے ان کی انسانی جذبات مر جاتے تھے اور اسی کا نتیجہ تھا کہ جن لوگوں سے انہیں مذہبی اختلاف ہوتا تھا ان کے مقابلے میں یہ ظلم و ستم کی انتہا کر دیتے تھے۔ چوتھی صدی تک پہنچتے پہنچتے مسیحیت میں 80۔ 90 فرقے پیدا ہو چکے تھے۔ سینٹ آگسٹائن نے اپنے زمانے میں 88 فرقے گنائے ہیں۔ یہ فرقے ایک دوسرے کے خلاف سخت نفرت رکھتے تھے۔ اس نفرت کی آگ کو بھڑکانے والے بھی راہب ہی تھے اور اس آگ میں مخالف گروہوں کو جلا کر خاک کر دینے کی کوششوں میں بھی راہب ہی پیش پیش ہوتے تھے۔ اسکندریہ اس فرقہ وارانہ کشمکش کا ایک بڑا اکھاڑا تھا۔ وہاں پہلے ایرین (Arian) فرقے کے بشپ نے اتھاناسیوس کی پارٹی پر حملہ کیا، اس کی خانقاہوں سے کنواری راہبات پکڑ پکڑ نکالی گئیں، ان کو ننگا کر کے خاردار شاخوں سے پٹیا گیا اور ان کے جسم پر داغ لگائے گئے تاکہ وہ اپنے عقیدے سے توبہ کریں۔ پھر جب مصر میں کیتھولک گروہ کو غلبہ حاصل ہوا تو اس نے ایرین فرقے کے خلاف یہی سب کچھ کیا، حتیٰ کہ غالب خیال یہ ہے کہ خود ایریس (Arius) کو بھی زہر دے کر مار دیا گیا۔ اسی اسکندریہ میں ایک مرتبہ سینٹ سائرل (St_ Cyril) کے مرید راہبوں نے ہنگامہ عظیم برپا کیا، یہاں تک کہ مخالف فرقے کی ایک راہبہ کو پکڑ کر اپنے کلیسا میں لے گئے، اسے قتل کیا، اس کی لاش کی بوٹی بوٹی نوچ ڈالی اور پھر اسے آگ میں جھونک دیا۔ روم کا حال بھی اس سے کچھ مختلف نہ تھا۔ 366ء میں پوپ لبیریس (Liberius) کی وفات پر دو گروہوں نے پاپائی کے لیے اپنے اپنے امیدوار کھڑے کیے۔ دونوں کے درمیان سخت خونریزی ہوئی۔ حتیٰ کہ ایک دن میں صرف ایک چرچ سے 137 لاشیں نکالی گئیں۔

(6) اس ترک و تجرید اور فقر و درویشی کے ساتھ دولت دنیا سمیٹنے میں بھی کمی نہ کی گئی۔ پانچویں صدی کے آغاز ہی میں حالت یہ ہو چکی تھی کہ روم کا بشپ بادشاہوں کی طرح اپنے محل میں رہتا تھا اور اس کی سواری جب شہر میں نکلتی تھی تو اس کے ٹھاٹھ باٹھ قیصر کی سواری سے کم نہ ہوتے تھے۔ سینٹ جیروم اپنے زمانے (چوتھی صدی کے آخری دور) میں شکایت کرتا ہے کہ بہت سے بشپوں کی دعوتیں اپنی شان میں گورنروں کی دعوتوں کو شرماتی ہیں۔ خانقاہوں اور کنیسوں کی طرف دولت کا یہ بہاؤ ساتویں صدی (نزول قرآن کے زمانے )تک پہنچتے پہنچتے سیلاب کی شکل اختیار کر چکا تھا۔ یہ بات عوام کے ذہن نشین کرادی گئی تھی کہ جس کسی سے کوئی گناہ عظیم سرزد ہو جائے اس کی بخشش کسی نہ کسی ولی کی درگاہ پر نذرانہ چڑھانے، یا کسی خانقاہ یا چرچ کو بھینٹ دینے ہی سے ہو سکتی ہے۔ اس کے بعد وہی دنیا راہبوں کے قدموں میں آرہی جس سے فرار ان کا طرہ امتیاز تھا۔ خاص طور پر جو چیز اس تنزل کی موجب ہوئی وہ یہ تھی کہ راہبوں کی غیر معمولی ریاضتیں اور ان کی نفس کشی کے کمالات دیکھ کر جب عوام میں ان کے لیے بے پناہ عقیدت پیدا ہو گئی تو بہت سے دنیا پرست لوگ لباس درویشی پہن کر راہبوں کے گروہ میں داخل ہو گئے اور انہوں نے ترک دنیا کے بھیس میں جلب دنیا کا کاروبار ایسا چمکایا کہ بڑے بڑے طالبین دنیا ان سے مات کھا گئے۔

(7) عفت کے معاملہ میں بھی فطرت سے لڑ کر رہبانیت نے بارہا شکست کھائی اور جب شکست کھائی تو بری طرح کھائی۔ خانقاہوں میں نفس کشی کی کچھ مشقیں ایسی بھی تھیں جن میں راہب اور راہبات مل کر ایک ہی جگہ رہتے تھے اور بسا اوقات ذرا زیادہ مشق کرنے کے لیے ایک ہی بستر پر رات گزارتے تھے۔ مشہور راہب سینٹ ایواگریس (St_ Evagrius) بڑی تعریف کے ساتھ فلسطین کے ان راہبوں کے ضبط نفس کا ذکر کرتا ہے جو "اپنے جذبات پر اتنا قابو پا گئے تھے کہ عورتوں کے ساتھ یک جا غسل کرتے تھے اور ان کی دید سے، ان کے لمس سے، حتیٰ کہ ان کے ساتھ ہم آغوشی سے بھی ان کے اوپر فطرت غلبہ نہ پاتی تھی،" غسل اگرچہ رہبانیت میں سخت ناپسندیدہ تھا مگر نفس کشی کی مشق کے لیے اس طرح کے غسل بھی کر لیے جاتے تھے۔ آخر کار اسی فلسطین کے متعلق نیسا (Nyssa) کا سینٹ گریگوری متوفی 396ء لکھتا ہے کہ وہ بدکرداری کا اڈا بن گیا ہے۔ انسانی فطرت کبھی ان لوگوں سے انتقام لیے بغیر نہیں رہتی جو

اس سے جنگ کریں ۔ رہبانیت اس سے لڑ کر بالآخر بد اخلاقی کے جس گڑھے میں جا گری اس کی داستان آٹھویں صدی سے گیارہویں صدی عیسوی تک کی مذہبی تاریخ کا بدنما ترین داغ ہے ۔ دسویں صدی کا ایک اطالوی بشپ لکھتا ہے کہ "اگر چرچ میں مذہبی خدمات انجام دینے والوں کے خلاف بد چلنی کی سزائیں نافذ کرنے کا قانون عملاً جاری کر دیا جائے تو لڑکوں کے سوا کوئی سزا سے نہ بچ سکے گا، اور اگر حرامی بچوں کو بھی مذہبی خدمات سے الگ کر دینے کا قاعدہ نافذ کیا جائے تو شاید چرچ کے خادموں میں کوئی لڑکا تک باقی نہ رہے"۔ قرون متوسطہ کے مصنفین کی کتابیں ان شکایتوں سے بھری ہوئی ہیں کہ راہبات کی خانقاہیں بد اخلاقی کے چکلے بن گئی ہیں، ان کی چار دیواریوں میں نوزائیدہ بچوں کا قتل عام ہو رہا ہے، پادریوں اور چرچ کے مذہبی کارکنوں میں محرمات تک سے ناجائز تعلقات اور خانقاہوں میں خلاف وضع فطری جرائم تک پھیل گئے ہیں، اور کلیساؤں میں اعتراف گناہ (Confession) کی رسم بد کرداری کا ذریعہ بن کر رہ گئی ہے ۔ ان تفصیلات سے صحیح طور پر اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ قرآن مجید یہاں رہبانیت کی بدعت ایجاد کرنے اور پھر اس کا حق ادا نہ کرنے کا ذکر کر کے مسیحیت کے کس بگاڑ کی طرف اشارہ کر رہا ہے ۔

| | | |
|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوۡا بِرَسُوۡلِهٖ يُؤۡتِكُمۡ كِفۡلَيۡنِ مِنۡ رَّحۡمَتِهٖ وَيَجۡعَلۡ لَّكُمۡ نُوۡرًا تَمۡشُوۡنَ بِهٖ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۚۙ ﴿۲۸﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ڈرو اللہ سے اور ایمان لاؤ اسکے رسول پر عطا فرمائے گا وہ تمہیں دگنا اجر اپنی رحمت سے اور دے گا تمہیں نور چلو گے تم جس میں اور بخش دے گا تمکو اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔ | **28. O those who believed, fear Allah and believe in His Messenger, *55 He will grant you twofold of His mercy, and He will appoint for you a light you will walk by which, *56 and He will forgive you. *57 And Allah is All Forgiving, All Merciful.** |

***55** The commentators differ in the explanation of this verse, One group says that the address here is directed to the people who believed in the Prophet Jesus (peace be upon him). It is being said to them: Believe in the Prophet Muhammad (peace be upon him) now; for this you will be given a double reward, one reward for believing in the Prophet Jesus (peace be upon him) and the other reward for believing in the Prophet Muhammad (peace be upon him). The second group says that the followers of the Prophet Muhammad (peace be upon him) are being addressed. They are being admonished to the effect: Do not rest content with your verbal affirmation of the faith only, but you should believe sincerely and truly. For this you will be given a double reward: one reward for giving up disbelief and turning to Islam, and the second reward for believing sincerely in Islam and remaining steadfast to it. The first commentary is supported by verses 52-54 of Surah Al-Qasas, and furthermore by the tradition reported by Abu Musa al-Ashari, according to which the Prophet (peace be upon him) said: There are three men who will get a double reward, one of them is a person from among the followers of the earlier Books who believed in this earlier Prophet and then believed in the Prophet Muhammad (peace be upon him). (Bukhari Muslim). The second commentary is supported by verse 37 of Surah Saba, which says that the righteous believers will have a double reward. From the point of view of argument both the commentaries are equally weighty. However, considering the theme that follows, one feels that the second commentary is more in

keeping with the context here; and in fact the whole theme of this Surah, from beginning to end, supports this very commentary. From the beginning of this Surah the addressees are the people who had entered Islam after affirming the Prophethood of the Prophet (peace be upon him) and it is they whom the Surah invites to believe sincerely and truly and not merely verbally with the tongue.

55*اس آیت کی تفسیر میں مفسرین کے درمیان اختلاف ہے ۔ ایک گروہ کہتا ہے کہ یہاں یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ، کا خطاب ان لوگوں سے ہے جو حضرت عیسیٰؑ پر ایمان لائے ہوئے تھے ۔ ان سے فرمایا جا رہا ہے کہ اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاؤ، تمہیں اس پر دہرا اجر ملے گا، ایک اجر ایمان بر عیسیٰؑ کا اور دوسرا اجر ایمان بر محمدؐ کا۔ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ یہ خطاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے والوں سے ہے ۔ ان سے ارشاد ہو رہا ہے کہ تم محض زبان سے آپ کی نبوت کا اقرار کر کے نہ رہ جاؤ، بلکہ صدق دل سے ایمان لاؤ اور ایمان لانے کا حق ادا کرو۔ اس پر تمہیں دہرا اجر ملے گا۔ ایک اجر کفر سے اسلام کی طرف آنے کا، اور دوسرا اجر اسلام میں اخلاص اختیار کرنے اور اس پر ثابت قدم رہنے کا۔ پہلی تفسیر کی تائید سورہ قصص کی آیات 52 تا 54 کرتی ہیں اور مزید برآں اس کی تائید حضرت ابو موسیٰ اشعری کی یہ روایت بھی کرتی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تین آدمی ہیں جن کے لیے دہرا اجر ہے ۔ ان میں سے ایک ہے رجل مّن اھل الکتاب اٰمن بنبیہ و اٰمن بمحمد، "اہل کتاب میں سے وہ شخص جو اپنے سابق نبی پر ایمان رکھتا تھا اور پھر محمد(صلی اللہ علیہ وسلم) پر بھی ایمان لے آیا" (بخاری و مسلم)۔ دوسری تفسیر کی تائید سورہ سبا کی آیت 37 کرتی ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ مومنین صالحین کے لیے دوگنا اجر ہے ۔ دلیل کے اعتبار سے دونوں تفسیروں کا وزن مساوی ہے ۔ لیکن آگے کے مضمون پر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ دوسری تفسیر ہی اس مقام سے زیادہ مناسبت رکھتی ہے ، بلکہ درحقیقت اس سورت کا پورا مضمون از اول تا آخر اسی تفسیر کی

تائید کرتا ہے ۔ شروع سے اس سورت کے مخاطب وہی لوگ ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی رسالت کا اقرار کر کے داخل اسلام ہوئے تھے ، اور پوری سورت میں انہی کو یہ دعوت دی گئی ہے کہ وہ محض زبان کے مومن نہ بنیں بلکہ اخلاص کے ساتھ سچے دل سے ایمان لائیں ۔

***56 That is, He will bless you with such a light of knowledge and vision in the world by which you will be able clearly distinguish at every step the straight way of Islam from the crooked paths of ignorance in different matters of life, and in the Hereafter He will grant you the light that has been mentioned in verse 12 above.**

*56یعنی دنیا میں علم و بصیرت کا وہ نور عطا فرمائے گا جس کی روشنی میں تم کو قدم قدم پر صاف نظر آتا رہے گا کہ زندگی کے مختلف معاملات میں جاہلیت کی ٹیڑھی راہوں کے درمیان اسلام کی سیدھی راہ کونسی ہے ۔ اور آخرت میں وہ نور بخشے گا جس کا ذکر آیت 12 میں گزر چکا ہے ۔

***57 That is, He will forgive you your errors that you may happen to commit due to human weaknesses in spite of your sincere efforts to fulfill the demands of the faith, and will also forgive those sins of yours that you had committed in the pre-Islamic days of ignorance.**

*57یعنی ایمان کے تقاضے پورے کرنے کی مخلصانہ کوشش کے باوجود بشری کمزوریوں کی بنا پر جو قصور بھی تم سے سرزد ہو جائیں ان سے درگزر فرمائے گا، اور وہ قصور بھی معاف کرے گا جو ایمان لانے سے پہلے جاہلیت کی حالت میں تم سے سرزد ہوئے تھے ۔

| | | |
|---|---|---|
| **29. So that may know the people of the Scripture that they do not have power on** | تاکہ جان لیں اہل کتاب کہ نہیں رکھتے قدرت کسی چیز میں اللہ کے فضل پر ۔ اور یہ کہ فضل اللہ ہی | لِّئَلَّا يَعۡلَمَ اَهۡلُ الۡكِتٰبِ اَلَّا يَقۡدِرُوۡنَ عَلٰى شَىۡءٍ مِّنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ وَ اَنَّ الۡفَضۡلَ |

| | | |
|---|---|---|
| **anything over the bounty of Allah, and that the bounty is in the hand of Allah, which He bestows to whomever He wills, And Allah is of infinite bounty.** | کے ہاتھ میں ہے جو وہ دیتا ہے جسکو وہ چاہتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ | بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝٢٩ |